نئی صلیبی جنگ کی حقیقت

مصنف : الشیخ یوسف العییری رحمہ اللہ

میری تمنا ہے کہ اسے شائع کیا جائے اور انگریزی میں ترجمہ کر کے امریکی کانگریس کے آفس میں رکھا جائے۔

Website: http://www.muwahideen.co.nr

Email: help@tawhed.webege.com

مسلم ورلڈ ڈیٹا پروسیسنگ پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نئی صلیبی جنگ کی حقیقت

مصنف: الشیخ یوسف العُییری رحمہ اللہ

دوسرا ایڈیشن: مع اضافہ و تصحیح

رجب: ۱۴۲۲ھ

میری تمنّا ہے کہ اسے شائع کیا جائے اور انگریزی میں ترجمہ کر کے امریکی کانگریس کے آفس میں رکھا جائے۔

اسلامی لائبریری

مسلم ورلڈ ڈیٹا پروسیسنگ پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیش لفظ

نائن الیون کا واقعہ جب رونما ہوا اور اس کے اثرات نے پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لینا شروع کیا تو امریکہ اور اس کے حواریوں کی ترجمانی کرنے کے لیے ذرائع ابلاغ سے لیکر درباری علماء تک سب موجود تھے، مگر اسلام کی ترجمانی کرنے والا اور اس واقعہ کا منصفانہ جائزہ لینے والا کوئی بھی کہیں دکھائی نہیں دے رہا تھا۔ ہر کوئی اپنی حکومت اور مفادات کی زبان بولتے ہوئے امریکہ اور اپنی حکومت کی چاپلوسی کرنے میں لگے ہوئے تھے اور نام نہاد علماء بھی ان کی خواہشات کے مطابق فتاوی جاری کر رہے تھے۔ ان حالات کو دیکھتے ہوئے جزیرۂ عرب کے عالم دین شیخ یوسف العییری رحمہ اللہ نے اس واقعہ کی اسلامی شرعی حیثیت سے مصنفانہ تحقیقی جائزہ لینے اور تمام شبہات اور پروپیگنڈوں کا خوش اسلوبی سے قرآن وسنت کی روشنی میں رد کرنے کے لیے اس کتاب کو نائن الیون کے واقعہ کے فورا بعد لکھنا شروع کیا اور صرف دو ہفتے کے کم ترین عرصہ میں اسے لکھ کر نشر کیا۔

اس کتاب کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ اس کے مولف نے نائن الیون کے تمام پہلوؤں اور مفروضوں کو مد نظر رکھتے ہوئے ان کے بارے میں ایسی دوررس روشنی ڈالی ہے کہ آج تک عصر حاضر کے بڑے سے بڑے علماء اور تجزیہ نگار بھی نائن الیون کے اس واقعہ کے بارے میں یہ بصیرت اور مصنفانہ دانشمندی پر مبنی موقف نہیں رکھتے ہیں۔ اس کتاب کی افادیت کا اندازہ اس بات سے بھی لگایا جاسکتا ہے کہ اس میں اسلام کی رو سے ان مسائل کو اجاگر کیا گیا جنہیں آج کے بڑے سے بڑے علماء بھی ذکر کرنے سے کتراتے ہیں اور ان کے بارے میں انہیں کچھ علم نہیں ہے۔ یہ کتاب کسی بھی واقعہ اور حالات کا اسلامی رو سے جائزہ لینے کے اصول و قواعد پر مشتمل بھی ہے اور اسی وجہ سے یہ کتاب آج

بھی باطل تنظیموں اور درباری علماء کے رد کے لیے بہت مفید ہے اور ان کے منہج و موقف کو غلط ثابت کرنے کے لیے اب بھی شمشیر بے نیام ہے۔

اس قدر کم وقت میں شیخ یوسف العییری رحمہ اللہ نے یہ کتاب تحریر کر کے امت مسلمہ پر بہت بڑا احسان کیا ہے اور اس کتاب کی مقبولیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ اس کتاب کے منظر عام پر آنے کے بعد شیخ اسامہ بن لادن رحمہ اللہ نے اپنے ایک بیان میں اس کتاب کی تعریف کی اور اسے عصر حاضر کے شبہات اور پروپیگنڈوں میں اسلامی موقف پہچاننے کی ایک بہترین کتاب قرار دیا اور اسے پڑھنے کا مشورہ دیا۔

اس قدر اہمیت کی حامل کتاب کا اردو ترجمہ جہادی میڈیا کے ایک بھائی ابو عمر رحمہ اللہ کی دلی مراد تھی اور آج الحمدللہ مختلف جہادی میڈیا کے اداروں نے ان کی اس ادھوری کاوش کو پایہ تکمیل تک پہنچایا ہے۔

اللہ تعالی سے دعا ہے کہ وہ اس کتاب کے مصنف شیخ یوسف العییری رحمہ اللہ اور بھائی ابو عمر رحمہ اللہ کو جنت الفردوس میں اعلی مقام نصیب فرمائے اور ان کے درجات کو بلند فرمائے۔ آمین

فہرست

دوسرے ایڈیشن کا مقدمہ

الحمدللہ والصلاۃ والسلام علی رسول اللہ وعلی آلہ وصحبہ اجمعین وبعد:

پہلے ایڈیشن کو آٹھ دن کے مختصر عرصے میں نکالنے کی وجہ سے کتاب کے مواد پر پڑنے والا منفی اثر یہ ہے کہ ایک تو اس میں کئی خامیاں رہ گئیں دوسرا مواد بھی کم تھا اس لیے میں نے چاہا کہ اس کا دوسرا ایڈیشن شائع کروں کہ جس میں سابقہ خامیوں اور کمی کا ازالہ کردوں۔ اس یقین کے ساتھ کہ انسانی کوشش ناقص ہی ہوتی ہے جبکہ کمال تو صرف اللہ تعالیٰ کی ذات کو حاصل ہے۔

میں نے دوسرے ایڈیشن میں بہت سے موضوعات کا اضافہ کیا جن میں سے اہم یہ ہیں۔

۱۔ میں نے اس کتاب کا ہدیہ تبریک اُس شخصیت کے نام لکھا ہے کہ جس کا میں خود پر حق سمجھتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ ان پر رحم فرمائے۔

۲۔ ڈاکٹر محمد عباس کا مقالہ کتاب کے مقدمے میں پیش کیا ہے جس میں انہوں نے بعض امریکی جرائم سے پردہ اٹھایا ہے۔

۳۔ اس کتاب کا خلاصہ لکھا ہے اور کفار کے معصوم لوگوں کا قتل کن حالات میں جائز ہے اس بات کے چند دلائل دیئے ہیں

۴۔ (ان حملوں کے نتیجے میں حاصل ہونے والے عالمی مادی نقصانات) کے عنوان سے ایک فصل کا اضافہ کیا ہے۔

۵۔ (کفار کی مدد کا (حقیقی) مطلب جس سے اہل علم وفضل غافل ہوگئے) کے عنوان کے تحت علماء کے اقوال کا اضافہ کیا ہے جن میں انہوں نے کفار کی مدد کرنے سے روکا ہے۔

۶۔ (کفار کی مدد کرنے کا مطلب۔۔۔)اس فصل میں کفار کے ساتھ تعاون کرنے کو کفر نہ کہنے والے کو جواب دیا ہے کہ حاطب رضی اللہ عنہ کی حدیث اسکی دلیل نہیں بنتی۔

۷۔ فصل(اللہ کے دین کے سپاہیوں سوار ہو جاؤ)میں صلیبی قیادت کے جاری کردہ بعض بیانات کا اضافہ کیاہے جن میں وہ اسلام اور اسلامی طرز زندگی کے خلاف جنگ کی دعوت دیتے ہیں۔

۸۔ باب(دور حاضر کے مسلمانوں پر جہاد کا شرعی حکم) کے تحت منہج پر نظر ثانی کی دعوت دی ہے۔

۹۔ امیر المؤمنین ملا محمد عمر مجاہد حفظہ اللہ کا ایک خطاب نقل کیاہے جس میں وہ پوری دنیا کے مسلمانوں اور علماء سے مدد مانگ رہے ہیں۔

۱۰۔ کتاب کی نئی ترتیب میں بعض نصوص کو مقدم اور بعض کو مؤخر کیاہے، مجمل عبارتوں کی وضاحت کی ہے اور طباعت یا کمپوزنگ یا گرامر کی جو غلطیاں مجھے مل سکیں انہیں درست کیاہے۔

اللہ تعالیٰ سے میری دعاہے کہ وہ ہمارے اس کام کو اپنی رضا کے حصول کا ذریعہ بنادے اور اس میں کسی طرح کی کوئی کمی نہ رہنے دے اور جو کچھ ہم نے لکھا اسے ہمارے لیے مفید بنائے اور اسے ہمارے حق میں حجّت بنائے نہ کہ ہمارے خلاف بلاشبہ وہ ایسا کرنے پر غالب اور قادر ہے۔

مؤلف: یوسف العییری

انتساب

---۔ فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر عبد اللہ بن یوسف عزام شہید کے نام۔

---۔ میدان جہاد کے مجدّد زمان (یعنی شیخ اسامہ) کے نام۔

---۔ اُس عالم با عمل کے نام جس نے اپنے عمل سے دین کے بنیادی عقائد کی ترجمانی کی اور دین سے اپنی محبت کو اپنے خون سے اجاگر کیا۔

---۔ اس عالم کے نام کہ جس نے دور حاضر میں بہادری و شجاعت اور قربانی کی اعلیٰ ترین مثالیں قائم کیں

---۔ اُس عالم کے نام کہ جس نے اپنی پوری زندگی اپنے قدموں کو اللہ کی راہ میں غبار آلود رکھا۔

---۔ اُس عالم کے نام کہ دنیا جس کے در پر آئی تو اُس نے جہاد کی خاطر اُس سے منہ پھیر لیا

---۔ اُس عالم کے نام کہ جس نے اپنی زندگی اُمّت کی عزت کے لیے وقف کر دی اور اس کی موت اِس اُمت کی حیات بن گئی

---۔ اُس عالم کے نام جسے جہادی میدان ایک بہادر کے نام سے جانتے تھے اور جہادی میدان اس کی آواز سے پہچانے گئے

---۔ اس بے مثال شخصیت کے نام جسکی بازگشت ابھی تک دلوں میں گونج رہی ہے اور جذبات کو ابھارتی اور طاقتوں کو نبرد آزما ہونے کی ترغیب دیتی ہے

۔۔۔ اُس بہادر اور شیر کے نام کہ جس نے کسی چیز کی پرواہ نہ کی جو لڑکپن میں معرکوں میں شریک ہوا، انہیں میں جوان ہوا اور پھر بڑھاپے میں ایک عالم بن کر ان (معرکوں) کی قیادت کی۔

۔۔۔ اس عالم کے نام کہ جس کے قتل سے دل غمگین ہوا جبکہ دشمن اُس کے قتل سے خوش ہوا، جو اکیلا تمام دشمنوں پر عذاب تھا۔

۔۔۔ اُن تمام لوگوں کے نام کہ جو اس شخص کی قیادت میں اکٹھے ہو گئے

میں اس کتاب کو ان سب کے نام منسوب کرتا ہوں۔

کتاب کا خلاصہ

الحمدللہ والصلاۃ والسلام علی رسول اللہ وعلی آلہ وصحبہ اجمعین۔ وبعد

جب حق کی تلاش، دلیل ڈھونڈنے، پھر دلیل سے استدلال کر کے علم حاصل کرنے اور مطالعہ کرنے سے ہمتیں عاجز آگئیں تو حق کو بیان کرنے اور اُسکا پرچار کرنے کا کام کمزور پڑ گیا۔

چونکہ آج لوگ اپنی دلیلوں میں کمزور ہیں اور مسائل واحکام کو صرف سرسری طور پر ہی جانتے ہیں۔

اس صورتحال کو دیکھ کر میں نے اس کتاب کا خلاصہ لکھنے کا فیصلہ کیا کیونکہ دنیا کا اصول ہے کہ اگر سب نہ مل سکے تو زیادہ سے زیادہ حاصل کرلینا چاہیئے۔

مجھے اندیشہ تھا کہ اس کتاب کی طوالت سے گھبرا کر کچھ لوگ اسے بالکل بھی نہ پڑھیں اور خیر کثیر سے محروم رہ جائیں چنانچہ شروع میں ہی خلاصہ لکھ کر میں نے کتاب کو اس طبقے سے قریب کرنے کی کوشش کی ہے تاکہ کتاب میں موجود مواد کی وضاحت ہو جائے، اور جو مزید کا طالب ہو اسے مکمل کتاب پڑھنی چاہیئے تاکہ اس میں موجود مواد کو سمجھ سکے اور توفیق دینے والا تو اللہ ہی ہے۔

امریکہ میں موجود کفار کی عورتوں اور بچوں کے قتل کے جواز کے اصول وضوابط کی وضاحت سے قبل ایک اوراہم مسئلے کی وضاحت ضروری ہے وہ یہ کہ امریکہ دارالحرب (یعنی اسلام اور مسلمانوں کی جان، مال، عزت پر حملہ آور ملک) ہے یا دارالامان (یعنی جس ملک کے ساتھ مسلمانوں کا معاہدہ ہو)؟

راجح قول کے مطابق امریکہ نہ تو آج دارالامان ہے نہ پہلے کبھی تھا اور اگر ہم اپنے مخالف کی بات تسلیم کرتے ہوئے یہ فرض کرلیں کہ وہ دارالامان (یعنی جس ملک کے ساتھ مسلمانوں کا معاہدہ ہو) ہے تو ہم کہیں گے کہ اس نے نصف صدی سے بھی پہلے یہودیوں کے فلسطین پر قبضہ کرانے اور اس کے

اصلی باشندوں کو وہاں سے نکال کر دربدر کر دینے میں (یہویوں کی) مدد کر کے اپنے اس معاہدے کو توڑڈالا تھااسطرح وہ دوبارہ دار الحرب (یعنی اسلام اور مسلمانوں کی جان ،مال،عزت پر حملہ آور ملک) بن گیا۔

علاوہ ازیں وہ اپنے عہد کو توڑ کر اُس وقت بھی دارالحرب بن گیا تھا جب اس نے عراق، سوڈان اور افغانستان پر پابندیاں لگائیں اور ان پر حملہ کیا اور مسلمانوں پر چڑھ دوڑا۔

لہٰذا اس بات پر (تمام مسلمانوں کا) اتفاق ہے کہ امریکا دارالحرب ہے اور دارالحرب کو ہر قسم کا نقصان پہنچانا مسلمانوں کے لیے جائز ہے اس میں رہنے والوں کی جان، مال اور عزتیں مسلمانوں کے لیے حلال ہیں جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے محارب (جنگجو / حملہ آور) قوموں کے ساتھ ایسا ہی کیا:

ان کی عوام کو اغواء کیا جیسا کہ بنی عقیل کے ساتھ کیا

ان کے تجارتی قافلے پر حملہ کیا جیسا کہ قریش کے ساتھ کیا

ان کے سرداروں کے قلعوں پر قاتلانہ حملے کیے جیسا کہ کعب بن اشرف یہودی اور سلمہ بن ابی الحقیق یہودی کے ساتھ کیا

ان کی زمینوں کو جلا دیا جیسا کہ بنی نضیر کے ساتھ کیا

ان کے قلعوں کو (ان پر سنگباری کر کے) گرایا جیسا کہ طائف میں کیا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اسطرح کے اور بہت سے افعال۔

رہی بات امریکا میں منگل مبارک کے دن ہونے والی کاروائیوں (یعنی ۱۱ ستمبر کے حملوں) کی تو جو شخص ان کاروائیوں یا انہیں سرانجام دینے والوں کی مذمت کرنا چاہتا ہے تو ہمارے خیال میں اسے انتظار کرنا چاہیئے کیونکہ ابھی تک کسی دلیل سے یہ ثابت نہیں ہوا کہ ان کے کرنے والے مسلمان ہیں۔

رہا صلیبی حکومت کا اعلان کہ یہ کاروائیاں مسلمانوں نے کی ہیں تو یاد رکھیں کہ انکی جاری کردہ تحقیقات ''کتاب و سنت'' کے مطابق نہیں ہیں لہٰذا شرعی طور پر یہ جائز نہیں کہ ان (تحقیقات) کی بنیاد پر کوئی شرعی حکم لگایا جائے۔

چنانچہ ہمارا مطالبہ کہ انتظار کریں اور ان تحقیقات کی بنیاد پر کسی شخص پر کوئی (شرعی) حکم لگانے میں جلد بازی مت کریں بالکل بجا ہے۔

اور سب کو یہ جان لینا چاہیئے کہ مسلمانوں کی جان، مال اور عزتوں میں اصل حرمت ہے اور یہ کسی شرعی جواز مثلاً قصاص یا ارتداد یا حد کے بغیر حلال نہیں ہو سکتیں۔ اسی طرح کفار کی جان مال اور عزتوں میں اصل حلت ہے اور یہ کسی عہد یا ذمے یا اَمان کے بغیر حرام نہیں ہوتیں۔

رہا حربی (جنگجو) تو اس کی جان، مال اور عزت میں اصل حلت ہے البتہ ان کی عورتیں، بچے، بوڑھے، مزدور اور جو لڑ نہیں سکتے اس شرعی حکم سے خارج ہیں کیونکہ ان کے مستثنٰی ہونے کے دلائل موجود ہیں۔

چنانچہ امریکا میں ہونے والی کاروائیاں اگر مسلمانوں کی ہیں تو یہ شرعی طور پر جائز ہیں کیونکہ یہ محارب (جنگجو) ملک کے خلاف ہیں اور اس میں رہنے والے بھی حربی (جنگجو) ہیں۔

ممکن ہے کوئی کہے کہ ان کاروائیوں کے نتیجے میں بے گناہ (معصوم) عورتیں، بوڑھے اور بچے مارے گئے جبکہ ان کا قتل حرام ہے اگرچہ وہ حربیوں (حملہ آوروں) کے ہی ہوں جیسا کہ ابھی ذکر ہوا تو پھر یہ کاروائیاں شرعی طور پر کیسے جائز ہو سکتیں ہیں؟

ہم اس کے جواب میں کہتے ہیں کہ کفار کے بوڑھوں بچوں اور عورتوں کے قتل کی حرمت مطلق (عام) نہیں ہے بلکہ چند مخصوص حالات میں انہیں بھی قتل کرنا جائز ہے جبکہ وہ دارالحرب (جنگجو ملک) کے رہنے والے ہوں لیکن یہ حالات مخصوص واقعات کے نتیجے میں پیدا ہوتے ہیں۔

ہم مانتے ہیں کہ امریکا میں منگل کے روز ہونے والی کاروائیوں میں بے گناہ لوگ مارے گئے لیکن یہ لوگ اُن حالتوں میں مارے گئے جن میں انہیں قتل کرنا جائز ہوتا ہے جن حالات کا ذکر ہم ابھی کریں گے۔

اور اگر ہمارا مخالف فریق درج ذیل حالات میں سے کسی بھی ایک حالت کے متعلق یہ اقرار کر لے کہ اس حالت میں بے قصور افراد کا قتل جائز ہو جاتا ہے تو یہ کافی ہے پھر اس پر لازم ہو جائے گا کہ ان حملوں کو جائز قرار دے کیونکہ بے قصوروں کے قتل کے جائز ہونے کے لیے ان تمام حالات کا بیک وقت پایا جانا ضروری نہیں ہے بلکہ ان میں سے کسی بھی ایک حالت میں ایسا کرنا جائز ہو جاتا ہے۔ یہ حالات مندرجہ ذیل ہیں:

پہلی حالت: کفار کے ساتھ انہی جیسا برتاؤ کرنے کے لیے اُن کے معصوم (بے گناہ) لوگوں کو قتل کرنا مسلمانوں کے لیے جائز ہے۔

لہٰذا اگر کفار مسلمانوں کے بوڑھوں، بچوں اور عورتوں کو نشانہ بنائیں تو مسلمانوں کے لیے بھی جائز ہے کہ اُن کے ساتھ انہی کے جیسا معاملہ کریں اور جیسے انہوں نے قتل کیا اسی طرح اُن کے لوگوں کو بھی قتل کریں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

آیت:﴿فَمَنِ اعْتَدَىٰ عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوا عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدَىٰ عَلَيْكُمْ﴾(البقرۃ-194)

ترجمہ:"جو تم پر زیادتی کرے سو تم بھی اس پر اسی قدر زیادتی کرو جس قدر اس نے تم پر زیادتی کی ہو۔"

(نوٹ: ان حالات میں معصوموں کے قتل کے جواز کی بیان کردہ مختصر دلیلوں کی بنیاد پر قاری کوئی فیصلہ کرنے میں جلد بازی سے کام نہ لے کیونکہ ہر حالت کے تفصیلی دلائل اور ان پر علماء وفقہاء کی بحث تفصیل کتاب میں آرہی ہے۔)

دوسری حالت: مسلمان کفار پر اچانک حملہ کردیں اس صورت میں مسلمانوں کے لیے جائز ہے کہ وہ بے گناہ لوگوں کو قتل کردیں جبکہ انہیں لڑنے والوں سے علیحدہ کرنا ممکن نہ ہو لیکن انہیں قتل کرنے کا ارادہ نہیں کرنا چاہیئے جبکہ لڑنے والوں کو ارادتاً قتل کیا جاسکتا ہے۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرکین کے ان بچوں اور عورتوں کے بارے میں پوچھا گیا جو شب خون (یعنی اندھیرے میں اچانک حملے) کے دوران کام میں آجائیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: هم منهم "وہ انہی میں سے ہیں"۔

یہ حدیث دلیل ہے کہ کفار کے بچوں اور عورتوں کو شناخت نہ کرنے کی صورت میں انہیں ان کے باپوں کے ساتھ قتل کرنا جائز ہے جیسا کہ مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "وہ اپنے باپوں میں سے ہیں"۔

تیسری حالت: اگر یہ بے قصور لوگ دوران جنگ زبان یا عمل یا رائے کے ذریعے کفار کی مدد کریں تو مسلمانوں کے لیے انہیں قتل کرنا جائز ہوجائے گا۔ اسکی دلیل یہ ہے: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے "درید بن صمۃ" کو قتل کرنے کا حکم دیا کیونکہ وہ قبیلہ ہوازن کو اپنی رائے دینے کے لیے جارہا تھا حالانکہ اُس وقت اس کی عمر ایک سو بیس سال تھی۔ (واللہ اعلم)

چوتھی حالت: مسلمانوں کے لئے جائز ہے کہ وہ کفار کے بے گناہ لوگوں کو قتل کردیں جب (کفار کی) حکومت گرانے یا کوئی قلعہ فتح کرنے یا دشمن کی طاقت کمزور کرنے کی خاطر فصلوں یا قلعوں کو آگ

لگانے کی ضرورت پڑ جائے خواہ اس طرح کی کاروائی میں بے گناہ لوگ مارے جائیں جیسا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بنو نضیر (یہود کا ایک قبیلہ) کے ساتھ کیا۔

پانچویں حالت: مسلمانوں کا کفار کے بے گناہ لوگوں کو ایسی حالت میں بھی قتل کرنا جائز ہے کہ جب حربی (جنگجو / حملہ آور) دشمن پر بھاری اسلحہ سے گولہ باری کی ضرورت پڑ جائے کہ جس میں حربی اور معصوم کی تمیز نہیں ہو سکتی جیسا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے طائف میں کیا۔

چھٹی حالت: مسلمانوں کا کفار کے بے گناہ لوگوں کو ایسی حالت میں بھی قتل کرنا جائز ہے کہ جب دشمن اپنی عورتوں اور بچوں کا ڈھال کے طور پر استعمال کرے اوران جنگجوؤں تک ان ڈھالوں کو قتل کیے بغیر پہنچنا ممکن نہ ہو تو ایسی صورت میں مسلمانوں کے لیے انہیں قتل کرنا جائز ہو گا اس پر اجماع ہے۔

ساتویں حالت: مسلمانوں کا کفار کے بے گناہ لوگوں کو ایسی حالت میں بھی قتل کرنا جائز ہے کہ جب اُن میں سے معاہدہ کرنے والوں نے اپنا معاہدہ توڑ ڈالا ہو اور امام (امیر) انہیں سزا دینے کے لیے ان کے بے گناہوں کو قتل کرنے کو ضروری سمجھے جیسا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بنو قریظہ (یہود کا ایک قبیلہ) کے ساتھ کیا۔

کوئی کہہ سکتا ہے کہ ورلڈ ٹریڈ سینٹر یا اس جیسے دیگر واقعات میں مارے جانے والے بے قصور مسلمانوں کے قتل کا کیا جواز ہے؟ اس بات سے تو ہم اتفاق کرتے ہیں کہ کفار کے بے قصور مرنے والے گزشتہ حالات میں سے کسی ایک حالت کے تحت آ گئے ہوں گے لیکن وہاں کام کرنے والے مسلمانوں کو ہم ان حالات میں سے کس حالت کے تحت داخل کریں؟

اسکے جواب میں ہم کہیں گے کہ اس سوال کا جواب سات شکلوں میں ہے اور مخالف کا اسے (یعنی وہاں کام کرنے والے مسلمانوں کے قتل کو) جائز قرار دینے کے لیے ان سات میں سے کسی ایک شکل کا اعتراف کر لینا ہی کافی ہے۔

پہلی شکل: ابھی تک مرنے والوں میں مسلمانوں کا وجود ثابت نہیں ہوا جب ثابت ہو گا تو ہم اس کے بعد جواب دیں گے۔

دوسری شکل: اگر وہاں کام کرنے والا کوئی مسلمان تھا تو اُس کے وہاں کام کرنے کے (شرعی) جواز کا معلوم ہونا ضروری ہے اگر تو وہ جواز کسی طرح کی مجبوری ہے تو اس کا وہاں کام کرنا جائز تھا اور اگر وہ کوئی مجبوری نہیں تو اس کا جواب آئندہ کلام میں آئے گا۔(آگے جا کر مؤلف نے دونوں صورتوں کا جواب دیا ہے۔ مترجم)

تیسری شکل: غالب گمان یہی ہے کہ جن اہداف کو نشانہ بنایا گیا وہاں صرف کفار ہی تھے اور شرعی احکام تو غالب گمان پر ہی مبنی ہوتے ہیں۔

چوتھی شکل: امام شافعی اور احناف میں سے "جصاص" کی رائے ہے کہ جنگجوؤں کے علاقوں کو جلانا ، غرق کرنا اور منہدم کرنا جائز ہے خواہ وہاں مسلمان موجود ہوں جو ان کاروائیوں کے نتیجے میں مارے جاسکتے ہوں اس لیے کہ ایسے دارالحرب جہاں مسلمان رہ رہے ہوں پر حملے سے رُکنے کا مطلب جہاد کو معطل کرنا ہے۔

جصاص نے اس آیت:

﴿وَلَوْلَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُونَ وَنِسَاءٌ مُّؤْمِنَاتٌ لَّمْ تَعْلَمُوهُمْ أَن تَطَئُوهُمْ فَتُصِيبَكُم مِّنْهُم مَّعَرَّةٌ بِغَيْرِ عِلْمٍ لِّيُدْخِلَ اللَّهُ فِي رَحْمَتِهِ مَن يَشَاءُ لَوْ تَزَيَّلُوا لَعَذَّبْنَا الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا﴾

ترجمہ:" اگر (مکہ میں) ایسے مومن مرد و عورت موجود نہ ہوتے جنہیں تم نہیں جانتے، اور یہ خطرہ نہ ہوتا کہ نادانستگی میں تم انہیں پامال کر دو گے اور اس سے تم پر حرف آئے گا (تو جنگ نہ روکی جاتی بلکہ جنگ اسلئے روکی گئی) کہ اللہ اپنی رحمت میں جس کو چاہے

داخل کر لے وہ مومن (یعنی جو مکہ میں رہ رہے تھے اور جنہیں اللہ نے اپنی رحمت میں داخل فرمایا) الگ ہو گئے ہوتے تو (اہل مکہ میں سے) جو کافر تھے ان کو ہم ضرور سخت سزا دیتے۔"

کا جواب یہ دیا ہے کہ یہ آیت حرمت پر دلالت نہیں کرتی چنانچہ اس طرح کی کاروائیاں کرنے والے مسلمان کے لیے ایسا کرنا جائز ہے۔

پانچویں شکل: مذکورہ بالا آیت کے حکم کو مطلق اور عام کرنے سے حملہ آور ملکوں کے خلاف جہاد کا فریضہ معطل ہو جائے گا کیونکہ آج کوئی ایسا ملک نہیں جہاں مسلمانوں کی بڑی تعداد موجود نہ ہو جبکہ آج کل کی جنگیں تو بہت سے لوگوں کو قتل کرتی ہیں۔

لہٰذا اس آیت کے حکم کو عام رکھنا یا کسی دلیل کے بغیر مخصوص کرنا باطل ہے کیونکہ اس سے جہاد کا فریضہ معطل ہو جاتا ہے۔

چھٹی شکل: اگر ایسی کاروائی کرنے والا مسلمان ہو اور اُسے اس چیز کا علم بھی ہو (کہ اس جگہ کچھ مسلمان بھی ہیں) تو بھی اس پر زیادہ سے زیادہ یہ ہے کہ وہ مقتول کی آدھی دیت ادا کرے جیسا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے خثعم قبیلے کے ان مسلمانوں کے بارے میں یہی فیصلہ دیا تھا جو جنگجوؤں کے درمیان رہتے تھے اور انہی کی قوم سے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کی آدھی دیت بیت المال سے ادا کی مگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں قتل کرنے والے کو نہ کافر قرار دیا نہ ہی اس پر سختی کی نہ اس پر بددعا کی اور نہ اس کے فعل سے برأت کا علان کیا۔

ساتویں شکل: جو مسلمان کفار کی اعانت کرتا اور انہیں مسلسل قوت (رسد وغیرہ) پہنچاتا ہو اس کے ساتھ بھی دنیاوی احکام میں انہی (حربی کفار) جیسا سلوک کیا جائے گا۔ جبکہ اس کا اخروی احکام میں حکم یہ ہے کہ اُسے اُس کی نیت پر اٹھایا جائے گا جیسا کہ (صحیح بخاری وغیرہ کی حدیث کے مطابق) اللہ

تعالیٰ کعبہ پر حملہ آور لشکر کو زمین میں دھنسادے گا حالانکہ اُن میں ایسے لوگ بھی ہوں گے کہ جو در حقیقت اُن میں سے نہیں ہوں گے۔

جبکہ ہم جان چکے ہیں کہ شرعی نقطہ نگاہ سے یہ کارروائیاں جائز تھیں تو اب ہمیں اس شخص کارد کرنا چاہئے جو ان کارروائیوں کو مصالح ومفاسد (یعنی فوائد ونقصانات) کے پہلو سے حرام قرار دیتا ہے۔

یہ کہنا کہ "یہ کام یا وہ کام کرنے کا مفسدہ (نقصان) اس کے نہ کرنے کے مفسدے (نقصان) سے بڑا ہے یا اس کام کو نہ کرنے کی مصلحت (فائدہ) اس کے کرنے کی مصلحت (فائدے) سے بڑی ہے" یہ کوئی ایسا کھلا میدان نہیں کہ جو چاہے اس پر بات کرے یعنی جو علم رکھتا ہو وہ بھی اور جو نہ علم نہ رکھتا ہو وہ بھی ہر گز نہیں۔

بلکہ مصالح مرسلہ (عمومی مصلحتوں وفوائد) کے کچھ اُصول ہیں اور کسی کے لیے ان اصولوں کو جانے بغیر اس بارے میں بات کرنا جائز نہیں۔

مصالح مرسلہ (عمومی مصلحتیں وفوائد) قیاس کی ایک قسم ہیں اس طرح کہ قیاس کے ارکان میں سے ایک رکن علّت (سبب) ہے اور اس علت کے لیے (معلول کے ساتھ) کسی مناسبت (مشابہت وغیرہ) کا ہونا ضروری ہے جبکہ اس مناسبت کی چار قسمیں ہیں جن میں سے ایک مناسبت مرسلہ (عام مناسبت) ہے یہ ایسی علت ہے جو کسی نہ کسی شرعی دینی یا دنیاوی حکمت وفائدے پر مشتمل ہوتی ہے جبکہ شارع کی بیان کردہ کوئی بات اس علت کو باطل قرار نہ دیتی ہو۔قیاس کی اسی قسم کو مصالح مرسلہ (عمومی مصلحتیں) کہتے ہیں یہ مصالح اپنے اصولوں سے واضح ہوتے ہیں اور وہ اصول پانچ ہیں:

(۱) یہ کہ ان (مصالح) کا حصول ضروری ہو یعنی یہ ضروریات خمسہ (دین ، عقل ،جان ،مال ، عزت،) کی حفاظت کے لیے ہوں۔

(۲) یہ عام ہوں یعنی تمام مسلمانوں کے فائدے کے لیے ہوں۔

(۳) یہ مصالح قطعی ہوں یعنی کسی دوسری دلیل (شرعی) یا اُصول کے خلاف نہ ہوں۔

(۴) یہ کہ انہیں اختیار کرنے سے اس سے بڑا یا اس کے مساوی کوئی دوسرا مفسدہ پیدا نہ ہو رہا ہو۔

(۵) اسے اختیار کرنے سے اس سے بڑا یا اس کے مساوی کوئی مفاد ضائع نہ ہوتا ہو۔

ان اصولوں کو جان لینے کے بعد مصالح مرسلہ کے باب میں بات چیت کرنے والے کیلئے اس کے ارکان میں سے ایک کو ثابت کرنا باقی رہ جاتا ہے اور وہ ہے کہ "جس واقعے یا حالت کے مفسدے یا مصلحت کو متعین کرنے کا ارادہ ہو اس کی حقیقت کا مکمل ادراک" تاکہ باقاعدہ فتوی لگانے سے قبل اس کے حقائق واسباب کا علم ہو جائے۔

اب ہم ان کاروائیوں کی مذمت کرنے والوں کے ذکر کردہ بعض مفاسد (نقصانات) کا جواب دیں گے اور واضح کریں گے کہ یہ مفاسد مذکورہ بالا پانچ اصولوں کے مطابق درست نہیں۔

اس لئے کہ اگر یہ کاروائیاں کسی مسلمان نے کی ہیں تو اس کے پاس ان کا جواز موجود ہے یعنی وہ دلیل جو ہم نے بیان کی کیونکہ مصلحت عامہ (عام فائدہ) دلیل کے تابع ہی ہوتی ہے چنانچہ اس مسلمان سے یہ نہیں پوچھا جاسکتا کہ تمہاری اس کاروائی میں کیا مصلحت ہے؟ بلکہ اسکا یہ جواب کہ میں نے دلیل کے مطابق عمل کیا یہی مصلحت ہے کافی ہو گا۔

وہ مفاسد (نقصانات / خرابیاں) جن کا ذکر ان کاروائیوں کی مذمت کرنے والے کرتے ہیں حالانکہ وہ معتبر مفاسد نہیں ہیں۔

(۱) اُن کا کہنا ہے کہ ان کاروائیوں کے نتیجے میں دنیا سے جہادی تحریکوں کا خاتمہ ہو جائے گا حتی کہ چیچنیا اور فلسطین سے بھی۔ ہم درج ذیل نقاط کے ذریعے اس اعتراض کو مسترد کرتے ہیں۔

(الف) یہ ممکن نہیں کیونکہ کتاب وسنت سے ہم پر واضح ہے کہ جہاد قیامت تک جاری رہے گا لہٰذا یہ مفسدہ ہر گز واقع ہونے والا نہیں۔

(ب) کفار اور اُن کے ایجنٹس نے اپنی استطاعت کے مطابق جہاد ختم کرنے کے لیے سارے جتن کر لیے اور اب ان کے پاس اس میں اضافے کے لیے کچھ نہیں بچا ہے۔

(ج) یورپی اتحاد نے جہادی تحریکوں کو مالی ونشری طور پر دبانے کا فیصلہ کیا تھا جو ان کاروائیوں (یعنی ورلڈ ٹریڈ سینٹر کی تباہی) سے پہلے ہی منصوبے کے مطابق جاری وساری ہے۔

(د) اس مزعومہ مفسدہ (خود ساختہ نقصان) کا رد نبی صلی کی سیرت طیبہ سے بھی ہوتا ہے۔ وہ اس طرح کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عددی اور وسائل کی برتری رکھنے والے کفار کو ہمیشہ ہی اپنی جہادی کاروائیوں میں الجھائے رکھا۔

(ہ) اگر اس مزعومہ مفسدہ (خود ساختہ نقصان) کو مذکورہ بالا پانچ اصولوں کے پیمانے پر جانچا جائے تو یہ باطل ہو جائے گا اور درست ثابت نہ ہو گا کیونکہ یہ مفسدہ نہ تو ضروری ہے نہ قطعی نہ عام اور نہ ہی اس کی وجہ سے اس سے بڑی کوئی مصلحت فوت ہو رہی ہے۔

اور ویسے بھی یہ لوگ جن مفاسد (نقصانات) کا اندیشہ کر رہے ہیں انکے واقع ہونے کے نوے فیصد چانسسز (CHANCES) پہلے ہی سے موجود ہیں۔

(۲) ان کاروائیوں کے نتیجے میں واقع ہونے والے جن ممکنہ مفاسد کا وہ ذکر کرتے ہیں ان میں ایک یہ بھی ہے کہ ساری دنیا میں دعوتی، ثقافتی، امدادی اور تعلیمی سرگرمیاں متاثر ہوں گی۔ ہم کہتے ہیں کہ یہ مفسدہ تو ان مفتی صاحبان کے علم میں آنے سے پہلے ہی پیدا ہو چکا تھا۔ ہم پوچھتے ہیں کہ کہاں ہے آزاد دعوتی کام؟ کہاں ہیں علماء حق؟ اور کہاں ہیں داعیان دین؟ کوئی بھی دینی کتاب یا کیسٹ (حکام کی اجازت کے بغیر) کیسے تقسیم کی جاسکتی؟

آزاد دعوتی کام تو پہلے بھی نہ تھا جبکہ علماء اور داعیان حضرات جیلوں میں پڑے ہیں اور ان میں سے جو باہر بہتر سے بہتر حالت میں بھی ہیں وہ بھی نظر بند ہیں یا کام سے روک دیے گئے ہیں اور کوئی کتاب یا کیسٹ طاغوت کے لشکر کی اجازت کے بغیر تقسیم نہیں کی جاسکتی جبکہ یہ پابندیاں روز بروز بڑھتی جارہی ہیں۔

حتی کہ رفاہی کاموں پر بھی (طرح طرح کی) پابندیاں عائد ہیں۔ ۱۴۱۴ھ میں الجزائر میں عرب وزرائے داخلہ کا اجلاس ہوا جس میں انہوں نے امدادی کاموں کی تنظیموں پر پابندیاں لگانے کا فیصلہ کیا اس کے بعد تیونس میں عرب رؤسا جمع ہوئے انہوں نے اس فیصلے کی توثیق کی لہٰذا پابندیاں لگانے اور تنظیموں کو نشانہ بنانے کا سلسلہ تو عرصہ دراز سے جاری ہے۔

(۳) ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ ان کاروائیوں وجہ سے اسلامی ممالک کے عوام یا اُن میں سے بعض کو ظلم وستم کا نشانہ بنایا جاسکتا ہے اور افغان عوام پر حملے کا احتمال بھی ہے۔

نوٹ: یاد رہے کہ یہ کتاب نائن الیون (11/9) کے واقعے کے فوراً بعد اور افغانستان پر امریکی حملے سے پہلے لکھی جاچکی تھی۔

ہم کہتے ہیں کہ اس مفسدہ (نقصان) کا سامنا ہمیں آج سے نہیں بلکہ سو سال سے زائد عرصہ پہلے سے ہے تو تمہیں اس مفسدے کے اس وقت پیدا ہونے کا اندیشہ کیوں ہے؟ جبکہ تم کسی ایک مسلمان ملک کی عوام کے متعلق ثابت نہیں کرسکتے کہ وہ مظلوم ومقہور نہیں یا آزاد ہے یا آزادی سے اللہ کی عبادت کرتے ہیں یا اُن کی زندگی کے تمام شعبوں میں اسلامی حکم چلتا ہے۔ جب اُمت مسلمہ کا پہلے سے ہی یہ حال ہے تو اب تم کیونکر یہ اعتراض کرسکتے ہیں؟

علاوہ ازیں آج تم افغان عوام پر امریکی حملے سے خوفزدہ ہوکر ان کے لیے رونے کی اداکاری کررہے ہو جبکہ افغانوں کو سب سے پہلے بے یارومددگار چھوڑنے والے بھی تم ہی ہو تو اب ان پر کیوں روتے ہو؟ تم نے اُن (افغانوں) کے خلاف لڑنے والوں سے جنگ نہیں کی، اُن پر عائد پابندیاں اٹھوانے

کی کوشش نہیں کی۔ نہ ہی مصیبت کے وقت ان کی مدد کی بلکہ وہ بیچارے تمہاری شدید تنقید اور تکفیر (انہیں کافر قرار دینے) سے بھی نہ بچ سکے۔

آپ "امارت اسلامیہ افغانستان" کی حقیقت تک سے تو واقف نہیں ہیں کہ کوئی صحیح فیصلہ کر سکیں کہ مذکورہ کاروائیاں امارت اسلامیہ کی موجودہ حالت کی مصلحت سے زیادہ بڑے مفسدہ کا سبب بنیں گی یا نہیں؟

اِمارت اسلامیہ کے سامنے اس وقت تین راستے (آپشنز) ہیں جن میں سے سب سے بہتر راستہ بھی انتہائی کٹھن ہے۔

پہلا راستہ: امارت اسلامیہ عالمی دباؤ کے سامنے جھک جائے اور جو وہ چاہتے ہیں اس کا نفاذ کرے۔

دوسرا راستہ: طاغوتی نظام (حکومت) قائم کرکے کافر ہو جائے اور پھر بتدریج مرتی رہے حتی کہ بالکل ختم ہو جائے۔

تیسرا راستہ: امارت اسلامیہ دفاع کرے اور لڑے اور اپنے دشمن کو اپنی سرزمین پر لانے کی کوشش کرے تاکہ اُسے بھی اسی طرح شکست دے جس طرح اس سے پہلے (دشمن) کو شکست دی۔

اب ذرا سوچئے کہ ان کٹھن راستوں کے ہوتے ہوئے امارت اسلامیہ افغانستان کی ایسی کونسی مصلحت باقی بچتی ہے جس کی وہ حفاظت کرے؟

یاد رکھیں کہ امارت اسلامیہ بالکل ختم ہو جائے یہ مفسدہ اس کے دین کی خاطر مٹ جانے کی مصلحت سے بڑا نہیں جبکہ اس کے خاتمے اور مغلوب ہو جانے کا احتمال نہایت کمزور ہے اس کے برعکس اللہ پر توکل اور اس کی مدد کے ذریعے اس کی کامیابی کے امکانات روشن ہیں۔

اس کے علاوہ امریکا نے ان کاروائیوں سے قبل ہی سرزمین افغانستان پر کئی ملکوں کی جانب سے چڑھائی کرنے اور بھرپور حملے کا منصوبہ بنا رکھا تھا۔ چنانچہ اگر امارت اسلامیہ نے اس منصوبے کا علم ہونے پر ان کے حملہ کرنے سے پہلے ہی یہ کاروائیاں کر ڈالیں تو اچھا ہی کیا۔

(۴) جن مفاسد کا ذکر انہوں نے کیا ہے ان میں ایک یہ بھی ہے کہ امریکا میں ہونے والی ان کاروائیوں کے نتیجے میں مغربی مسلمانوں پر پابندیاں لگیں گی اور اُن پر ظلم کیا جائیگا۔

ہم کہتے ہیں کہ یہ مفسدہ (مذکورہ بالا پانچ اصولوں کے مطابق) عام نہیں ہے کیسے ہو سکتا ہے کہ امریکا میں موجود ۵۰۰ مسلمانوں (جن کے پاس اپنی حکومتوں سے بچنے کا واحد راستہ امریکا ہے) کی مصلحت کو راجح قرار دے دیا جائے اور کم سے کم تیس کروڑ مسلمانوں کی مصلحت کو چھوڑ دیا جائے کہ وہ بالواسطہ یا بلاواسطہ امریکی مظالم اور قتل وغارتگری کا شکار بن جائیں اور ان کے حقوق پامال کئے جائیں چنانچہ یہ مفسدہ بھی باطل ہے۔

(۵) ان کے کہنے کے مطابق ان حملوں کے نتیجے میں پیدا ہونے والے مفاسد میں سے ایک یہ بھی ہے کہ ان کاروائیوں کے بعد مغرب مسلمانوں کو خونخوار قوم کی شکل میں پیش کرے گا۔ ہم کہتے ہیں کہ یہ خود ساختہ مفسدہ انتہائی باطل اور پسپائی کی علامت ہے ورنہ کیسے ممکن ہے کہ ایک مسلمان مغرب کو راضی رکھنے کے خاطر اپنی شریعت اور اپنے دینی عقائد اور اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت اور آپ کے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کی قربانیوں سے دستبردار ہو جائے صرف اس لئے کہ مغرب اسے شریف اور مہذب انسان سمجھنا شروع کر دے؟

ہمارا دین تو کفار کو ذبح کرنے اور انہیں قتل کرنے اور ان کی جان ومال وغیرہ کو اس وقت مباح کرنے والا دین ہے جبکہ کفار اسلام نہ لائیں یا اسلام کی بالادستی قبول نہ کریں۔

اس طرح کے کسی مفسدے (نقصان) کا گمان کرنا مسلمانوں کے دین کے لیے ہزار دھماکوں سے زیادہ تباہ کن ہے کیونکہ اس مفسدے کو قبول کرنے کا مطلب دین کی صداقت وحقانیت سے بچنے کی کوشش کرنا ہے۔ (فالعیاذ باللہ)

یہ وہ مفاسد (نقصانات) ہیں جو ان کاروائیوں کی مذمت کرنے والے مفتیوں نے پیش کیے اسکے برعکس ان کاروائیوں کے نتیجے میں بہت سے مصالح (فوائد) بھی حاصل ہوئے ہیں جو انہیں دکھائی نہیں دیتے نہ ہی وہ ان کا تذکرہ کرتے ہیں۔

مثلاً اگر امریکا نے انتقاماً افغانستان پر تباہ کن حملہ کر بھی دیا تو اس کے بعد اسے مسلمانوں کے مسائل پر غور وفکر کرنے کا موقع ملے گا خاص طور پر مسئلہ فلسطین پر ممکن ہے کہ پھر مسلمانوں پر اسکی جارحیت کسی حد تک کم ہو جائے جیسا کہ اسکے سیاستدانوں نے ایسا کہنا شروع کر دیا ہے۔[1]

ان کاروائیوں نے امریکا کو تاریخ کے بہت بڑے اقتصادی بحران میں مبتلا کر دیا ہے حتی کہ اس کے مادی خسارے گھروں تک جا پہنچے ہیں، ان کاروائیوں میں اس نے اپنے دو ہزار اقتصادی ماہرین کھو دیے ، اس کی معیشت کا گراف تیزی سے نیچے کی طرف جا رہا ہے، امریکی اخراجات خوفناک حد تک بڑھ گئے ہیں، ڈالر کی قیمت گر رہی ہے اور ائیر ویز کمپنیوں کو خسارے کا سامنا ہے انہوں نے ۶۸ ہزار ملازمین کو ملازمت سے فارغ کرنے کا اعلان کیا ہے ممکن ہے کہ ان کی تعداد ایک لاکھ تک جا پہنچے۔

اسی طرح "امریکی نیو ورلڈ آرڈر" بھی اپنی حیثیت کھو بیٹھا جس سے دنیا میں کبھی ختم نہ ہونے والا فساد بپا ہونے والا تھا۔

---

1 (واضح رہے کہ قرآن کریم کی بہت سی آیات مثلا: ودّوا ماعنتّم، لا یالونکم خبالا، لن ترضی عنك الیهود ولا النصاری حتی تتبع ملتهم۔ سے معلوم ہوتا ہے کہ کفار کی جارحیت اور مسلمانوں پر انکے مظالم صرف اسی صورت میں کم یا ختم ہو سکتے ہیں کہ مسلمان انکی مکمل اتباع کر لیں وگرنہ نہیں چنانچہ مؤلف رحمہ اللہ کی یہ بات تسامح سے مبرا نہیں۔ واللہ اعلم۔ مترجم)۔

ان کاروائیوں کے نتیجے میں مسلمانوں کو حاصل ہونے والے فوائد اور امریکہ اور مغرب کو پہنچنے والے نقصانات بہت زیادہ ہیں جن کا تفصیلی ذکر آگے آئے گا۔

لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ بہت سے داعی حضرات امریکا کے ساتھ تعزیت اور افسوس کرنے اور اس کی مدد کرنے اور اس کے معصوم لوگوں کے لیے خون کا عطیہ دینے کے فتوے دے کر صراط مستقیم سے ہٹ چکے ہیں۔ کچھ نے تو ان کاروائیوں کے ذمہ داروں کو مجرم اور انہیں دائرہ اسلام سے خارج قرار دیا۔ اس طرح انہوں نے صلیبیوں کو مسلمانوں سے انتقام لینے کی سبز بتی دکھادی جو کہ "آدھے کلمے" سے زیادہ ہے۔[1]

جبکہ یہ فتوی دینے والے اچھی طرح جانتے ہیں کہ امریکا کا ہدف افغان عوام اور اُسامہ بن لادن ہیں۔

ہم انہیں (یعنی اس طرح کے علماء و مفتیان سوء کو) خبردار کرتے ہیں کہ وہ صلیبیوں کی زبانی مدد کرکے یا عرب حکام کو دہشت گردی کے خلاف تعاون کے جواز کا فتوی دے کر اسلام کے ساتھ غداری اور ارتداد سے بچیں یہ یقینا واضح ارتداد ہے۔ دور حاضر کے مسلمانوں اور علماء کے لیے عقیدۃ الولاء والبراء (یعنی دوستی و دشمنی، محبت و نفرت کے اسلامی معیار کا عقیدہ) کا صحیح مفہوم جاننا ضروری ہو گیا ہے انہیں معلوم ہونا چاہیے کہ یہ عقیدہ ایمان کا سب سے مضبوط اور بنیادی کڑا ہے اور اس کے بغیر لا الہ الا اللہ پر ایمان صحیح نہیں ہو سکتا۔ قرآن میں بڑی وضاحت سے یہ عقیدہ بیان کیا گیا ہے چنانچہ جو اس قطعی اسلامی عقیدے کی مخالفت کرے یا دشمنوں سے کسی طرح دوستی کرے تو اس کا اسلام میں کوئی حصہ نہیں رہتا۔ (تفصیل کے لیے مکمل کتاب پڑھیئے۔)

---

[1] (حاشیہ) یہ ایک حدیث کی طرف اشارہ ہے جس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (ترجمہ) جس نے کسی مسلمان کے قتل (ناحق) میں آدھا کلمہ کہہ کر (قاتل کی) مدد کی تو وہ اللہ تعالیٰ سے اس حال میں ملے گا کہ اُس کی دونوں آنکھوں کے درمیان لکھا ہو گا "اللہ کی رحمت سے مایوس"۔ مسند امام احمد)

اب مسلمانوں اور علماء کے لیے کفار کی مدد وحمایت اور انکے ساتھ تعاون کی حقیقت جاننا ضروری ہو گیا ہے کیونکہ مسلمانوں کے خلاف کفار کی مدد وحمایت کرنے کی وجہ سے مسلمان مرتد اور کافر ہو جاتا ہے خواہ یہ حمایت اور تعاون قول یا فعل یا کم یا زیادہ مال کے ذریعے ہو۔ اس بنیاد پر جسکی جانب سے بھی یہ مدد جاری ہو خواہ کسی بھی شکل یا مقدار میں ہو وہ مرتد ہے خواہ وہ حاکم ہو یا رعایا، عام شہری ہو یا فوجی، عالم ہو یا فقیہ خواہ اپنی مرضی سے ایسا کرے یا کسی دوسرے کے حکم سے۔

جس کسی سے بھی یہ عمل سرزد ہو وہ مرتد ہے اس سے توبہ کرنے کا مطالبہ کیا جائے گا اگر توبہ کرلے تو ٹھیک ورنہ اسے قتل کیا جائے گا اور اگر وہ حاکم ہو تو اُسے حکومت سے معزول کرنا واجب ہو جاتا ہے۔

یہ صلیبی جنگ کہ جس کے آثار واضح ہونا شروع ہوگئے ہیں اور صلیب نے اپنے تمام گروہوں (پجاریوں وحامیوں) کو اکٹھا کر لیا ہے اور تیاری بھی کرلی ہے اور امریکی صدر بش نے یہ اعلان بھی کر دیا ہے کہ: یہ جنگ صلیبی جنگ ہے جو لمبے عرصے تک جاری رہے گی جس کے لیے حوصلے کی ضرورت ہے۔ اور اُس نے یہ اعلان بھی کیا کہ: اس حملے میں ساٹھ اہداف (روئے زمین پر پائے جانے والے 60 اسلامی مماک کی جانب اشارہ ہے) ہیں۔

جن میں سے عالم اسلام کے ستائیس اہداف (ممالک) کی نشاندہی اُس نے خود کر دی ہے۔

اس اعلان کے بعد ہر مسلمان پر واجب ہو گیا ہے کہ وہ اپنی ذمہ داری کو پہچانے اور دنیا پرستی چھوڑ کر اسلام کی نصرت کے لیے اٹھ کھڑا ہو اور اس صلیبی حملے کے خلاف اپنی جان، مال، اولاد اور وقت بلکہ اپنی ہر چیز کے ساتھ ڈٹ جائے کیونکہ یہ فیصلہ کُن جنگ ہے اور کسی مسلمان کے لئے اس سے پیچھے رہنے کی گنجائش نہیں ہے۔

ہر مسلمان کو یقین کر لینا چاہئے کہ وہ جن اشیاء کا مالک ہے ان تمام کے ساتھ اُس پر جہاد فرض عین ہو چکا ہے بلکہ فرض عین تو کافی عرصہ پہلے ہی ہو گیا تھا مگر ان حالات میں یہ مزید تاکیدی ہو گیا ہے۔

یقین کرلیں کہ اب جہاد کا شرعی حکم ”فرض عین“ ہے اوراس پر اجماع ہے۔ اس شرعی حکم کے بارے میں چند فتاوی درج ذیل ہیں:

شیخ اسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے فتاوی الکبری (الاختیارات) کے صفحہ ۵۲۰/۴ پر لکھا ہے کہ:

”دفاعی لڑائی دین وحرمت پر حملہ کرنے والے کوروکنے کے لیے انتہائی تاکیدی واجب ہے۔ اس کے واجب ہونے پر اجماع ہے چنانچہ حملہ آور دشمن کہ جو دین ودنیا میں فساد مچارہاہو کوروکناسب سے بڑا فریضہ ہے اس سے بڑا کوئی فریضہ نہیں اور اس کے لیے کوئی شرط نہیں لگائی جائے گی بلکہ جس قدر ممکن ہو اس سے (یعنی حملہ آور دشمن سے) دفاع کیاجائے گا اس پر ہمارے اصحاب ودیگر فقہاء نے دلیل دی ہے“۔

نیز کہتے ہیں:

”جب دشمن کسی اسلامی ملک میں داخل ہوجائے تو اس میں کوئی شک نہیں کہ (اس سرحد کے) قریب رہنے والوں پر اسے روکناواجب ہے پھر اُن کے قریب والوں پر کیونکہ تمام اسلامی ممالک ایک ہی ملک کی مانند ہیں اور اس (دفاعی) جہاد کی طرف والد اور قرض دار کی اجازت کے بغیر نکلناواجب ہے اس کے بارے میں امام احمد کے دلائل واضح ہیں“۔

میں کہتاہوں کہ ہمارے ملکوں میں دشمن کئی صدیوں سے گُھساہواہے۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔ اگر آپ کو اس سلسلے میں تفصیل چاہئے تو اصل کتاب کا مطالعہ کریں۔

اللہ کے بندے۔۔۔ یقین کرلو آپ پر جہاد فرض عین ہوچکاہے اس لیے آپ کو کچھ نہ کچھ تو کرنا چاہئے تاکہ جس روز اللہ تعالیٰ آپ سے اس حکم کے بارے میں پوچھیں تو آپ کے پاس کوئی عذر ہو۔

میں نے بعض ایسے طریقوں (کاموں) کا ذکر کیا ہے کہ جن پر ہر مسلمان عمل کر سکتا ہے تمام پر یا ان میں سے کچھ پر۔ اور یہ طریقے بطور مثال بیان کیے ہیں وگرنہ ان کے علاوہ اور بھی بہت سے طریقے ہیں۔

(۱) افغانستان میں موجود مسلمانوں کے لیے دعا کرنا، نمازوں میں، قنوت نازلہ میں، سجدوں میں، سحری کے اوقات میں اور قبولیت کے دیگر اوقات میں۔ کہ اللہ تعالیٰ ان کی ہر قسم کی برائی سے حفاظت کرے اور انہیں ہر قسم کے شر سے بچائے۔ اور اُن پر اپنا فضل کرے اور ان کی جانوں کی حفاظت کرے اور ان کے عیبوں کو چھپائے اور کفار کے منصوبوں کو خود ان کی تباہی کا باعث بنادے۔

(۲) اُمّت کے تمام علماء کی طرف سے فتاوی کا اجراء جن میں امریکا اور اس کے اتحادیوں کو خبر دار کیا جائے کہ وہ افغانستان میں نہتے مسلمانوں پر حملہ کرنے یا اُن کے امن کو تباہ کرنے کی پھر سے حماقت نہ کریں۔

(۳) امت کے تمام علماء کی طرف سے فتاوی کا اجراء جن میں مسلمانوں کو بتایا جائے کہ ان حملوں کی صورت میں تمام مسلمانوں پر افغان عوام کا دفاع کرنا واجب ہے۔

(۵) امریکا اور اسکے اتحادیوں کو تمام اسلامی و غیر اسلامی ممالک میں زبردست مظاہروں اور سفارتی ذرائع سے خبر دار کیا جائے کہ کسی ایک افغانی مسلمان پر حملہ تمام مسلمانوں پر حملہ تصور کیا جائے گا۔

(۶) اسلامی ممالک میں مغربی مفادات کو انکا مکمل اقتصادی بائیکاٹ کر کے نقصان پہنچانا تاکہ وہ مسلمانوں کے خلاف حملے سے باز رہیں۔

(۷) تمام اسلامی امدادی تنظیمیں پاکستان روانہ ہوجائیں تاکہ متوقع حملے کے مقام سے قریب رہ کر مسلمانوں پر آنے والی کسی ممکنہ مصیبت کو کم کرنے میں مدد دیں۔

(۸) افغان مسلمان بھائیوں کے لیے مالی ومادی فنڈز مثلاً غذاء، لباس، دواوغیرہ اکٹھی کرنا اور ایسا کرنا واجب ہے جیسا کہ شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے "الفتاوی الکبری ۴/۵۱۹" میں فرمایا: اگر بھوکوں کو کھانا کھلانے اور جہاد کہ جس کے چھوڑنے سے نقصان کا اندیشہ ہو ان دونوں کے لیے مال کی قلت پیدا ہوجائے تو ہم جہاد کو اس مال کے لیے مقدم رکھیں گے خواہ بھوکے مرجائیں جیسا کہ مسئلہ تترّس (یعنی کفار کا مسلمانوں کو اپنے بچاؤ کے لئے ڈھال بنانے کے مسئلے) میں ہے یہ زیادہ ضروری ہے کیونکہ وہاں (یعنی میدان جہاد میں) ہم انہیں (رسد نہ پہنچا کر) قتل کرتے ہیں جبکہ یہاں (یہ بھوکے) اللہ کی لکھی تقدیر سے مر رہے ہیں۔

(۹) ہر مسلمان پر واجب ہے کہ وہ اپنے مال سے اس جنگ میں حصہ ڈالے اور اپنی آمدن کے کچھ حصے کو اس جنگ کے لیے مستقل طور پر مختص کردے حتی کہ اللہ تعالیٰ اسلام اور مسلمانوں کو کامیابی عطا فرمادے۔

جیسا کہ شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے "الفتاوی الکبری ۴/۵۱۹" میں فرمایا کہ:

"جو شخص جہاد میں شرکت سے جسمانی طور پر عاجز ہو لیکن اپنے مال سے جہاد کی قدرت رکھتا ہو تو اس پر مال کے ساتھ جہاد کرنا واجب ہے۔ (امام احمد کا بھی یہی کہنا ہے)"

اسکے بعد فرماتے ہیں:

لہٰذا مالداروں پر اللہ کی راہ میں خرچ کرنا واجب ہے اور اس بنیاد سے عورتوں پر بھی اموال کے ذریعے جہاد کرنا واجب ہے، اگر وہ مالدار ہوں۔ اسی طرح اگر چھوٹے بچوں

(یتیموں) کے اموال کی ضرورت پڑ جائے تو اس کے ذریعے سے بھی جہاد کرنا اسی طرح واجب ہو جاتا ہے جس طرح اُن (یتیموں) پر خرچ کے لیے زکاۃ واجب ہو جاتی ہے۔

نیز فرمایا:

جب دشمن حملہ کرے تو اختلاف کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہتی (یعنی زکوۃ کے مصارف میں) کیونکہ (اس صورت میں) اُس (یعنی مال زکاۃ) کے ذریعے دین، جان اور حرمت کا دفاع کرنے پر اجماع ہے۔

(۱۰) تمام سرکاری و غیر سرکاری ڈاکٹرز کو پاکستانی ہسپتالوں یا امدادی تنظیموں کے ساتھ ٹیم بنا کر فوری ضرورت کے تحت میدان میں جانے کے لیے تیار رہنا چاہیے۔

(۱۱) تمام فوجی و سول انتظامی ماہرین، تجربہ کار علماء، طلباء اور نوجوانوں کو نکلنا چاہیے تاکہ وہ معرکے کی قیادت کریں کیونکہ ہمیں کامیابی صالحین کی بدولت ملا کرتی ہے۔

(۱۲) پوری اُمت کو کتب، کیسٹس، خطبات، دینی مجالس اور انٹرنیٹ کے ذریعے اچھی طرح سے ذہن نشین کرا دینا چاہیے کہ اُمت مسلمہ اب بدترین صلیبی جنگ میں داخل ہونے والی ہے جو مسلمانوں کو نشانہ بنائے گی لہذا سب کو اپنے تمام تر وسائل کے ساتھ معرکے میں کود پڑنا چاہیے تاکہ معرکہ ہمارے ہاتھ رہے۔

(۱۳) ہر اُس شخص کو نصیحت کی جانی چاہیے جس نے صلیبیوں کی موت پر رونے کی اداکاری کی اور اُن کی صف میں کھڑا ہوا خواہ وہ کوئی فقیہ ہو یا حاکم، فوجی ہو یا عام شہری کیونکہ مسلمانوں کے خلاف صلیبیوں کی کسی بھی قسم کی اِعانت کرنا خواہ وہ مادی ہو یا معنوی یا قولی وہ ناقضِ اسلام (اسلام کو ختم کر دینے والی) ہے اس کے ساتھ ایمان درست نہیں رہتا۔

یہ وہ بعض طریقے ہیں جن کی ہم نصیحت کرتے ہیں اور انہیں ہم علماء و دُعاۃ اور اُمت کے نوجوانوں اور اس کے تاجروں کی گردنوں میں لٹکا رہے ہیں۔[1]

یاد رکھئے کہ ہر جگہ مسلمانوں کے ساتھ کھڑے ہونے کی ذمہ داری محض چند مخصوص لوگوں کی نہیں بلکہ یہ تو ہر اُس مسلمان کی ذمہ داری ہے جو مسلمانوں کی مدد کرنے پر قادر ہو۔

یہ اس کتاب کے مواد کا کچھ حصہ ہے نہ کہ مکمل کتاب لہذا اس خلاصے سے قاری کو معلوم ہونا چاہئے کہ اس خلاصے میں وہ سب کچھ شامل نہیں جو مکمل کتاب میں ہے چونکہ یہ اختصار کے لیے لکھا گیا ہے چنانچہ اس میں تھوڑی بہت کوتاہی ہو گی۔ لہذا اس خلاصے کو پڑھنے والے کو مکمل کتاب میں جو کچھ لکھا گیا ہے اس کے بارے میں کوئی حتمی رائے قائم کرنے میں جلد بازی نہیں کرنی چاہئے حتیٰ کہ وہ پوری کتاب پڑھ لے۔ اس خلاصے کو لکھنے سے میرا مقصد صرف یہ ہے کہ جو شخص پوری کتاب پڑھنے سے عاجز ہو وہ اس خلاصے میں لکھی گئی بھلائی کی چند باتوں کو پالے اور توفیق دینے والا تو اللہ ہی ہے۔

والصلاۃ والسلام علی رسول الله وعلی آله وصحبه اجمعین۔

1 یعنی وہ چاہیں تو اسے بوجھ سمجھ کر اتار دیں یا چاہیں تو ذمہ داری سمجھ کر انہیں اپنا زیور بنالیں۔ مترجم

مقدمہ

الحمدللہ کہ جس نے فرمایا:

آیت:﴿أَفَلَمْ يَسِيرُوا فِي الأَرْضِ فَيَنْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ كَانُوا أَكْثَرَ مِنْهُمْ وَأَشَدَّ قُوَّةً وَآثَارًا فِي الأَرْضِ فَمَا أَغْنَى عَنْهُمْ مَا كَانُوا يَكْسِبُونَ﴾(غافر ۸۲)

ترجمہ:"کیا ان لوگوں نے زمین میں چل کر دیکھا نہیں کہ جو لوگ ان سے پہلے گزر چکے ہیں ان کا کیا انجام ہوا؟ وہ تعداد میں ان سے زیادہ، قوت میں ان سے سخت، اور زمین میں اپنے آثار چھوڑنے میں ان سے بڑھ کر تھے مگر جو وہ کر رہے تھے یہ سب چیزیں ان کے کچھ کام نہ آسکیں۔"

اور اُس نے فرمایا:

آیت:﴿أَفَلَمْ يَسِيرُوا فِي الأَرْضِ فَيَنْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ دَمَّرَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ وَلِلْكَافِرِينَ أَمْثَالُهَا﴾(محمد۔۱۰)

ترجمہ:"کیا وہ زمین میں چل پھر کر دیکھتے نہیں کہ جو لوگ ان سے پہلے گزر چکے ہیں ان کا کیا انجام ہوا؟ اللہ نے انہیں تہس نہس کر دیا اور کافروں کے لیے ایسی ہی (سزائیں) ہوتی ہیں۔"

اور درود و سلامتی ہو اللہ کی مخلوق میں سے بہترین ذات پر کہ جنہیں رحمۃ اللعالمین بنا کر بھیجا گیا۔ جس کا فرمان ہے:

"اللہ تعالیٰ نے خود پر یہ ضروری قرار دیا ہے کہ دنیا میں جو چیز بھی بُلندی (عروج) پر پہنچے اُسے زوال دے۔"

سو آپ پر بہترین درود اور مکمل سلامتی ہو اور آپ کی اولاد پر اور آپ کے تمام صحابہ پر۔

ہمیں سو سے زیادہ ایسے سوالات ملے ہیں کہ جن میں سائلوں نے امریکا میں ہونے والے حادثے (نائن الیون) کے شرعی حکم کے بارے میں پوچھا ہے؟ تو ان سوالات کے جواب کے لیے ہمارے ذہن میں خیال آیا کہ ہمیں جواب دینا چاہیے تاکہ ہمارے اختیار کیے ہوئے حکم شرعی کی وضاحت ہو۔ شاید اللہ تعالیٰ اس سے ہر مسلمان کو فائدہ پہنچائے۔

بلاشبہ ریاستہائے متحدہ امریکا میں جو تباہی آئی ہے ان پر نظر رکھنے والے کے لیے یہ کہنے کے سوا کوئی چارہ نہیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف اس ظلم کی سزا ہے کہ جو امریکا دنیا کے عوام اور خاص طور پر مسلمانوں کے خلاف کر رہا ہے۔ سو اس نے اپنے کیے کا بدلہ پایا ہے۔ لہٰذا اگر اُسے ان کاروائیوں سے تکلیف و دُکھ ہوا ہے کہ جن کے نتیجے میں ہلاک و زخمی ہونے والوں کا اندازہ ۲۰ ہزار لگایا جاتا ہے۔ تو یاد رکھئے کہ عراق والوں نے تقریباً بیس لاکھ مسلمانوں کو اُن پر لگائی جانے والی پابندیوں کی وجہ سے کھو دیا ہے۔ اور فلسطینی عوام نے اپنی سرزمین پر نصف صدی سے بھی زیادہ عرصے سے صہیونی ظالمانہ حملے کے نتیجے میں اپنے آدھے لوگوں کو مقتولوں و زخمیوں کی حالت میں کھو دیا ہے اور افغان عوام میں سے ستر ہزار مسلمان پابندیوں کی وجہ سے ہلاک ہو گئے۔

اسی طرح فلپائن، انڈونیشیا، کوسوو، صومال، لیبیا، سوڈان اور دوسرے اسلامی ملکوں کی عوام کے خون سے امریکی ہاتھ رنگے ہوئے ہیں۔ یہ تو ان کے علاوہ ہیں کہ جو لاکھوں غیر مسلم انسان سیاہ فام افریقہ، جاپان، سربیا اور جنوبی امریکا اور دوسرے عالمی ملکوں میں کہ جن تک امریکی حملے اور اس کا بدترین ظلم جا پہنچا اور یہ سب کروڑوں تک جا پہنچے ہیں اور یہ اُن کے علاوہ ہیں کہ جو امریکا کے ہاتھوں اپنے وطنوں سے دربدر، دھتکارے ہوئے، پناہ گزین بنے ہوئے ہیں۔ یاد رکھئے کہ عراق نے بتاریخ

1422-7-16ھ کو اقوام متحدہ کے سامنے ایک یاداشت پیش کی جس میں بتایا گیا کہ امریکا نے ۱۸۷۰ء سے لے کر اب تک تقریبا ۲۷ جنگوں کی آگ بالواسطہ یا بلاواسطہ طور پر بھڑکائی جو کہ انسانی تاریخ کی بدترین شکل ہے۔

ان دھماکوں کے ایک ہفتے بعد مضمون ڈاکٹر محمد عباس مصری اخبار "جریدۃ الشعیب المصریۃ" میں اپنے ایک مضمون میں پوری دنیا کی عوام کے خلاف ہونے والے امریکی جرائم کے حجم کی حالت بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

"ایک برطانوی صحافی نے طنزیہ تجزیہ کرتے ہوئے کہا: یہ جنگ یعنی عراق کے خلاف خلیجی جنگ۔ ہر لحاظ سے ایک ایٹمی جنگ تھی۔ جس میں امریکی بحری فوج اور امریکی بحری بیڑوں کو روائتی ایٹمی ہتھیاروں اور ایسے جدید ترین اسلحے سے لیس کیا گیا کہ جس نے ایٹمی تباہی کی مانند تباہی پھیلائی۔

(اس جنگ میں) امریکا نے 15000 ٹن وزنی Blue-82 نامی میزائل استعمال کئے ،جو ایٹمی دھماکے جیسی تباہی مچانے کی صلاحیت رکھتا ہے اور اس سے سینکڑوں کی مسافت تک ہر چیز جل جاتی ہے۔

اس سے بھی بدترین صورت یہ کہ یورنیم کے خونریز بم جن کا پہلی مرتبہ استعمال ہوا، یہ کیمیائی اور ایٹمی ری ایکٹروں کے فضلے اور فالتو اسلحے سے نجات حاصل کرنے کا آسان اور سستا ترین طریقہ ہے۔ امریکی ٹینکوں نے چھ ہزار گولے یورنیم کے جبکہ جنگی جہازوں نے دسیوں ہزار یورینیم کے گولے پھینکے۔ برطانوی ایٹمی کمیٹی خفیہ رپورٹ کے مطابق اتحادی طاقتوں نے میدان جنگ میں جو ناکارہ یورنیم چھوڑی وہ چالیس ٹن سے کم نہیں تھی۔ اور اس میں عراقی ایٹمی ری ایکٹر اور پاور پلانٹس اور کیمیائی فیکٹریوں کی تباہی سے جو کچھ ہوا اس کا

اضافہ کر لیجئے۔ اور اس طرح تاریخ کی اس زہریلی ترین جنگ کی مصیبتیں اپنی انتہا کو پہنچ گئیں۔

مغربی مصدر(ذرائع)بتاتے ہیں کہ یہاں اب ناکارہ یورنیم کے ذرّات وغبار کی مقدار800 ٹن ہے۔ جو ایک بڑے لمبے عرصے تک جزیرہ نمائے عرب کی فضاؤں کو آلودہ کریں گے جس کی بدولت یہاں کی ہوا، مٹی اور دریا کینسر کا سبب بننے والی شعاعوں کی بہت بڑی مقدار سے آلودہ ہوچکے ہیں۔ یہ مصیبت اب آئندہ ہزار سال تک چلتی رہے گی۔ بچے اپنی معصومیت کی وجہ سے یورنیم کے کھلونا نما ایسے بموں سے کھیلتے ہیں کہ جس کا نتیجہ یقینی مگر بتدریج موت ہے۔ امریکی آبادکاری کے آفس کا کہنا ہے کہ عراقی مردوں کی عمر 20سال جبکہ عورتوں کی عمر11 سال کم ہوگئی ہے۔ جبکہ پانچ لاکھ افراد زہریلی شعاعوں کی وجہ سے جلد یا بدیر لقمۂ اجل بن جائیں گے اور یہ ہلاکتیں اجتماعی نسل کشی کی اس جلانے والی جنگ سے پہلے، بعد میں اور ابھی تک جاری اُن وحشیانہ پابندیوں کی بدولت کہ جن کی نہ تو کوئی سابقہ مثال ہے اور نہ آئندہ ہوگی اب بھی جاری ہیں"۔ مضمون نگار اپنی بات پوری کرتے ہوئے کہتا ہے:

"بلاشبہ اجتماعی نسل کشی کی یہ ساری کاروائی کہ جو سالہاسال سے چل رہی ہے اس سرپرست امریکا ہے۔ امریکی عہدیدار جان بوجھ کر اور بڑی سختی اور شدت کے ساتھ بھوکے اور بیمار عوام سے امداد کو روکتے ہیں اور واشنگٹن ان سنگین ترین حقائق کی تردید بھی نہیں کرتا"۔

پھر ایک اور امریکی اور وہ بھی یہودی ہے جس کا نام " نوم چومسکی" ہے تجزیہ کرتے ہوئے کہتا ہے:

"دوسری جنگ عظیم کے خاتمے سے اب تک اتنی دلیلیں ہیں کہ جو یہ ثابت کرنے کے لیے کافی ہیں کہ تمام امریکی صدور جنگی مجرم ہیں"۔

سابق امریکی وزیر عدل راسی کلارک کہتا ہے کہ:

"بلاشبہ بنیادی اور انصاف کا قانون سختی کے ساتھ ان سزاؤں کی مذمت کرتا اور انہیں جُرم تصور کرتا ہے"۔

ہاک اسٹیسفر کہتا ہے کہ:

"مؤلف ٹھوس دلائل اور انہیں انتہائی جارحانہ، سخت انداز میں بیسویں صدی کی اجتماعی نسل کشی کے جرائم پر تیز روشنی ڈالنے میں کامیاب رہا۔یعنی عراقی جنگ پر"۔

کتاب کا مؤلف چیخ اٹھا

"بلاشبہ میں اس پر عاجزانہ عار محسوس کرتا ہوں کہ اجتماعی نسل کشی کا جو فیصلہ میری حکومت اور اس کے چیلوں نے کیا۔ یہ لوگ تو نفسیاتی مفلوج ہیں کہ جن سے کسی بھی گناہ کا احساس تک جاتا رہا"۔

لائبیریا میں نوے کی دہائی کے آغاز میں ڈیڑھ لاکھ لوگ قتل ہوئے اور ہزاروں لوگ زائیر میں قتل ہوئے (قومیت کی بنیاد پر نسل کشی میں پانچ لاکھ لوگوں کو اپنے گھر بار چھوڑنے پر مجبور کیا گیا) اور دس لاکھ کی نفری سیر لیا میں دربدر ہوئی۔ صرف 1990ء میں جنگ اور قحط کے دوران 60 ہزار مارے گئے۔ انگولا میں "کویتو" شہر میں تنظیم "ونیٹا" پر آٹھ ماہ تک لگائی جانے والی پابندی کے دوران بیس ہزار مر گئے۔ یہ اسی طرح کے کئی حادثات میں سے ایک حادثہ تھا جو کہ امریکا کی افریقی ممالک کے بارے میں خفیہ سیاسی پالیسی کا نتیجہ تھا۔ انڈونیشی فوجی قیادت نے امریکیوں کی شہ اور ترغیب اور انہی کے

منصوبوں اور اسلحے کے ساتھ اپنے دس لاکھ ہم وطنوں کو قتل کر ڈالا۔ جنوبی افریقہ کے علاقوں "نمیبیا" انگولا اور "موز نبیق" میں دس لاکھ سے زیادہ لوگ قتل ہوئے۔

ریاستہائے متحدہ امریکا جو خود بھی قومیت کی بناء پر قتل وغارت اور اجتماعی نسل کشی کی پیداوار ہے، نے قومیت کی بنیاد پر قتل وغارت اور اجتماعی نسل کشی کی ایسی جدید ترین ٹیکنک استعمال کی کہ جس کی کوئی سابقہ مثال نہیں ملتی۔ دوسری عالمی جنگ کے دوران اور اس کے بعد واشنگٹن کے بڑوں نے اجتماعی نسل کشی کے نت نئے طریقے نکالے۔ ایک لمبے عرصے کے بعد امریکا آزاد ہوا تو برطانوی بادشاہی فضائیہ اور امریکی فوج کی فضائیہ دونوں اسٹریٹجک بمباری کرتیں اور آگ لگانے والے بموں کے استعمال سے شہروں میں وسیع پیمانے پر تباہی پھیلانے کی مہارت رکھتیں تھیں۔ جنرل جارج مارشل نے اپنے ساتھیوں کو حقیقت میں آگ سے تباہی پھیلانے والے حملوں کی منصوبہ بندی کا حکم دیا، جو گنجان آبادی والے جاپانی شہروں کے لکڑی اور کاگذی ڈھانچے کو جلادیں۔ ایک رات 334 امریکی طیاروں نے آگ لگانے والے بم گرا کر ٹوکیو شہر کے سولا مربع میل کے وسیع علاقے کو تباہ کر کے رکھ دیا۔ ایک لاکھ لوگوں کو قتل اور دس لاکھ آبادی کو دربدر کر دیا۔ جبکہ جنرل کیرٹس لومئی نے بڑے اطمینان کے ساتھ جاپانی عورتوں، بچوں اور مردوں کو جلتے ہوئے دیکھا۔ موت کی دیواروں تک ان کے اُبالے اور پکانے جانے کا کام جاری رہا اور گرمی اس شدت کی تھی حتی کہ سروں پر پانی بھی اُبلنے لگا تھا اور معدنی ڈھانچے پگھل گئے اور اس قسم کے وحشیانہ حملوں کا نشانہ ہیروشیما اور "ناگاساکی" کے علاوہ 64 شہر بنے۔ ایک رپورٹ تو اس طرف اشارہ کرتی ہے کہ اس طریقے سے ہلاک ہونے والوں کی تعداد چار لاکھ افراد ہے۔ یہ تو اجتماعی نسل کشی کی اُن کاروائیوں کی صرف ایک تمہید تھی کہ جو ریاستہائے متحدہ نے اُن علاقوں (ملکوں) کے خلاف کیں کہ جنہوں نے واشنگٹن کو کوئی دھمکی بھی نہیں دی تھی۔

1952 اور 1973ء کے دو سالوں کے درمیانی عرصے میں ایک محتاط ترین اندازے کے مطابق ریاستہائے متحدہ نے تقریباً ایک کروڑ چینی، کوری، ویتنامی ولاؤسی اور کمبوڈی لوگوں کو ذبح کر کے رکھ دیا۔ جبکہ ایک رپورٹ کے مطابق تو صرف کوریائی جنگ میں ہی شمالی کوریا کے بیس لاکھ افراد کا قتل ہوا

جن میں سے اکثریت" ہیونگ یانگ" اور دوسرے بڑے شہروں میں لگنے والی آگ کے نذر ہوئے۔ یہ چیزیں ہمیں ٹوکیو پر آگ لگانے والے حملوں کی یاددلاتے ہیں اور مصائب وجرائم کی ایک تحقیقاتی کمیٹی کے سامنے، مشرق بعید میں فضائی بمباری کی اسپیشل فورسز کے سربراہ جنرل ایمٹ اوڈینیل نے گواہی دیتے ہوئے کہا کہ:

"جزیرہ نمائے کوریا کا تقریبا تمام علاقہ انتہائی مصیبت کی حالت میں ہے کیونکہ اس کی ہر چیز تباہ وبرباد ہوچکی ہے اور کوئی قابل ذکر چیز صحیح سلامت نہیں بچی۔ماک ارثر کو"یالو" نامی دریا عُبور کرکے چین میں داخل ہونے سے روکنے کے لیے چینی فوج کے اچانک شمالی کوریا میں داخلے نے امریکی بمبار(طیاروں)کو اجتماعی قتل وغارت کا ایک اور موقع فراہم کردیا۔

اس نے کہا: ہم چینی فوج کے آنے سے پہلے تک جنگی طیاروں کے بغیر کام کررہے تھے کیونکہ کوریا میں نشانہ بننے کے قابل کوئی ہدف باقی نہیں بچا تھا۔(آفات ومصائب کی تحقیقاتی کمیٹی کے اجلاسوں کی ریکارڈنگ)اور اس کے ایک عشرے سے بھی کم عرصے کے بعد اسی قسم کا معاملہ"ویت نام" "لاؤس"اور"کمبوڈیا"کے ساتھ دہرایا گیا"۔

ایک ویتنامی بوذی راہب(عبادت گزار عالم)"تینتش ثین ہاؤ" نے بتایا کہ 1963ء کے وسط میں شروع ہونے والی ویتنامی جنگ کے سبب ایک لاکھ ساٹھ ہزار افراد قتل، سات لاکھ افراد کی شکلیں مختلف اذیتیں دے کر بگاڑ دی گئیں۔اکتیس ہزار عورتوں کی عصمت دری کی گئی، تین ہزار زندہ لوگوں کی انتڑیاں ومعدہ وغیرہ پیٹ سے باہر نکالا گیا، چار ہزار کو جان نکلنے تک جلایا گیا، ایک ہزار عبادت گاہیں تباہ کی گئیں اور چھیالیس بستیوں کو زہریلے کمیائی مواد کے ساتھ حملہ کیا گیا۔۔وغیرہ۔"

1972ء میں، برتھ ڈے جیسی خوشی کے تہواروں کے موقعوں پر "ہانوی" اور "ہائیفونگ" نامی شہروں پر امریکی بمباری کے نتیجے میں تیس ہزار سے زائد بچے دائمی بہرے پن کا شکار ہوگئے۔ جنگ

کے بعد جب امریکیوں کو اپنے 2497 فوجیوں کی گمشدگی کی مصیبت کا سامنا کرنا پڑا (ایک رپورٹ کے اندازے کے مطابق) تو اسی دوران تین لاکھ ویتنامیوں کے لاپتہ ہونے کا صدمہ اُن کے خاندانوں کو اٹھانا پڑا۔ شاید ویتنام میں ہلاک شدگان کی تعداد چالیس لاکھ تک جا پہنچی ہو، یہ ان لاکھوں لوگوں کے علاوہ ہے کہ جو معذور، اندھے پن، اور شکلوں کے بگڑ جانے جیسے صدموں کا شکار ہوئے۔ ویت نام قبرسان، لنگڑے لولے افراد اور ایسی زہریلی زمین میں تبدیل ہو گیا کہ جس کے باسی بدشکل یتیم بچے تھے۔ اس مغربی تہذیب کا شکار ہونے والے ہلاک شدگان اور لنگڑے لولے افراد کی مجموعی تعداد شاید دو کروڑ بیس لاکھ تک ہو گی لیکن یاد رکھیے کہ امریکی درد سر (وین میں مجموعی شکست کی بیماری) کا ان وحشیانہ کاروائیوں سے کوئی تعلق نہیں۔

بلاشبہ امریکیوں کے ہاتھ صرف "کوریوں" "ویتنامیوں" لاؤسیوں" اور "کمبوڈیوں" ہی کے اس خون سے نہیں رنگے ہوئے کہ جن کا اُن ہاتھوں سے مٹنا ناممکن ہے بلکہ یہ ریاستہائے متحدہ پوری دنیا کے بہت سے دوسرے علاقوں (ممالک) میں ہونے والی قتل وغارت، تعذیب اپاہج کرنے والی کاروائیوں میں بھی بالواسطہ یا بلاواسطہ طور پر شریک ہے۔ پھر انڈونیشیا کے مذبح خانوں اور وسطی امریکا میں مشقت زدہ لوگوں کے خلاف امریکی ہاتھ نمایاں ہے۔ ("نیگاراگوا، ایل سلواڈور"، گوئٹے مالا" اور ہنڈاراس": میں امریکی اسلحے اور ٹریننگ اور ان کے مشورے اور امریکا کی ہی نمائندگی کرتے ہوئے لاکھوں لوگوں کو قتل کیا گیا)۔ امریکی شہروں میں پھیلی ہوئی بے چینی کے سبب "انگولا" موزمبیق اور "نمیبیا" وغیرہ میں خونریز معرکوں اور اُن طاغوتوں کے مجرمانہ افعال کہ جنہیں امریکا کئی دہائیوں سے کمک بہم پہنچا رہا ہے۔ ("سوموزا"، بینوشیٹ۔ مارکوس۔ موبوتو، باٹیسٹا، ڈیم وکی وری" ڈوفالیہ، سوہارتو اور سافیمبی" جیسے عالمی ڈکٹیٹر) پھر ان کئی مثالوں میں سے ایک مثال کہ: 1981 میں "وزوٹی" میں ریاستہائے متحدہ کے تربیت یافتہ فوجیوں نے تقریبا 1000 نہتے کسانوں کو ذبح کر ڈالا جن میں 139 بچے شامل تھے۔ "گوئٹے مالا" میں تربیت یافتہ امریکی فوج نے ڈیڑھ لاکھ سے زیادہ کسانوں کو 1966ء اور 1986ء کے درمیانی عرصہ میں قتل کیا"۔ ڈاکٹر محمد عباس کا مضمون ختم ہوا۔

ان تباہ کن کاروائیوں کی شکل میں امریکا نے جو نتیجہ حاصل کیا ہے یہ تو صرف اُس ساری بے چینی اور فساد کی پوری دنیا میں لگائی ہوئی امریکی فصل کے پھل کا ایک جزء ہے۔ لہٰذا اگر اسے ایک مرتبہ تکلیف ہوئی ہے تو اس کے مدمقابل یہ دوسری عوام کئی دہائیوں سے اس کے جرائم میں تڑپ رہے ہیں جو کہ ابھی تک جاری وساری ہیں۔ لہٰذا اسے بھی دوسرے نہتے عوام پر کیے ہوئے اپنے جرائم کا کچھ مزہ چکھنا چاہئے تا کہ اُسے بھی پتہ چلے کہ جو حالت اب اس کی ہے یہی حالت اُن لاکھوں انسانوں کی ہے جو اس کے ظلم وستم کا شکار ہوئے اور ہورہے ہیں۔ جو کچھ امریکا کے ساتھ ہوا اس کے چیلے تو غم واندوہ میں مبتلا ہوئے مگر اس کے تمام دشمن اپنے مذاہب کے اختلاف کے باوجود خوش ہورہے ہیں۔ لیکن جس چیز نے ہمارے دل دہلا دیئے ہیں وہ یہ کہ بہت سے علم کا دعوی کرنے والوں نے ان حادثات (نائن الیون کے حملوں)اور ان کے ذمہ داروں کی مذمت وملامت اور ان پر شدید اعتراضات کرنے میں جلد بازی سے کام لیا۔ امریکا سے اس کی اس مصیبت پر تعزیت اور اس سے ہمدردی کا اظہار کررہے ہیں بلکہ وہ تو مسلمانوں سے اللہ کے ان دشمنوں کے لیے خون کے عطیات دینے کا مطالبہ کررہے ہیں حالا کہ یہی تو وہ لوگ ہیں (امریکی) کہ جنہوں نے ہر جگہ مسلمانوں کے خون بہائے اور ابھی تک بہا رہے ہیں۔

ہمارے خیال میں تو سیاسی فتوؤں کے علاوہ کچھ نہیں کیونکہ یہ کسی بھی بنیادی شرعی دلیل سے محروم ہیں۔

جیسا کہ مادّی خسائر تو تصوّرات سے کہیں زیادہ ہیں، مگر حقیقت یہ ہے کہ امریکہ کو اس کے تکبّر و نخوت کے نشے سے باہر لانے کے لیئے اس سے کئی گناہ زیادہ حملوں کی ضرورت ہے۔ لہٰذا، ان حملوں کے اقتصادی اثرات اتنے برے تھے کہ فوری طور پر دسیوں ارب ڈالر کا نقصان ہوا، جو بہت جلد بڑھ کر کھربوں ڈالر تک جا پہنچا۔ اور ابھی تک تیزی سے بڑھ رہا ہے تاکہ بہت ہی معمولی سی مدّت میں دسیوں کھرب یعنی ہزار ارب یا اُس سے بھی زیادہ ہو جائے۔

لہٰذا، اُس وقت جڑواں عالمی تجارتی مراکز(Twins trade tower)میں دنیا کے بہت سے بہترین اقتصادی دماغ اور اہم ترین مراکز تھے۔ جن میں سے عالمی تجارتی کمپنیوں کی اسٹاک مارکیٹوں کی دلّال کمپنیوں میں کام کرنے والے کم از کم دو ہزار افراد ہلاک ہو گئے ہیں۔ اور اسی طرح سینکڑوں بڑی کمپنیاں اپنے بہترین ماہرین اور اہم ترین معلوماتی فائلوں سے ہاتھ دھو بیٹھیں۔ اور یہ دونوں عمارتیں اس وقت ۲۳ ارب ڈالر کے برابر ہیں۔ لیکن ذرائع ابلاغ، ان دو عمارتوں کے گرد محیط دوسری اُن عمارتوں پر توجّہ نہیں دے رہے، جن میں سے بعض تو گر چکی ہیں جبکہ بعض گرنے والی ہیں، جس کے نتیجے میں خسائر مزید بڑھ جائیں گے۔ گویا کہ ہمارے سامنے یہ ایک ٹیکنیکل ایٹمی حملہ ہے۔

وائس آف امریکہ ریڈیو نے اعلان کیا ہے کہ ان دونوں میناروں کے ساتھ تباہ ہونے والی عمارتوں کی قیمت کا ابھی تک اندازہ ۴۵ ارب ڈالر لگایا گیا ہے۔ اس علم کے ساتھ کہ اس علاقے کا ملبہ ہی پانچ لاکھ ٹن سے متجاوز ہے۔ جس کا ابھی تک صرف بہت ہی معمولی سا حصّہ ہٹایا گیا ہے جو کہ ۲۰ ہزار ٹن سے زیادہ نہیں۔ نیویارک کے میئر (ناظم) نے اعلان کیا ہے کہ انہیں اس ملبے کو ہٹانے اور صفائی کے لیئے چھ ماہ کا عرصہ درکار ہے، جس کے اخراجات جو کہ کانگریس نے مختص کیئے ہیں وہ ۲۰ ارب ڈالر ہیں۔

جبکہ حملوں کے ایک ہفتہ گزرنے کے باوجود آگ ابھی تک بھڑکی ہوئی ہے۔ اور اس بات کو تو کوئی نہیں جانتا کہ اس علاقے کی فضاء کب تک نقصان دہ دھوئیں سے آلودہ رہے گی۔ پھر ان حملوں کے جانبی اثرات (آفٹر شاکس) پھیلنے شروع ہوگئے۔ سو، انشورنس کمپنیاں اُس آنے والی مصیبت کے بارے میں بات کرنے لگیں یعنی یہ کو وہ اب (لوگوں کے) حقوق کو پورا نہیں کر سکتیں اور انہوں نے (انشورنس کمپنیوں نے) صرف معاوضے کی بات شروع کردی کہ جس کا ذکر (ڈیلی نیویارک) نامی اخبار نے کیا کہ ابھی تک اس کے اندازے کے مطابق ۲۵ ارب ڈالر ہے جبکہ اس حادثے میں ایک لاکھ آٹھ ہزار (۱۰۸۰۰۰) لوگ بے روزگار ہوگئے اور یہ ٹریول کمپنیوں کے اُن ملازمین کے علاوہ ہیں کہ جن کا ذکر ابھی آئے گا۔

ٹیکسوں کی مد میں خسائر کا تخمینہ ۳ ارب ڈالر ہے۔ اور ہوٹلوں کے شعبے میں آج تک خسائر کا تخمینہ ۷۰ لاکھ ڈالر روزانہ ہے۔ ریاستہائے امریکہ کے تمام کونوں میں جنونیت کی حد تک کیئے جانے والے حفاظتی انتظامات کو بڑھا کر انتہائی بلند ترین درجے کی ہنگامی صورتحال (ہائی الرٹ) قائم کردی جبکہ امریکی ٹریول کمپنیاں موجودہ اور متوقّع مالی خسائر کے بارے میں چیخ وپُکار کررہی ہیں۔ اور ان حملوں کے اثرات یورپی فضائی کمپنیوں پر بھی نمایاں ہورہے ہیں۔ جبکہ صرف دو ہفتے گزرنے کے بعد ہی صرف امریکی جہاز ساز کمپنیوں میں ۶۸ ہزار ملازمین کو فارغ کردیا گیا۔ اور توقّع ہے کہ عنقریب یہ تعداد ایک لاکھ (۱۰۰،۰۰۰) تک پہنچ جائے گی۔ جبکہ امریکی کمپنیوں نے حکومت سے جو ابتدائی امداد کا مطالبہ کیا ہے، اُسکی قیمت ۲۴ ارب ڈالر ہے، جن میں سے حکومت نے ابھی تک پہلی کھیپ کے طور پر ۱۵ ارب

ڈالر ان کمپنیوں کی امداد کے لیئے مخصوص کیئے ہیں۔ اسی اثناء میں اکثر یورپی فضائی کمپنیوں نے اعلان کیا ہے کہ انہیں اس سال ان دھماکوں کے سبب مالی خسائر کا سامنا ہے جبکہ سوئٹزر لینڈ کی ٹریول کمپنیوں نے ان حملوں کے سبب دیوالیہ ہونے کا اعلان کیا ہے۔

اسی طرح جہاز ساز کمپنیوں کے صدور نے (بروکسل) میں ہونے والے اپنے ایک اجلاس میں ایک اعلان کیا کہ جہازوں کی فروخت میں ۲ ارب ڈالر کی کمی واقع ہوئی ہے جبکہ سال ۲۰۰۲ء میں جہازوں کے پرزوں (پارٹس) کی فروخت میں ۶.۵ ارب ڈالر اور سال ۲۰۰۳ء میں ۶.۷ ارب ڈالر کی کمی متوقّع ہے۔ اور توقّع ہے کہ سال ۲۰۰۲ء میں عالمی پیداواری آمدن ۷۴۷ ارب ڈالر یعنی ۲.۲٪ تک کم ہو جائے گی۔

جیسا کہ لندن کے اقتصادی تحقیقاتی مرکز کے اقتصادی جائزے کی رپورٹ میں آیا ہے۔ اور یہ رپورٹ کہتی ہے کہ صرف برطانیہ کے آئندہ سال کے مالی خسائر کا اندازہ ۱۶.۲۰ ارب یورو ہے۔

اس رپورٹ کے مرتّب کرنے والے (ڈوگلاس میکولیز) کا کہنا ہے کہ:

"یہ خسائر اس صورت میں ہیں کہ جب کوئی اور کاروائی یا کسی قسم کا جنگی ردِّ عمل نہ بھی ہو۔"

ان حملوں کے آثار مشرقِ وسطیٰ پر بھی نمایاں ہونے لگے کہ مشرقِ وسطیٰ کے ملکوں نے اعلان کیا ہے کہ سیاحتی شعبے میں شدید کمی واقع ہونے کا خدشہ ہے اور ہو سکتا ہے کہ بعض ملکوں میں اس شعبے کا دیوالیہ ہی نکل جائے۔ اسی طرح امریکہ اور مغربی ملکوں نے بعض اسلامی ملکوں میں موجود اپنے باشندوں کو وہاں سے نکل جانے کی ہدایت کی ہے، جسکے منفی اثر سے وہاں کے صنعت و ٹیکنالوجی میں بھونچال آجائے گا کیونکہ یہ دونوں شعبے مغربی دماغوں کی مرہونِ منّت ہے۔

لیکن ان دھماکوں کی لہر نے اُس وقت اقتصادی تباہی کی چوٹی کو چھوا کہ جب نیویارک اسٹاک ایکسچینج بازار کا افتتاح ہوا، تو امریکی مال کے بازاروں کو ۵۰۰ ارب ڈالر کے خسائر کا ایک دن میں سامنا کرنا پڑا یعنی نصف ٹریلین (۵ کھرب)، جنکے آئندہ ہفتے مزید بڑھنے کی توقّع ہے۔

یہ بات تو یقینی ہے کہ آئندہ سال کے دوران امریکی سیاحتی شعبہ بری طرح متأثر ہو گا۔ اور امریکی خزانے کو معاوضات کی ادائیگی اور عسکری تیّاریوں کے لیئے اپنے اموال کو پانی کی طرح بہانا پڑے گا، جس کی پہلی کھیپ، جو ان تیّاریوں کے سلسلے میں مخصوص کی گئی ہے وہ ۴۰ ارب ڈالر ہے۔ حالانکہ ان حملوں سے پہلے ہی امریکی معیشیت کے جمود کا شکار ہونے کی یقینی صورت پیدا ہو چکی تھی۔ اور تمام تر دلائل اب اس کے جاری رہنے اور مزید گہرا ہونے کی طرف نشاندہی کر رہے ہیں۔

اب تو کئی اقتصادی ماہرین، ان خسائر کا بیسوی صدی کی تیس کی دہائی کے سب سے بڑے (عظیم) اقتصادی بحران کے خسائر سے موازنہ کرنے لگے ہیں۔

امپورٹ وایکسپورٹ (درآمدات وبرآمدات) کے شعبوں کو امریکا سے اور اسکی طرف جانے آنے والی فلائٹوں کے محدود ہونے کے سبب شدید ترین مشکلات کا سامنا ہے۔

امریکی معیشت کا زیادہ تر انحصار، اُسکے بنیادی ارکان میں سے ایک رکن، اُسکی امن وامان کی صورتحال پر تھا کہ ریاستہائے متحدہ امریکہ کئی قسم کے حفاظتی حصاروں میں قلعہ بند ہے اور یہ کہ وہ عالمی بے چینی کی صورتحال سے دور ہے۔ یہ لیجیئے۔۔۔ اب تو یہ آپ کے سامنے بدامنی وبے چینی کے سمندر میں سب سے بڑا جزیرہ بن چکا ہے۔ اور امن وامان کے عنصر کے غائب ہونے اور اس پر مستزاد یہ کہ ایک بڑی عالمی طاقت کی ہیبت کے پاش پاش ہونے کی لہریں، اُسکی معیشیت پر اثرانداز ہوتی رہیں گی۔ امریکی معیشت پچھلی نصف صدی سے مسلسل سُکڑ رہی ہے حتی کہ اُس کی سطح جو کہ عالمی پیداوار سے ۵۰ ٪ سے بھی زیادہ تھی گر کر تقریباً ۲۵ ٪ رہ گئی ہے اور یقینی بات ہے کہ اسکا یہ سکڑاؤ آئندہ عشروں میں مسلسل جاری رہے گا، جو کہ ڈالر کی قیمت پر بھی مستقل طور پر اثرانداز ہو گا۔

چونکہ امریکی طرزِ حیات کا معیشت اور اسکے نشوونما ہونے سے گہرا تعلق ہے، تو یوں در حقیقت یہ اُسکے طرزِ حیات پر حملہ تھا۔ لہٰذا، امریکہ کہ جسے اس وقت امن وامان کی شدید ترین ہنگامی صورتحال کا سامنا ہے، اس سے امریکیوں کی عیش پرستانہ زندگی جہنّم میں تبدیل ہو کر رہ جائے گی۔ ہوائی اڈّوں، بندرگاہوں اور بڑے شہروں میں شدید ترین ہنگامی حفاظتی اقدامات کیئے گئے ہیں، اسکے باوجود کوئی امریکی اپنے گھر میں بھی امن محسوس نہیں کر رہا۔ سو، انہیں بھی اس کا مزہ چکھنا چاہیئے کہ جسے مسلمان کئی عشروں سے چکھتے چلے آرہے ہیں۔

ان سب سے زیادہ اہم اور قابلِ ذکر چیز جو ہے وہ یہ کہ ان حملوں کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوا کہ امریکی گلوبل نظام جو کہ در حقیقت عالمِ اسلامی میں کفر وفحاشی اور بے ہودگی پھیلانے کا ایک بہت بڑا منصوبہ تھا، یا تو بالکل ہی بھاگ گیا بغیر واپسی کے یا پھر کم از کم دو عشروں کے لیئے تو پیچھے چلا گیا۔ یہ بات تو سب کو معلوم ہے کہ امریکی اقتصادی گلوبل نظام در حقیقت ایسی امریکی لاٹھی ہے کہ جسے وہ ہر اُس ملک پر برساتا ہے، جو اُسکے حکم سے باہر نکلے۔

یہ ایک ایسا پھندا ہے کہ جسے (امریکی) مدار سے باہر نکلنے والے کے گلے میں ڈالا جاتا ہے۔ لہٰذا، کبھی دن وہ ہوتے تھے کہ جب امریکہ کبھی اِس ملک پر اور کبھی اُس ملک پر پابندیاں لگانے کے فیصلے کرتا تھا اور آج ہم یہ دن دیکھ رہے ہیں کہ یہی امریکا اپنی اس مصیبت سے نکلنے کے لیئے اُنہی ملکوں کی مدد کا محتاج ہے کہ جن کا اس نے اقتصادی طور پر گھیراؤ کیا ہوا تھا۔

اب یہی امریکا انہی ملکوں اور ان کے عوام کے سامنے اپنی امداد کی بھیک مانگنے کے لیئے ہاتھ پھیلائے ہوئے ہے۔ جیسا کہ اُن کے اُس بڑے نے بیان دیا کہ جس نے اُنہیں یہ جادو سکھایا تھا۔ اب امریکہ کا تکبّر خاک میں مل گیا اور اُس نے اپنی اوقات پہچان لی ہے۔ لہٰذا، ان کاروائیوں سے ایک دن قبل ہم نے اخبارات میں مطالعہ کیا کہ (سی۔ آئی۔ اے) کے پاس بلّیوں کو اپنے لیئے جاسوسی کی تربیت دینے کا منصوبہ ہے اور یہ کہ اس کے پاس شہد کی مکّھی کے برابر جاسوس طیّارے ہیں۔ پھر اچانک اس کے سب خرافات کا پول کھل گیا اور اسکے جھوٹے دعوؤں کی قلعی کھل گئی اور کہ امریکا تو اپنی پوری طاقت اور

سارے لاؤ لشکر اور اس ساری بکواس کے باوجود اپنی وزارتِ دفاع اور اپنے وائٹ ہاؤس تک کا دفاع نہیں کر سکتا۔ ان کاروائیوں نے تو امریکی دعوؤں کا پول کھول کے رکھ دیا اور امریکی امن کی حقیقت کو واضح کر دیا۔

ہم اُس بدکار عمارت کی تباہی کا منظر بیان کر چکے ہیں کہ جہاں شیطان نے اپنا تخت سجا رکھا تھا اور وہیں سے وہ اپنے چیلوں کو زمین میں فساد پھیلانے کے لیئے روانہ کرتا تھا۔ میرا مطلب امریکی وزارتِ دفاع کی عمارت پینٹا گون (Pentagon) ہے۔ یہ وہ عمارت ہے جہاں سے بدترین اور بہت بڑے انسانی جرائم جنم لیتے تھے۔ یہی وہ عمارت ہے کہ جس نے دو جاپانی شہر (ہیروشیما) اور (ناگاساکی) کے جغرافیائی نقشے تیّار کرنے کا حکم دیا تھا۔ پھر امریکی فوجوں نے ان دو شہروں کو ایٹمی بموں کے ذریعے مکمّل طور پر تباہ کر دیا اور یہ امریکی افواج کا اپنے ایٹمی بموں کا پہلا تجربہ جاپان پر تھا کہ جس کے نتیجے میں دو لاکھ بیس ہزار (۲،۲۰،۰۰۰) انسان بغیر کسی گناہ کے لقمۂ اجل بن گئے۔

اسی عمارت سے (1954 – 1975) کی ویتنامی جنگ کنٹرول کی جاتی تھی کہ جس کے شکار تقریباً چالیس لاکھ (۴۰۰،۰۰۰) انسان ہوئے۔ اور کمبوڈیا اور لاؤس میں ۲۰ لاکھ (۲۰۰،۰۰۰) سے زیادہ انسان قتل ہوئے اور عراق میں ۱۷ لاکھ (۱۷،۰۰،۰۰۰) سے زیادہ مسلمان ۱۹۹۱ء سے لیکر ۲۰۰۱ء تک قتل ہوئے۔

مقبوضہ فلسطین میں ۱۹۴۸ء سے لیکر اب تک صہیونی دہشت گردی کی نذر ۳ لاکھ (۳۰۰،۰۰۰) سے زیادہ مسلمان بغیر کسی گناہ کے ارتکاب کے ہوئے۔ جبکہ اپنے گھر بار رکھنے والی آبادی کے ۵۰ لاکھ (۵۰،۰۰،۰۰۰) سے زائد مسلمان اپنی جائیداد کو چھوڑ کر دربدر ہونے پر مجبور ہوئے، جنکی جگہ پر اُن یہودیوں نے قبضہ کیا کہ جو دنیا کے مختلف کونوں سے ہجرت کر کے آئے تھے۔ لبنان بھی اس شیطانی عمارت سے نکلنے والے حملوں کا نشانہ بنا، جس سے دسیوں ہزار معصوم شہری امریکی اور اسرائیلی فوجیوں کے اُس اسلحے سے قتل ہوئے کہ جس اسلحے کو وزارتِ جنگ (پینٹا گون) سے

تعلق رکھنے والے امریکی ادارے جسے چاہتے ہیں فروخت کرتے ہیں اور جسے چاہتے ہیں اُس پر پابندی لگادیتے ہیں۔

اس ظالم عمارت کی جو جگہ ان حملوں کا نشانہ بنی، یہ وزیرِ دفاع کا خفیہ دفتر تھا اور اس سے بھی اہم یہ کہ اس میں امریکی بحری بیڑوں کا وہ ادارہ تھا کہ جس کے ذریعے امریکا نے پوری دنیا پر حملے کیئے۔

یہ تمام مصائب اور حملوں کے منصوبے وزارتِ جنگ کی اس عمارت میں تیّار کیئے جاتے اور ان پر عمل ہوتا کہ جس کا ایک حصّہ منگل کے مبارک دن تباہ ہوا۔

ہم اس کے بارے میں تو بات ہی نہیں کرنا چاہتے کہ جو کچھ (نکارا گوا) اور (بنا) اور (سلواڈور) اور دوسری لاطینی امریکی جمہوریتوں میں یا بعض شرقی یورپ میں ہوا کیونکہ یہ ایسا معاملہ ہے کہ جسے پورا عالم جانتا ہے۔

اس بات سے ہماری خوشی وسعادت میں اضافہ نہ ہوا کہ امریکی خانہ جنگی کے ایّام سے لیکر پہلی بار ایسا ہوا ہے کہ جب کوئی امریکی شہری اپنی تنصیبات کی تباہی کا نظارہ کرتا ہے اور بہتے خون کو دیکھتا ہے اور یہ جانتا ہے کہ تباہ شدہ ملبے کے نیچے کئی خاندان، دوست اور رشتہ دار ہیں، مگر وہ اُن تک پہنچ نہیں پاتا۔ کبھی یہی تباہی اور خوف وہراس امریکی زمین اور فضاء سے بہت دور ہوا کرتا تھا لیکن آج اُس نے اُنہیں آواز اور تصویر کے ساتھ چھوا ہے۔

اے کاش۔۔۔! کہ وہ ٹیلیویژن کے مراسلہ نگاروں کے ریکارڈ سے ۱۹۹۱ء میں امن کے شہر بغداد پر امریکی فوجوں اور اُنکے حلیفوں کے ہاتھوں ہونے والی تباہی کی فلمیں طلب کرکے دیکھتے!

اے کاش۔۔۔! کہ وہ مشاہدہ کرتے اُس چیز کا جو اسرائیلی فوجیں فلسطینیوں کے ساتھ امریکی اسلحے اور اُسکی حمایت کے ساتھ کررہے ہیں!

اے کاش۔۔۔! کہ وہ امریکی طیّاروں، ٹینکوں اور میزائیلوں کو فلسطینی عوام کے بنیادی ڈھانچے کو ملیامیٹ کرتے ہوئے دیکھیں!

ان حملوں کے دوسرے آثار میں یہ بھی شامل ہے کہ (مؤمنوں اور منافقوں)کی صفیں ممیّز (جدا) ہو گئیں ہیں۔ اور مسلمانوں کے سامنے حقائق واضح ہوگئے ہیں اور (الولاء والبراء) کا مسئلہ ظاہر ہوااور اس کے متعلق مسائل عملی طور پر ظاہر اور ثابت ہونے لگے۔ اور مسلمانوں کے اندر جہادی پُکار کا احیاء اور اس کا پرچم بلند ہوا۔

جبکہ اس کے ساتھ حقیقی صلیبی حقد بھی ظاہر ہو گیااور اُس نے اپنی کچلیوں کو ظاہر کر دیا۔ اور کفریہ نظریات جیسے مختلف ادیان کا اکٹھا کرنا (وحدۃ الادیان)، مغرب کے ساتھ مذاکرات، جمہوریت اور امریکی حریّت کو شکست ہوئی۔ اور امن کے نام پر کی جانے والی امریکی خرافات کا بھانڈا پھوٹا۔ اور اسکا ساری دنیامیں چیونٹی کے چلنے کی آواز تک کو جاننے جیسادعویٰ جھوٹا ثابت ہوا۔

ساری دنیاسے خوف وہراس کا جو پردہ تھا، وہ چاک ہو گیااور اُسے معلوم ہو گیا کہ کوئی بھی ملک خواہ کتنا ہی طاقتور کیوں نہ ہو جائے، تو بھی وہ کمزور ہی ہے۔ اور اس کائنات میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی سُنّتِ قائمہ اور اسکے حقیقت میں وقوع پذیر ہونے کا پتہ چلا۔ اور کافر ملکوں اور اُن کے چیلوں کا اسلام کے خلاف اپنے پوشیدہ منصوبوں کا اعلان کرنااور اسکے خلاف انکے پرچموں کاواضح ہوناہے۔

اور مسلمانوں کے اندر سے منافقوں کا ظاہر ہونا اور اُنکے عیوب کا واضح ہونا اور اسی طرح باعمل علماء کا واضح ہونااور اُن میں سے دنیا کے طلبگاروں اور آخرت کے چاہنے والوں کاواضح پتہ چلنا۔

اور مسلمان کا اتحاد و یکجہتی اور انکا اسلام کی سربلندی کی خاطر دنیا کو چھوڑنے کے لیئے تیار ہونا۔ اس کے علاوہ بہت زیادہ فوائد ان کاروائیوں کے نتیجے میں حاصل ہوئے ہیں کہ جن کے شمار کے لیئے یہ جگہ کافی نہیں۔ اور ہر روز ایسافائدہ ظاہر ہو رہاہے کہ جس سے ہر مؤمن کو خوشی ہوتی ہے۔ یاتو وہ مغرب کو

پہنچنے والی ماڈی خسائر کی شکل میں ہے یا پھر خود مسلمانوں کی صفوں میں نکھار پیدا ہونے کی شکل میں ہے۔ اور ہم سب اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے پُر امید ہیں کہ یہ حملے امریکا کے زوال کا آغاز ثابت ہوں۔

انشاء اللہ اور ہم، اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے دعاگو ہیں کہ وہ ہمیں جلد از جلد امریکہ کی مکمّل تباہی وبربادی اور اسکے زوال کا منظر دکھائے۔ اور ہم اُسی سے دعاگو ہیں کہ وہ اُنکے ملک کے ٹکڑے ٹکڑے کر دے اور اُنکے اتحاد کو پارہ پارہ کر دے اور قدموں کو لڑکھڑا دے اور اُنہیں شکست سے دوچار کرے اور اُنہیں مسلمانوں کے لیئے آسان ترین غنیمت بنادے۔

الولاءوالبراء کا معنیٰ کہ جسے اصحاب مولویوں الفضیلہ نے خاک آلود کر دیا

امام احمد نے جریر بن عبد اللہ البجلی سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے اُن (جریر بن عبد اللہ) سے اِس بات پر بیعت لی کہ:

”آپ ہر مسلمان کو نصیحت کریں گے اور کافر سے برأت کا اعلان کریں گے۔“

اور (الطبرانی) نے (الکبیر) میں ابنِ عبّاس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا:

الحدیث: ”أوثق عرى الإيمان الموالاة في الله والمعاداة في الله ، والحب في الله والبغض في الله۔“

ترجمہ: ”اللہ کے لیئے دوستی اور اللہ کے لیئے دشمنی، اللہ کے لیئے محبّت کرنا اور اللہ ہی کے لیئے بغض رکھنا، ایمان کا مضبوط ترین کڑا ہے۔“

"الشیخ محمد بن عبد الوہاب" اپنی کتاب (الرسائل الشخصیۃ) میں فرماتے ہیں:

"لیکن اُنہیں بتادیں کہ محبّت اور بغض، دوستی اور دشمنی کے بغیر آدمی کا دین صحیح نہیں ہوتا اور نہ اسکے بغیر انکا شرک چھوڑنا اُن کے لیئے فائدہ مند ہے۔ اور نہ لا الہٰ الّا اللہ کہنے کا کوئی فائدہ ہوتا ہے حتیٰ کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے لیئے کسی سے بغض کریں۔"(الرسائل الشخصیۃ)

الموالاۃ(دوستی) کا معنیٰ: "الزبیدی" نے کتاب (تاج العروس) میں کہا:

"اس کا مطلب محبت ہے قطع نظر اس کے کہ اس محبت کا درجہ ومحبت کیا ہے۔ لہٰذا، جس کسی سے بھی آپ محبّت کرتے ہیں، تو آپ نے اُسے محبوب اور دوست بنایا یعنی آپ نے اسُے اپنا مقرّب بنالیا۔" (۱۰/۴۰۱)

اور یہ لفظ (الموالاۃ) نصرت کے معنیٰ میں بھی آیا ہے۔ جبکہ لفظ (اولیاء) انتہائی خاص اور رازدار دوست کے معنیٰ میں آتا ہے اور اتحاد اور ہم خیال ہونے میں بھی آتا ہے۔

رہا لفظ (التّولّی): الجوہری نے (الصحاح) کتاب میں کہا:

"دوست کی نصرت اور کامل محبّت کو اس قدر مقدّم رکھنا کہ دوست بنانے والا اپنے دوست کے ساتھ یوں رہے کہ جیسے جسم کا سایہ ہوتا ہے۔" (۶/۲۵۳۰)

لہٰذا التّولّی اتخاذ اور اتباع مطلق کے معنیٰ میں ہیں یعنی متبوع کی نُصرت اور اُسکی قربت وتائید میں مکمّل طور پر یکسوئی اختیار کرنا۔ اور یہ اتباع اور خود سپردگی کے معنیٰ میں بھی آتا ہے۔

ہر تولّی، موالاۃ ہوتا ہے جبکہ اس کے برعکس نہیں۔ کیونکہ التّولّی، موالاۃ سے زیادہ خصوصیت والا لفظ ہے۔ لہٰذا، تولّی کفر ہے جبکہ موالاۃ میں کچھ کفر اور کچھ اس سے کم تر ہوتا ہے اور ان دونوں میں اس تفریق پر علماء کا اختلاف ہے۔

العداوۃ(عداوت) کے معنی: "یہ دل میں جم جانے والا شعور ہے کہ جو نقصان پہنچانے اور انتقام کی خواہش کی شکل میں ہو۔"

العدو(دشمن): "الولی (دوست) کا اُلٹ ہوتا ہے جس کی جمع اعداء اور اس کی جمع اعادی ہے۔ اور یہ بھی الصدیق (دوست) کی ضد ہے۔"

العدو، العداوۃ، الاعداء اور العدوان، ان سب کا قرآن میں استعمال ہوا ہے۔ جبکہ المعادۃ بکثرت استعمال ہوا ہے اور اس سے مراد بغض، کراہیت اور انتقام کی خواہش ہے کہ جو الموالاۃ کے بالکل برعکس ہے کہ جس کا اکثر استعمال المحبۃ، المودۃ، المبایعۃ، النصرۃ اور القربۃ پر دلالت کرتا ہے۔

یوں الموالاۃ اور المعاداۃ مذکورہ معنی کے مطابق دو ضدیں ہیں کہ جو کبھی اکھٹی نہیں ہو سکتیں۔ لہٰذا، کسی متعیّن شخص کے لیئے ان دونوں میں سے ایک کا وجود دوسرے کی لازمی نفی کرتا ہے۔

الشیخ محمد بن عبد الوہاب (اللہ تعالیٰ، آپ پر رحم فرمائے)، "مجموعۃ التوحید" میں فرماتے ہیں:

"جان لیجیئے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے آدم کے بیٹے پر سب سے پہلے جو فرض عائد کیا وہ طاغوت سے کفر اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ پر ایمان لانا ہے۔ اسکی دلیل اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا یہ فرمان ہے:

آیت: ﴿وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِي كُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولًا أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوتَ ---﴾

ترجمہ: ”ہم نے ہر امت میں رسول بھیجا کہ (لوگو!) صرف اللہ کی عبادت کرو اور اس کے سوا تمام معبودوں سے بچو۔۔۔۔“ (سورۃ النحل۔۳۶)

رہی طاغوت سے کفر کرنے کی صفت، تو وہ یوں ہے کہ آپ غیر اللہ کی عبادت کو باطل سمجھنے کا عقیدہ رکھیں اور اسے چھوڑ دیں اور اس سے بغض کریں اور اس کا ارتکاب کرنے والوں کو کافر سمجھیں اور اُن سے دشمنی کریں۔ (ص۹)

اور (الرسائل الشخصیۃ) کے صفحہ ۲۳۲ پر الشیخ محمد بن عبد الوہاب فرماتے ہیں:

”اُنہیں بتادیں کہ المعادۃ (دشمنی کرنا)، ابرہیم کی ملّت (مذہب) ہے اور ہمیں اُن کی پیروی کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے:

آیت: ﴿قَدْ كَانَتْ لَكُمْ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِي إِبْرَاهِيمَ وَالَّذِينَ مَعَهُ إِذْ قَالُوا لِقَوْمِهِمْ إِنَّا بُرَآءُ مِنكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَاءُ أَبَدًا حَتَّىٰ تُؤْمِنُوا بِاللَّهِ وَحْدَهُ﴾

ترجمہ: ”(مسلمانو!) تمہارے لیے حضرت ابراہیم میں اور ان کے ساتھیوں میں بہترین نمونہ ہے، جبکہ ان سب نے اپنی قوم سے برملا کہہ دیا کہ ہم تم سے اور جن جن کی تم اللہ کے سوا عبادت کرتے ہو ان سب سے بالکل بیزار ہیں۔ ہم تمہارے (عقائد کے) منکر ہیں جب تک تم اللہ کی وحدانیت پر ایمان نہ لاؤ ہم میں تم میں ہمیشہ کے لیے بغض وعداوت ظاہر ہوگئی۔“ (سورۃ الممتحنۃ۔۴)

پھر آپ نے فرمایا: ”اور اُنکے لیئے بیان کردو کہ آدمی پر واجب ہے کہ وہ اپنے اہل وعیال کو الحبّ فی اللہ والبغض فی اللہ، والموالاۃ فی اللہ والمعادۃ فی اللہ ”اللہ کے لیئے کسی سے محبت اور اللہ ہی کے لیئے کسی سے بغض، اور اللہ ہی کے لیئے کسی سے دوستی کرنا اور اللہ ہی کے لیئے کسی سے دشمنی کرنا“ وضوء

اور نماز کی تعلیم دینے کی طرح ہی سکھائے۔ کیونکہ جس طرح آدمی کا اسلام نماز کی درستگی کے بغیر صحیح نہیں، اسی طرح اس کا اسلام اللہ کی خاطر الموالاۃ والمعادۃ (دوستی ودشمنی) کی درستگی کے بغیر صحیح نہیں ہوتا۔" اَ۔ھ

الشیخ عبد اللہ بن عبد الرحمٰن، ابو بطین سے کتاب "الدرر السنیۃ" میں لا الٰہ الّا اللہ کے معنی اور الطاغوت کہ جس سے بچنے اور اور اس کے کفر کا اللہ تعالیٰ نے ہمیں حکم دیا ہے، کہ معنی کے بابت پوچھا گیا، تو آپ نے فرمایا:

الٰہ وہ معبود ہے کہ جس کی دل عبادت کریں اور اس سے محبت کریں۔ اور قرآن نے لا الٰہ الا اللہ کے معنی صراحت کے ساتھ دلالت کی ہے اور یہ کہ وہ معبود ہے جیسا کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے اس فرمان میں ہے کہ:

آیت: ﴿وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ لِأَبِيهِ وَقَوْمِهِ إِنَّنِي بَرَاءٌ مِّمَّا تَعْبُدُونَ ، إِلَّا الَّذِي فَطَرَنِي فَإِنَّهُ سَيَهْدِينِ ، وَجَعَلَهَا كَلِمَةً بَاقِيَةً فِي عَقِبِهِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ﴾

ترجمہ: "اور جبکہ ابراہیم (علیہ السلام) نے اپنے والد سے اور اپنی قوم سے فرمایا کہ میں ان چیزوں سے بیزار ہوں جن کی تم عبادت کرتے ہو، بجز اس ذات کے جس نے مجھے پیدا کیا ہے اور وہی مجھے ہدایت بھی کرے گا، اور (ابراہیم علیہ السلام) اسی کو اپنی اولاد میں بھی باقی رہنے والی بات قائم کر گئے تاکہ لوگ (شرک سے) باز آتے رہیں۔" (سورۃ الزخرف۔۲۶تا۲۸)

مفسّرین نے کہا کہ:

"یہ کلمہ توحید لا الٰہ الا اللہ اُس شخص کی ذُریت (اولاد) میں باقی رہتا ہے جو کہ اللہ کی عبادت کرتا اور اُسے اکیلا سمجھتا ہے۔ اور اللہ کے لیئے اس الموالاۃ اور اسکے سوا ہر معبود سے

البراءۃ کے کلمے کو ابراہیم کی ذُریّت میں باقی رکھنے کا معنی یہ ہے کہ اسے انبیاء اور اسکے پیروکار وراثت میں ایک دوسرے سے حاصل کریں گے۔ اور یہ کلمہ لا الٰہ الا اللہ بیان کرتا ہے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی الموالاۃ اس کی عبادت کے ساتھ ہے اور اسکے سواء ہر معبود سے برأت کا اظہار ہے۔ یہی معنی ہے لا الٰہ الا اللہ کا۔"

اس بنیاد پر جس نے شرک کو جائز قرار دیا یا مشرکوں سے دوستی کی اور اُنکا دفاع کیا یا مؤحدوں سے دشمنی کی اور اُن سے برأت کا اظہار کیا، تو ایسے شخص نے لا الٰہ الا اللہ کی حرمت کو پامال کیا، اُسکی عظمت نہیں کی اور نہ اُسکا حق ادا کیا، خواہ وہ خود کو مسلمان ہونے کا گمان کرے اور یہ گمان کرے کہ وہ اس کلمے کی حرمت کو قائم رکھنے والوں میں سے ہے۔" (۲/۱۴۳۔ ۹/۳۲۵)

الشیخ محمد بن عبد الوہاب کی آل سے عبد الرحمٰن بن حسن اور علی بن حسن کے علاوہ ابراہیم بن سیف نے بعض الاخوان کی طرف (الدرر السنیۃ) میں ایک خط لکھا، جس میں انہوں نے کہا کہ:

"بلاشبہ توحید، عبادات میں اللہ کو اکیلا سمجھنا ہے اور یہ چیز شرک اور مشرکوں سے ظاہری وباطنی طور پر برأت کا اعلان کیئے بغیر حاصل نہیں ہوتی۔"

جیسا کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے امام الحنفاء علیہ السلام کے بارے میں یہ ارشاد فرمایا کہ:

آیت: ﴿وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ لِأَبِيهِ وَقَوْمِهِ إِنَّنِي بَرَاءٌ مِّمَّا تَعْبُدُونَ، إِلَّا الَّذِي فَطَرَنِي فَإِنَّهُ سَيَهْدِينِ﴾

ترجمہ: "اور جبکہ ابراہیم (علیہ السلام) نے اپنے والد سے اور اپنی قوم سے فرمایا کہ میں ان چیزوں سے بیزار ہوں جن کی تم عبادت کرتے ہو، بجز اس ذات کے جس نے مجھے پیدا کیا ہے اور وہی مجھے ہدایت بھی کرے گا)۔" (سورۃ الزخرف۔ ۲۶، ۲۷)

اس معنی پر دلالت کرنے والی دلیلوں میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے یہ فرمودات ہیں:

آیت:﴿وَقَالُوا كُونُوا هُودًا أَوْ نَصَارَىٰ تَهْتَدُوا ۗ قُلْ بَلْ مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا ۖ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ﴾

ترجمہ: "یہ کہتے ہیں کہ یہود و نصاریٰ بن جاؤ تو ہدایت پاؤ گے۔ تم کہو بلکہ صحیح راہ پر ملت ابراہیمی والے ہیں، اور ابراہیم خالص اللہ کے پرستار تھے اور مشرک نہ تھے۔" (سورۃ البقرۃ ۱۳۵)

آیت:﴿مَا كَانَ إِبْرَاهِيمُ يَهُودِيًّا وَلَا نَصْرَانِيًّا وَلَٰكِن كَانَ حَنِيفًا مُّسْلِمًا وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ﴾

ترجمہ: "ابراہیم تو نہ یہودی تھے نہ نصرانی تھے بلکہ وہ تو یک طرفہ (خالص) مسلمان تھے، وہ مشرک بھی نہیں تھے۔" (سورۃ آل عمران۔۶۷)

آیت:﴿قُلْ صَدَقَ اللَّهُ ۗ فَاتَّبِعُوا مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ﴾

ترجمہ: "کہہ دیجئے کہ اللہ تعالیٰ سچا ہے تم سب ابراہیم حنیف کے ملت کی پیروی کرو، جو مشرک نہ تھے۔" (سورۃ آل عمران۔۹۵)

آیت:﴿۔۔۔ قُلْ إِنِّي أُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ أَوَّلَ مَنْ أَسْلَمَ ۖ وَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِينَ﴾

ترجمہ: "۔۔۔ آپ فرما دیجئے کہ مجھ کو یہ حکم ہوا ہے کہ سب سے پہلے میں اسلام قبول کروں اور تو مشرکین میں ہرگز نہ ہونا۔" (سورۃ الانعام۔۱۴)

آیت:﴿قُلْ إِنَّنِي هَدَانِي رَبِّي إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ دِينًا قِيَمًا مِّلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا ۚ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ﴾

ترجمہ:"آپ کہہ دیجئے کہ مجھ کو میرے رب نے ایک سیدھا راستہ بتادیا ہے کہ وہ ایک دین مستحکم ہے جو طریقہ ہے ابراہیم (علیہ السلام) کا جو اللہ کی طرف یکسو تھے۔ اور وہ شرک کرنے والوں میں سے نہ تھے۔"(سورۃ الانعام۔۱۶۱)

آیت:﴿إِنَّ إِبْرَاهِيمَ كَانَ أُمَّةً قَانِتًا لِّلَّهِ حَنِيفًا وَلَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِينَ﴾

ترجمہ:"بے شک ابراہیم پیشوا اور اللہ تعالیٰ کے فرمانبردار اور یک طرفہ مخلص تھے۔ وہ مشرکوں میں سے نہ تھے۔"(سورۃ النحل۔۱۲۰)

آیت:﴿ثُمَّ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ أَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا ۖ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ﴾

ترجمہ:"پھر ہم نے آپ کی جانب وحی بھیجی کہ آپ ملت ابراہیم حنیف کی پیروی کریں، جو مشرکوں میں سے نہ تھے۔"(سورۃ النحل۔۱۲۳)

آیت:﴿وَلَا يَصُدُّنَّكَ عَنْ آيَاتِ اللَّهِ بَعْدَ إِذْ أُنزِلَتْ إِلَيْكَ ۖ وَادْعُ إِلَىٰ رَبِّكَ ۖ وَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِينَ﴾

ترجمہ:"خیال رکھیئے کہ یہ کفار آپ کو اللہ تعالیٰ کی آیتوں کی تبلیغ سے روک نہ دیں اس کے بعد کہ یہ آپ کی جانب اتاری گئیں، تو اپنے رب کی طرف بلاتے رہیں اور شرک کرنے والوں میں سے نہ ہوں۔"(سورۃ القصص۔۸۷)

آیت:﴿مُنِيبِينَ إِلَيْهِ وَاتَّقُوهُ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَلَا تَكُونُوا مِنَ الْمُشْرِكِينَ﴾

ترجمہ:"(لوگو!)اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع ہو کر اس سے ڈرتے رہو اور نماز کو قائم رکھو اور مشرکین میں سے نہ ہو جاؤ۔"(سورۃ الروم۔۳۱)

آیت:﴿وَأَنْ أَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّينِ حَنِيفًا وَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِينَ﴾

ترجمہ:"اور یہ کہ اپنا رخ یکسو ہو کر (اس) دین کی طرف کر لینا، اور کبھی مشرکوں میں سے نہ ہونا۔"(سورۃ یونس۔۱۰۵)

ان آیتوں میں غور کیجیے، پھر دیکھیے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے کسی طرح اپنے رسولوں اور مؤمنوں کو ان بارہ آیتوں میں مشرکوں سے برأت کا اظہار کرنے کی تاکید کی اور اس صفت پر انکی تعریف کی۔ اور یہ بلاشک اس بات کی دلیل ہے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے مؤمنوں پر مشرکوں سے برأت کرنے کو واجب قرار دیا اور کفّار سے عموماً جبکہ جنگجوؤں سے خصوصاً بغض وعداوت کے اظہار کا حکم دیا اور مؤمنوں پر اُنکی دوستی اور انکی طرف جھکاؤ کو حرام قرار دیا۔

کفّار سے یہ برأت ہی لا الٰہ الّا اللہ کے معنیٰ کی حقیقت اور اسکا مدلول ہے۔ مشرکوں سے قطع تعلق کے اس کلمے کے مطالبے کو پورا کیئے بغیر، اور ربّ العالمین سے محبت الموالاۃ کے حکم پر عمل کیئے بغیر صرف زبان سے اس کا ادا کرنا کافی نہیں۔(۱۲۸/۲)

الشیخ الاسلام نے (مجموع الفتاوی) ۱۱۷/۷ میں فرمایا کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا یہ فرمان:

آیت:﴿لَّا تَجِدُ قَوْمًا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ يُوَادُّونَ مَنْ حَادَّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَلَوْ كَانُوا آبَاءَهُمْ أَوْ أَبْنَاءَهُمْ أَوْ إِخْوَانَهُمْ أَوْ عَشِيرَتَهُمْ ۚ أُولَٰئِكَ كَتَبَ فِي قُلُوبِهِمُ الْإِيمَانَ وَأَيَّدَهُم بِرُوحٍ مِّنْهُ ۖ ---﴾

ترجمہ: ”اللہ تعالیٰ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھنے والوں کو آپ اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرنے والوں سے محبت رکھتے ہوئے ہر گز نہ پائیں گے گو وہ ان کے باپ یا ان کے بیٹے یا ان کے بھائی یا ان کے کنبہ (قبیلے) کے (عزیز) ہی کیوں نہ ہوں۔ یہی لوگ ہیں جن کے دلوں میں اللہ تعالیٰ نے ایمان کو لکھ دیا ہے اور جن کی تائید اپنی روح سے کی ہے۔“ (سورۃ المجادلۃ۔ ۲۲)

تو، اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے خبر دی کہ آپ کو ایسا مؤمن نہیں ملے گا کہ جو اللہ اور اسکے رسول سے دشمنی کرنے والوں سے محبّت کرتا ہو کیونکہ خود ایمان اُسکی محبت کی نفی کرتا ہے۔ جیسا کہ دو ضدوں میں سے ایک دوسری کی نفی کرتی ہے۔ لہٰذا، اگر ایمان پایا گیا، تو وہ اسکی ضد کا خاتمہ کرے گا جو کہ اللہ کے دشمن سے دوستی ہے۔ لہٰذا، اگر کوئی آدمی، اللہ کے دشمنوں سے دلی دوستی کرتا ہے، تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس کے دل میں واجب ایمان نہیں ہے۔ اور اسکی مثال ایک دوسری آیت میں اللہ تعالیٰ کے اس فرمان میں ہے:

آیت:﴿تَرَىٰ كَثِيرًا مِّنْهُمْ يَتَوَلَّوْنَ الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ لَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ لَهُمْ أَنفُسُهُمْ أَن سَخِطَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ وَفِي الْعَذَابِ هُمْ خَالِدُونَ ، وَلَوْ كَانُوا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالنَّبِيِّ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْهِ مَا اتَّخَذُوهُمْ أَوْلِيَاءَ وَلَٰكِنَّ كَثِيرًا مِّنْهُمْ فَاسِقُونَ﴾

ترجمہ: ”ان میں سے بہت سے لوگوں کو آپ دیکھیں گے کہ وہ کافروں سے دوستیاں کرتے ہیں، جو کچھ انہوں نے اپنے لئے آگے بھیج رکھا ہے وہ بہت برا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان سے ناراض ہوا اور وہ ہمیشہ عذاب میں رہیں گے، اگر انہیں اللہ تعالیٰ پر اور نبی پر اور جو نازل کیا گیا ہے اس پر ایمان ہوتا تو یہ کفار سے دوستیاں نہ کرتے، لیکن ان میں کے اکثر لوگ فاسق ہیں۔“ (سورۃ المائدہ۔ ۸۰،۸۱)

لہٰذا، اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے جملہ شرطیہ بیان کیا ہے جس کا تقاضا ہے کہ اگر شرط پائی گئی، تو مشروط حرف " لَوۡ " کے ساتھ پایا جائے گا۔ جس کا تقاضا ہے کہ شرط کے عدم وجود کے ساتھ مشروط ختم ہو جائے گا۔

لہذا، فرمایا کہ:

آیت:﴿وَلَوۡ كَانُوا يُؤۡمِنُونَ بِاللَّهِ وَالنَّبِيِّ وَمَا أُنزِلَ إِلَيۡهِ مَا اتَّخَذُوهُمۡ أَوۡلِيَاءَ ---﴾

ترجمہ: "اگر انہیں اللہ تعالیٰ پر اور نبی پر اور جو نازل کیا گیا ہے اس پر ایمان ہوتا تو یہ کفار سے دوستیاں نہ کرتے۔۔۔۔" (سورۃ المائدہ۔ ۸۱)

جو اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ مذکورہ ایمان، اُنہیں (کفّار) کو دوست بنانے کی نفی کرتا ہے اور یہ اسکی ضد ہے۔ ایمان اور کفّار کو دوست بنانا، یہ دونوں چیزیں ایک دل میں اکھٹی نہیں ہو سکتیں۔ اور یہ اس بات کی بھی دلیل ہے کہ جو شخص کفّار کو دوست بناتا ہے، اُس نے اللہ اور نبی اور اُس پر نازل کیئے گئے (قرآن) پر ایمان لانے کے واجب پر عمل نہیں کیا۔ اسکی مثال اللہ سبحانہ وتعالی کے اس فرمان میں بھی ہے:

آیت:﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا الۡيَهُودَ وَالنَّصَارَىٰ أَوۡلِيَاءَ ۘ بَعۡضُهُمۡ أَوۡلِيَاءُ بَعۡضٍ ۚ وَمَن يَتَوَلَّهُم مِّنكُمۡ فَإِنَّهُ مِنۡهُمۡ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهۡدِي الۡقَوۡمَ الظَّالِمِينَ﴾

ترجمہ: "اے ایمان والو! تم یہود ونصاریٰ کو دوست نہ بناؤ یہ تو آپس میں ہی ایک دوسرے کے دوست ہیں۔ تم میں سے جو بھی ان میں کسی سے دوستی کرے وہ بے شک انہی میں سے ہے، ظالموں کو اللہ تعالیٰ ہرگز راہ راست نہیں دکھاتا۔" (سورۃ المائدہ۔ ۵۱)

لہٰذا، اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے ان آیات میں اس بات کی خبر دی ہے کہ کفّار کو دوست بنانے والا مؤمن نہیں ہو سکتا۔

شیخ الاسلام نے (مجموع الفتاویٰ، ۲۸/۱۹۰) میں فرمایا کہ:

”جبکہ کفّار، اللہ کے دشمن اور مؤمنوں کے بھی دشمن ہیں۔ اور اللہ تعالی نے مؤمنوں کے درمیان دوستی (الموالاۃ) کو واجب قرار دیا اور واضح کیا کہ یہ ایمان کے لوازمات میں سے ہے۔ جبکہ کفّار سے الموالاۃ (دوستی) سے منع کیا اور واضح کیا کہ یہ مؤمنوں کے حق کے منافی ہے۔“

ابنِ کثیر اپنی تفسیر (تفسیر ابنِ کثیر) میں فرماتے ہیں کہ اللہ تعالی کا یہ فرمان کہ:

آیت:﴿تَرَىٰ كَثِيرًا مِّنْهُمْ يَتَوَلَّوْنَ الَّذِينَ كَفَرُوا﴾

ترجمہ: ”ان میں سے بہت سے لوگوں کو آپ دیکھیں گے کہ وہ کافروں سے دوستیاں کرتے ہیں،۔۔۔“ (سورۃ المائدہ۔ ۸۰)

مجاہد نے کہا کہ اس سے مراد منافق لوگ ہیں۔ اور اللہ تعالی کا یہ فرمان کہ:

آیت:﴿۔۔۔لَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ لَهُمْ أَنفُسُهُمْ۔۔۔﴾

ترجمہ: ”۔۔۔ جو کچھ انہوں نے اپنے لئے آگے بھیج رکھا ہے وہ بہت برا ہے ۔۔۔“ (سورۃ المائدہ۔ ۸۰)

اس سے مراد اُنکی کفّار سے دوستی اور انکا مؤمنوں کے ساتھ دوستی کو چھوڑنا ہے کہ جس چیز نے اُنکے دلوں میں نفاق کو ڈال دیا اور اللہ تعالی کو ان پر قیامت تک کے لیئے مسلسل سخت ناراض کر دیا جو کہ

انکا ٹھکانہ ہے۔ اسی لیئے فرمایا کہ اللہ تعالی، اُن پر سخت ناراض ہوئے اور اسکی تفسیر اُنکی مذمّت کر کے کی اور پھر یہ خبر دی کہ وہ تو قیامت کے روز ہمیشہ ہمیشہ کے عذاب میں رہیں گے۔ اور اللہ سبحانہ وتعالی کا یہ فرمان کہ:

آیت:﴿وَلَوْ كَانُوا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالنَّبِيِّ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْهِ مَا اتَّخَذُوهُمْ أَوْلِيَاءَ ---﴾

ترجمہ: "اگر انہیں اللہ تعالیٰ پر اور نبی پر اور جو نازل کیا گیا ہے اس پر ایمان ہوتا تو یہ کفار سے دوستیاں نہ کرتے۔۔۔" (سورۃ المائدہ۔۸۱)

"یعنی اگر انہوں نے اللہ، رسول اور قرآن کریم پر حقیقی ایمان لایا ہوتا، تو وہ باطن میں کفّار کی موالاۃ (دوستی) اور اللہ، نبی اور جو آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم پر نازل ہوا، اس پر ایمان لانے والوں کے ساتھ دشمنی جیسے جرم کا ارتکاب نہ کرتے۔ لیکن ان میں سے اکثر فاسق ہیں یعنی اللہ اور اسکے رسول کی اطاعت سے خارج اور اسکی وحی اور اسکی نازل کردہ آیات کے مخالف ہیں۔" (۲/۸۵)

شیخ الاسلام ابنِ تیمیۃ نے (مجموع الفتاویٰ، ۲۸/۱۹۳) میں فرمایا کہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان:

آیت:﴿إِنَّ الَّذِينَ ارْتَدُّوا عَلَىٰ أَدْبَارِهِم مِّن بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى ۙ الشَّيْطَانُ سَوَّلَ لَهُمْ وَأَمْلَىٰ لَهُمْ ، ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوا لِلَّذِينَ كَرِهُوا مَا نَزَّلَ اللَّهُ سَنُطِيعُكُمْ فِي بَعْضِ الْأَمْرِ ۖ وَاللَّهُ يَعْلَمُ إِسْرَارَهُمْ﴾

ترجمہ: "جو لوگ اپنی پیٹھ کے بل الٹے پھر گئے اس کے بعد ان کے لئے ہدایت واضح ہو چکی یقیناً شیطان نے ان کے لئے (ان کے فعل کو) مزین کر دیا ہے اور انہیں ڈھیل دے رکھی ہے، یہ اس لئے کہ انہوں نے ان لوگوں سے جنہوں نے اللہ کی نازل کردہ وحی کو برا

سمجھا یہ کہا کہ ہم بھی عنقریب بعض کاموں میں تمہارا کہا مانیں گے، اور اللہ ان کی پوشیدہ باتیں خوب جانتا ہے۔" (سورۃ محمدؐ۔۲۵،۲۶)

لہٰذا، موالاۃ (دوستی) کی یہ قسم اُس قوم کی ردّت کا سبب بنی۔

میں نے کہا: کہ ہو سکتا ہے کہ ہمارے زمانے میں جس معاملے پر وہ کفّار کی اطاعت کا عزم کرتے ہیں، وہ نام نہاد دہشت گردی کی جنگ یا دہشت گردانہ کاروائیوں کی مذمّت کرنا ہے۔

ابنِ حزم نے مذکورہ بالا آیت کے بارے میں اپنی کتاب (الفِصَل) میں فرمایا کہ:

"اللہ نے اُنہیں حق کو پہنچانے کے بعد اور انکے لیئے ہدایت واضح کرنے کے بعد، اُنہیں مرتد اور کافر اس لیئے قرار دیا کہ جو انہوں نے کہا اور اللہ تعالی نے ہمیں یہ خبر دی کہ وہ ان کے عقیدوں کو ظاہر کرے گا۔" (۳/۲۶۲)

اور القاسمی نے اس آیت کے بارے میں (تفسیر القاسمی) میں کہا کہ:

"یہ اُن کے ارتداد کی طرف اشارہ ہے کہ اس کا سبب اُن یعنی منافقوں کا اُن لوگوں کو کہ جو اللہ کے نازل کردہ کو ناپسند کرتے ہیں یعنی یہود کو جو رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم پر قرآن کے نزول کو ناپسند کرتے ہیں، یہ کہنا کہ ہم بعض معاملے میں تمہاری اطاعت کریں گے یعنی تمہارے بعض معاملات میں جو تم حکم دو گے۔" (۱۵/۵۶)

الشیخ سلیمان بن عبد اللہ بن محمد بن عبد الوہاب نے اس آیت کے بارے میں کتاب (الدلائل فی حکم موالاۃ اہل الاشراک) کے ۵۰۔۵۱ پر فرمایا:

"اللہ تعالیٰ نے اُس سبب کی خبر دی ہے کہ جس سے اُن پر ردّت اور شیطان کے اُن کو گمراہ کرنے اور اُنہیں دھوکے میں مبتلا کرنے کا حکم جاری ہوا، وہ اُن کا اللہ تعالیٰ کے نازل

کردہ کو پسند نہ کرنے والوں کو یہ کہنا کہ ہم بعض معاملات میں تمہاری اطاعت کریں گے۔ لہٰذا، اگر ایسا شخص کہ جس نے اللہ تعالیٰ کے نازل کردہ کو ناپسند کرنے والے مشرکوں سے بعض معاملات میں اُنکی اطاعت کا صرف وعدہ ہی کیا، تو وہ کافر ہو جاتا ہے اگرچہ اُس نے اُن کیئے ہوئے وعدے پر عمل نہ کیا ہو، تو اس شخص کے بارے میں کیا خیال ہے کہ جو مشرکوں سے موافقت کرے اور ظاہر کرے کہ وہ ہدایت پر ہیں۔"

ابن جریر الطبری نے اپنی تفسیر میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ:

آیت: ﴿۔۔۔ وَمَن يَتَوَلَّهُم مِّنكُمْ فَإِنَّهُ مِنْهُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ﴾

ترجمہ: "۔۔۔ تم میں سے جو بھی ان میں کسی سے دوستی کرے وہ بے شک انہی میں سے ہے، ظالموں کو اللہ تعالیٰ ہرگز راہ راست نہیں دکھاتا۔" (سورۃ المائدہ۔۵۱)

جو شخص مؤمنوں کے خلاف اُن (کفّار) کی مدد کرتا اور اُن سے دوستی کرتا ہے، تو وہ انہی کے دین وملّت پر ہے کیونکہ کوئی بھی کسی کو صرف اسی صورت میں دوست بناتا ہے کہ جب وہ اس سے، اس کے دین اور جس (نظریے) پر وہ ہے، اُس سے راضی ہوتا ہے۔ اور جب وہ اُس سے اور اُس کے دین سے راضی ہوا، تو اُس نے (گویا) اُسکی دشمنی کی کہ جو اُس (اسکے دوست) خلاف ہو اور اُسے ناراض کرے۔ اس طرح اُس کا (شرعی) حکم بھی اُس (کے دوست) کے (شرعی) حکم جیسا ہی ہوگا۔ (۶/۱۶۰)

القرطبی نے اس آیت کی تفسیر کے بارے میں (تفسیر القرطبی) میں کہا کہ:

"ومن یتولھم منکم کیونکہ وہ اُنکی مسلمانوں کے خلاف تقویت کا باعث بنتا ہے۔ فانہ منھم یہاں واضح کیا کہ اُس کا (شرعی) حکم، اُنہی جیسا (شرعی) حکم ہوگا۔ اور وہ (شرعی) حکم مرتد کی مسلمان کے لیئے میراث سے منع کرتا ہے۔ اور جس نے اس سے

دوستی کی تھی وہ ابنِ ابی تھا، پھر یہ الموالاۃ (دوستی) ختم کرنے کا (شرعی) حکم قیامت تک باقی ہے۔" (٦/٢١٧)

ابن حزم (المحلی) میں فرماتے ہیں:

"یہ بات صحیح ہے کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان کہ ومن یتولھم فانہ منکم اس کا ظاہری حکم یہی ہے کہ وہ بھی کفّار کے ضمن میں کافر ہے۔ اور اس میں کسی بھی دو مسلمانوں کا اختلاف نہیں۔" (١٣/٣٥)

ابن القیّم (احکام اہل الذمہ) میں فرماتے ہیں کہ:

"اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فیصلہ کر دیا ہے اور اس سے بہتر فیصلہ کرنے والا کوئی نہیں۔ اور وہ یہ کہ جو شخص یہود ونصاریٰ کو دوست بنائے گا، تو وہ انہی میں سے ہو گا۔ ومن یتولھم منکم فانہ منھم۔ لہٰذا، جب قرآن کی نص کی رو سے وہ ان (کفّار) کے دوست اُنہی میں سے ہیں، تو اُن کا (شرعی) حکم بھی اُنہی جیسا ہو گا۔" (١/٦٧)

اور القاسمی (تفسیر القاسمی) میں کہتے ہیں کہ:

"فانہ منھم یعنی اُنکے ضمن میں ہو گا اور اُسکا (شرعی) حکم، اُنہی کے حکم جیسا ہو گا۔ خواہ وہ یہ گمان کرے کہ وہ ان کے دین کا مخالف ہے کیونکہ وہ اپنی حالت کی دلالت کے ساتھ مکمل موافقت کی دلالت ہے۔" (٦/٢٤٠)

البیضاوی (الدلائل فی حکم موالاۃ الشراک) سے نقل کرتے ہوئے صفحہ ٥٦ اور صفحہ ٥٧ پر فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ:

آیت:﴿لَّا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُونَ الْكَافِرِينَ أَوْلِيَاءَ مِن دُونِ الْمُؤْمِنِينَ ۖ وَمَن يَفْعَلْ ذَٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللَّهِ فِي شَيْءٍ ---﴾

ترجمہ:"مومنوں کو چاہئے کہ ایمان والوں کو چھوڑ کر کافروں کو اپنا دوست نہ بنائیں اور جو ایسا کرے گا وہ اللہ تعالیٰ کی کسی حمایت میں نہیں---"(سورۃ آلِ عمران۔۲۸)

اور فرمایا کہ ومن یفعل ذالك یعنی اُنہیں دوست بنانا، فلیس من اللہ شئ یعنی اللہ تعالیٰ کی ولایت (دوستی) میں سے کوئی بھی چیز اس کیلئے نہیں کیونکہ دشمنی اور دوستی اکھٹی نہیں ہوسکتیں۔

الشوکانی نے اس آیت کے بارے میں (تفسیر فتح القدیر ۱/۳۳۱) میں فرمایا کہ:

"لا یتخذ من دون المؤمنین حالتِ زار یعنی مؤمنوں سے تجاوز کر کے کفّار کو یا پھر دونوں کو دوست بناتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کا معنیٰ فلیس من اللہ شئ یعنی کسی بھی چیز میں اُس کی ولایت (دوستی) نہیں۔ بلکہ وہ تو ہر حال میں اس سے باہر نکل چکا ہے۔"

ابو السعود نے (تفسیر ابی السعود میں ۲۱/۵۲۳) میں فرمایا کہ:

آیت:﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِن تُطِيعُوا فَرِيقًا مِّنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ يَرُدُّوكُم بَعْدَ إِيمَانِكُمْ كَافِرِينَ﴾

ترجمہ:"اے ایمان والو! اگر تم اہل کتاب کی کسی جماعت کی باتیں مانو گے تو وہ تمہیں تمہارے ایمان لانے کے بعد مرتد کافر بنادیں گے۔" (سورۃ آلِ عمران۔۱۰۰)

اور (ایمان سے) سے ردّت کو اُنکے صرف ایک فریق کی اطاعت سے معلّق کرنا، دراصل اُنکی اطاعت سے ڈرانے کے لیئے اور اُنکے ساتھ کو مکمّل طور پر چھوڑنے پر آمادہ کرنے کے لیئے مبالغہ کے طور پر کہا گیا۔ کیونکہ اس میں قوّت ہوتی ہے کہ جب یہ کہا جائے کہ کسی فریق کی بھی اطاعت نہ کرو۔ لہٰذا، یہ فعل مطلق طور پر آیا ہے۔ اور اس سے متعلقہ معمول کا حذف ہونا عمومیت پر دلالت کرتا ہے۔ لہٰذا، آیتِ کریمہ تمام حالات میں اور زندگی کے تمام شعبوں میں اہل کتاب کی اطاعت سے شدید ترین تنبیہ کرتی ہے، تو پھر دوسرے کفّار کے بارے میں تو اس سے بھی زیادہ سخت ہوگی۔

الشیخ سلیمان بن عبد اللہ بن محمد بن عبد الوہاب (الدلائل فی حکم موالاۃ اہل الاشراک) کے صفحہ ۳۳ پر فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ:

آیت: ﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِن تُطِيعُوا الَّذِينَ كَفَرُوا يَرُدُّوكُمْ عَلَىٰ أَعْقَابِكُمْ فَتَنقَلِبُوا خَاسِرِينَ﴾

ترجمہ: "اے ایمان والو! اگر تم کافروں کی باتیں مانو گے تو وہ تمہیں تمہاری ایڑیوں کے بل پلٹا دیں گے، (یعنی تمہیں مرتد بنا دیں گے) پھر تم نامراد ہو جاؤ گے۔" (سورۃ آلِ عمران۔۱۴۹)

اللہ تعالیٰ نے خبر دی ہے کہ اگر مؤمنوں نے کفّار کی اطاعت کی، تو یہ بات ضروری ہے کہ وہ انہیں اسلام سے انکی ایڑیوں پر پھیر دیں گے۔ کیونکہ وہ کفر کے علاوہ اُن سے قائل نہیں ہوتے۔ اور یہ خبر دی کہ اگر انہوں نے ایسا کیا، تو وہ دنیا و آخرت میں گھاٹا پانے والوں میں سے ہو جائیں گے۔ اور خوف کی وجہ سے بھی انکی اطاعت اور موافقت کی اجازت نہیں دی۔ اور یہی حقیقت ہے کیونکہ وہ (کفّار) اُن سے موافقت کرنے والوں سے قائل ہی نہیں ہوتے ماسوائے اس کے کہ اُن کے حق پر ہونے کی گواہی دی جائے اور مسلمانوں کے خلاف بغض و عداوت کا اظہار کیا جائے۔

الشیخ محمد الامین الشنقیطی نے (اضواء البیان) کتاب (۴/۸۳) میں کہا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ:

آیت:﴿وَلَا تَأْكُلُوا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللَّهِ عَلَيْهِ وَإِنَّهُ لَفِسْقٌ ۗ وَإِنَّ الشَّيَاطِينَ لَيُوحُونَ إِلَىٰ أَوْلِيَائِهِمْ لِيُجَادِلُوكُمْ ۖ وَإِنْ أَطَعْتُمُوهُمْ إِنَّكُمْ لَمُشْرِكُونَ﴾

ترجمہ:"اور ایسے جانوروں میں سے مت کھاؤ جن پر اللہ کا نام نہ لیا گیا ہو اور یہ کام نافرمانی کا ہے اور یقیناً شیاطین اپنے دوستوں کے دل میں ڈالتے ہیں تاکہ یہ تم سے جدال کریں اور اگر تم ان لوگوں کی اطاعت کرنے لگو تو یقیناً تم مشرک ہو جاؤ گے۔" (سورۃ الانعام۔۱۲۱)

اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے صراحت کردی کہ جب ان (مسلمانوں) نے اُن (کفّار) کی حلال وحرام میں موافقت کی، تو یوں اُن کفار کی اطاعت کرکے مشرک ہو گئے۔

الشیخ حمد بن عتیق (ہدایۃ الطریق) صفحہ نمبر ۱۹۔۷۷ پر فرماتے ہیں کہ:

"رہی کفّار ومشرکین کی دشمنی، تو جان لیجیئے کہ بلاشبہ اللہ تعالی نے اسے واجب ترین قرار دیا اور اس پر عمل کی سخت تاکید کی۔ اور انکی دوستی کو حرام قرار دیا کہ اور اس میں اتنی سختی ہے کہ حتیٰ کہ اللہ تعالی کی کتاب میں توحید کے وجوب اور اسکی ضد کی حرمت کے بعد کوئی دوسرا ایسا حکم نہیں کہ جس بارے میں اس حکم سے زیادہ دلیلیں ہوں یا زیادہ واضح ہو۔"

پھر انہوں نے کہا؛ ابنِ کثیر نے فرمایا:

بلاشبہ زمین میں فساد کے اسباب میں سے ایک مؤمنوں کا کفّار کو دوست بنانا ہے۔ جیسا کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا ہے:

آیت:﴿وَالَّذِينَ كَفَرُوا بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ ۚ إِلَّا تَفْعَلُوهُ تَكُن فِتْنَةٌ فِي الْأَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيرٌ﴾

ترجمہ:"کافر آپس میں ایک دوسرے کے رفیق ہیں، اگر تم نے ایسانہ کیا تو ملک میں فتنہ ہو گا اور زبردست فساد ہو جائے گا۔" (سورۃ الانفال۔۷۳)

لہٰذا، مؤمنوں اور کفّار کے درمیان موالاۃ (دوستی) کو ختم کر دیا۔ جیسا کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا:

آیت:﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا الْكَافِرِينَ أَوْلِيَاءَ مِن دُونِ الْمُؤْمِنِينَ ۚ ---﴾

ترجمہ:"اے ایمان والو! مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست نہ بناؤ،----"(سورۃ النساء۔۱۴۴)

پھر کہا:

فصل: یہاں کئی ایسے اُمور ہیں کہ جن کی تنبیہ ضروری ہے۔ اور ان کا اہتمام واجب ہے تاکہ اس کے فاعل کے لیئے مشرکوں کے دین سے بچنا ممکن ہو۔

پہلا معاملہ: اُن (کفّار) کی خواہشات کی پیروی ترک کرنا، اس لیئے اللہ تعالی نے اُن کی پیروی سے منع فرمایا۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ فرماتے ہیں:

آیت:﴿وَلَن تَرْضَىٰ عَنكَ الْيَهُودُ وَلَا النَّصَارَىٰ حَتَّىٰ تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ ۗ قُلْ إِنَّ هُدَى اللَّهِ هُوَ الْهُدَىٰ ۗ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَاءَهُم بَعْدَ الَّذِي جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللَّهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ﴾

ترجمہ: ''آپ سے یہود و نصاریٰ ہرگز راضی نہیں ہوں گے جب تک کہ آپ ان کے مذہب کے تابع نہ بن جائیں، آپ کہہ دیجئے کہ اللہ کی ہدایت ہی ہدایت ہے اور اگر آپ نے باوجود اپنے پاس علم آجانے کے، پھر ان کی خواہشوں کی پیروی کی تو اللہ کے پاس آپ کا نہ تو کوئی ولی ہوگا اور نہ مددگار۔'' (سورۃ البقرۃ۔۱۲۰)

شیخ الاسلام نے کہا کہ غور کیجیئے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اس خبر میں کس طرح کہا کہ (ملتهم) اور نہی منع کرنے کے بارے میں فرمایا (اهواء هم) کیونکہ وہ قوم تو صرف اپنی ملّت کی مطلق طور پر پیروی کرنے ہی میں راضی ہوتے ہیں۔ اور اُنکی کم یا زیادہ خواہشات میں پیروی سے سرزنش کی ہے۔

دوسرا معاملہ: جس چیز کا وہ حکم دیں، اُسکی معصیت کرنا۔ اس لیئے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے کُفّار کی اطاعت سے منع کیا ہے اور یہ خبر دی ہے کہ اگر مسلمانوں نے اُن (کُفّار) کی اطاعت کی، تو وہ اُنہیں (مسلمانوں) کو ایمان سے کفر و خسارے کی طرف پھیر دیں گے۔ سو، اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا:

آیت:﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِن تُطِيعُوا فَرِيقًا مِّنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ يَرُدُّوكُم بَعْدَ إِيمَانِكُمْ كَافِرِينَ﴾

ترجمہ: ''اے ایمان والو! اگر تم اہل کتاب کی کسی جماعت کی باتیں مانو گے تو وہ تمہیں تمہارے ایمان لانے کے بعد مرتد کافر بنا دیں گے۔'' (سورۃ آلِ عمران۔۱۰۰)

اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا:

آیت:﴿۔۔۔ وَلَا تُطِعْ مَنْ أَغْفَلْنَا قَلْبَهُ عَن ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوَاهُ وَكَانَ أَمْرُهُ فُرُطًا﴾

ترجمہ: "۔۔۔ دیکھ اس کا کہنا نہ ماننا جس کے دل کو ہم نے اپنے ذکر سے غافل کر دیا ہے اور جو اپنی خواہش کے پیچھے پڑا ہوا ہے اور جس کا کام حد سے گزر چکا ہے۔" (سورۃ الکہف۔ ۲۸)

اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا:

آیت: ﴿وَلَا تَأْكُلُوا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللَّهِ عَلَيْهِ وَإِنَّهُ لَفِسْقٌ ۗ وَإِنَّ الشَّيَاطِينَ لَيُوحُونَ إِلَىٰ أَوْلِيَائِهِمْ لِيُجَادِلُوكُمْ ۖ وَإِنْ أَطَعْتُمُوهُمْ إِنَّكُمْ لَمُشْرِكُونَ﴾

ترجمہ: "اور ایسے جانوروں میں سے مت کھاؤ جن پر اللہ کا نام نہ لیا گیا ہو اور یہ کام نافرمانی کا ہے اور یقیناً شیاطین اپنے دوستوں کے دل میں ڈالتے ہیں تاکہ یہ تم سے جدال کریں اور اگر تم ان لوگوں کی اطاعت کرنے لگو تو یقیناً تم مشرک ہو جاؤ گے۔" (سورۃ الانعام۔۱۲۱)

تیسرا معاملہ: کفّار اور ظالموں کی طرف جھکاؤ کو چھوڑ دینا۔ اس لیئے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اس سے منع فرمایا:

آیت: ﴿وَلَا تَرْكَنُوا إِلَى الَّذِينَ ظَلَمُوا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُم مِّن دُونِ اللَّهِ مِنْ أَوْلِيَاءَ ثُمَّ لَا تُنصَرُونَ﴾

ترجمہ: "دیکھو ظالموں کی طرف ہرگز نہ جھکنا ورنہ تمہیں بھی (دوزخ کی) آگ لگ جائے گی اور اللہ کے سوا اور تمہارا مددگار نہ کھڑا ہو سکے گا اور نہ تم مدد دیئے جاؤ گے۔" (سورۃ ہود۔۱۱۳)

تو، اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے ظالموں کی طرف جھکنے سے منع فرمایا اور اُس پر آگ کے عذاب اور عدم نصرت کی وعید سنائی۔ جبکہ ظلم کی سب سے بڑی قسم شرک ہے۔ جیسا کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا:

آیت:﴿۔۔۔ إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ﴾

ترجمہ:"۔۔۔بیشک شرک بڑا بھاری ظلم ہے۔" (سورۃ لقمان۔۱۳)

لہٰذا، جو کوئی مشرکوں کی جانب جھکا یعنی اُن کی طرف مائل ہوا اور اُنکے اعمال میں سے کسی بھی چیز سے راضی ہوا، تو وہ اس بات کا مستحق ہے کہ اللہ تعالیٰ اُسے آگ کا عذاب دے اور یہ کہ اُسے دنیا وآخرت میں تنہا چھوڑ دے۔ اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا:

آیت:﴿وَلَوْلَا أَن ثَبَّتْنَاكَ لَقَدْ كِدتَّ تَرْكَنُ إِلَيْهِمْ شَيْئًا قَلِيلًا، إِذًا لَّأَذَقْنَاكَ ضِعْفَ الْحَيَاةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ عَلَيْنَا نَصِيرًا﴾

ترجمہ:"اگر ہم آپ کو ثابت قدم نہ رکھتے تو بہت ممکن تھا کہ ان کی طرف قدرے قلیل مائل ہو ہی جاتے، یہ تو آپ کے قدم اس سرزمین سے اکھاڑنے ہی لگے تھے کہ آپ کو اس سے نکال دیں۔ پھر یہ بھی آپ کے بعد بہت ہی کم ٹھہر پاتے۔" (سورۃ الِاسراء۔۷۴، ۷۵)

لہٰذا، اللہ تعالیٰ نے خبر دی ہے کہ اگر اُسکی طرف اپنے رسول صلّی اللہ علیہ وسلّم کی ثابت قدمی نہ ہوتی، تو آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم مشرکوں کی جانب تھوڑا سا مائل ہو جاتے۔ اور اگر آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم اُن (مشرکوں) کی طرف جھک جاتے، تو اللہ سبحانہ وتعالیٰ، آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم کو دنیا وآخرت میں دوگنا عذاب ضرور دیتے۔ لیکن اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم کو ثابت قدم رکھا۔ لہٰذا، آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم اُن (مشرکوں) کی طرف نہ جھکے بلکہ آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے اُن (مشرکوں) سے دشمنی کی اور اُن (مشرکوں) سے ہاتھ روک لیا۔ لیکن بات یہ ہے کہ جب نبی صلّی اللہ

علیہ وسلّم کی عصمت کے باوجود اس شدّت کا خطاب تھا، تو پھر آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے بعد کوئی اور تو اس کا زیادہ مستحق ہے۔

چوتھا معاملہ: اللہ تعالیٰ کے دشمنوں کی محبّت کو چھوڑنا۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا فرمان ہے:

آیت:﴿لَّا تَجِدُ قَوْمًا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ يُوَادُّونَ مَنْ حَادَّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَلَوْ كَانُوا آبَاءَهُمْ أَوْ أَبْنَاءَهُمْ أَوْ إِخْوَانَهُمْ أَوْ عَشِيرَتَهُمْ ۚ ---﴾

ترجمہ: "اللہ تعالیٰ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھنے والوں کو آپ اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرنے والوں سے محبت رکھتے ہوئے ہر گز نہ پائیں گے گو وہ ان کے باپ یا ان کے بیٹے یا ان کے بھائی یا ان کے کنبہ (قبیلے) کے (عزیز) ہی کیوں نہ ہوں۔---- "(سورۃ المجادلۃ۔۲۲)

شیخ الاسلام نے کہا کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے یہ خبر دی ہے کہ ایسا کوئی مؤمن موجود نہیں کہ جو اللہ اور اسکے رسول کے دشمن سے محبت کرتا ہو خواہ وہ انکے باپ ہی کیوں نہ ہوں۔ اور نہ کوئی ایسا مؤمن موجود ہے کہ جو کافر سے محبّت کرتا ہو۔ تو، جو کوئی کافر سے محبّت کرتا ہے وہ مؤمن ہی نہیں۔

میں نے کہا: جب ایسے شخص سے اللہ تعالیٰ نے ایمان کی نفی کر دی کہ جو اللہ اور اسکے رسول کے دشمن اپنے باپ، بھائی اور برادری سے محبت کرتا ہے، تو جو شخص دور کے کفّار سے محبّت کرتا ہے وہ تو یقیناً مؤمن نہیں ہو گا۔

میرے بھائی۔۔۔ اللہ آُپ کی حفاظت کرے! کیا آپ نے اس عظیم مسئلے پر علماء کے ان دلائل پر غور کیا! کہ جس کا میں نے آُپ کے سامنے بہت ہی معمولی سا حصّہ پیش کیا ہے لیکن میرا خیال ہے کہ جو کچھ میں نے نقل کیا ہے وہ کافی ہے۔ لہٰذا، چونکہ لوگ اس زمانے میں الولاء والبراء کے اُصول سے سستی کرتے ہیں اور اِس کے ساتھ سربلند نہیں کرتے اور اس بات سے جاہل ہیں کہ یہ دین کا حصّہ ہے۔ اللہ کی

قسم، اگر لوگوں کے دل اللہ کی محبّت سے بھر جائیں، تو ان میں اس چیز کی ہر گز جگہ باقی نہ رہے کہ جو اللہ کی محبت اور جس شخص اور جس چیز سے اللہ محبت کرتا ہے، اُس کے منافی ہو۔ لیکن بات یہ ہے کہ دل پتّھر بن چکے ہیں بلکہ اس سے بھی زیادہ سخت۔ لہٰذا، دیکھیئے کہ عظیم ترین مخلوقات نے کُفّار کی دوستی، محبّت اور اُنکی مدد، اُنکے ساتھ کھڑے ہونے، اُن سے تعزیّت کرنے اور اُنکے مصائب پر اُن سے اظہار افسوس تو درکنار اُن کے اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی شان میں کہے ہوئے بعض اقوال کو بھی برداشت نہیں کیا اور قریب تھا کہ تباہ ہو جائیں اور ریزہ ریزہ ہو جائیں۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا فرمان ہے:

آیت:﴿وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمَٰنُ وَلَدًا ، لَّقَدْ جِئْتُمْ شَيْئًا إِدًّا ، تَكَادُ السَّمَاوَاتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنشَقُّ الْأَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ، أَن دَعَوْا لِلرَّحْمَٰنِ وَلَدًا ، وَمَا يَنبَغِي لِلرَّحْمَٰنِ أَن يَتَّخِذَ وَلَدًا﴾

ترجمہ: ”ان کا قول تو یہ ہے کہ اللہ رحمٰن نے بھی اولاد اختیار کی ہے، یقیناً تم بہت بری اور بھاری چیز لائے ہو، قریب ہے کہ اس قول کی وجہ سے آسمان پھٹ جائیں اور زمین شق ہو جائے اور پہاڑ ریزہ ریزہ ہو جائیں، کہ وہ رحمان کی اولاد ثابت کرنے بیٹھے، شان رحمٰن کے لائق نہیں کہ وہ اولاد رکھے۔“ (سورۃ مریم۔۸۸ تا ۹۲)

غور کیجیئے کہ کس طرح یہ عظیم ترین مخلوقات، کُفّار کے اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی شان وشوکت کے خلاف بدترین قول کے سبب تباہ ہونے اور ختم ہونے کے قریب ہو گئیں۔ سو وہ (کُفّار) تو بہتان تراش اور کھلے کفر والے ہیں۔ انہوں نے کہا تھا:

آیت:﴿۔۔۔إِنَّ اللَّهَ فَقِيرٌ وَنَحْنُ أَغْنِيَاءُ۔۔۔﴾

ترجمہ: ”۔۔۔ جنہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ فقیر ہے اور ہم تونگر ہیں۔۔۔۔“ (سورۃ آل عمران۔۱۸۱)

اور انہوں نے کہا:

آیت:﴿۔۔۔یَدُ اللّٰہِ مَغۡلُوۡلَۃٌ ۚ۔۔۔﴾

ترجمہ:"۔۔۔ کہ اللہ تعالیٰ کے ہاتھ بندھے ہوئے ہیں۔۔۔۔" (سورۃ المائدۃ۔ ۶۴)

اور کہا:

آیت:﴿وَقَالَتِ الۡیَہُوۡدُ عُزَیۡرُۨ ابۡنُ اللّٰہِ وَقَالَتِ النَّصٰرَی الۡمَسِیۡحُ ابۡنُ اللّٰہِ ؕ ۔۔۔﴾

ترجمہ:"یہود کہتے ہیں عزیر اللہ کا بیٹا ہے اور نصرانی کہتے ہیں مسیح اللہ کا بیٹا ہے۔۔۔۔" (سورۃ التوبۃ۔ ۳۰)

اور کہا:

آیت:﴿۔۔۔ اِنَّ اللّٰہَ ثَالِثُ ثَلٰثَۃٍ ۔۔۔﴾

ترجمہ:"۔۔۔ اللہ تین میں کا تیسرا ہے،۔۔۔۔" (سورۃ المائدۃ۔ ۷۳)

اور کہا:

آیت:﴿۔۔۔ اِنَّ اللّٰہَ ہُوَ الۡمَسِیۡحُ ابۡنُ مَرۡیَمَ ؕ ۔۔۔﴾

ترجمہ:"۔۔۔ اللہ ہی مسیح ابن مریم ہے،۔۔۔۔" (سورۃ المائدۃ۔ ۱۷)

اُنکا یہ قول تو صرف اللہ تعالیٰ کے حق میں ہے جبکہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے بارے میں تو اُن کے بہت زیادہ اقوال ہیں اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے نبیوں اور اُسکے رسول کریم کے صحابہ کے بارے میں اُن کے اقوال لاتعداد وبے شمار ہیں۔

اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی شان میں کہے گئے اُن کے یہ تمام اقوال کہ جن کی بدولت آسمان گرنے کے قریب ہوگئے، زمین پر زلزلہ آنے کے قریب ہوا اور وہ پھٹنے کے قریب ہوگئی جبکہ پہاڑ ریزہ ریزہ ہونے کے قریب ہوگئے، مگر اب تک یہود ونصاریٰ اور دوسرے کُفّار یہ اعتقادات رکھتے اور اُنہیں دہراتے ہیں بلکہ وہ تو اس سے بھی زیادہ سخت اور بری بات کہتے ہیں۔ اس سب کے باوجود آپ کو ایسے مسلمان بھی ملیں گے کہ جو ان سے محبت کرتے، اُن کی مدد کرتے، اُن کے غمگسار بنتے، اُن کی خوشیوں پر خوش ہوتے اور جب اُن پر اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی سزا آئے، تو یہ اُن کے ساتھ کھڑے ہوتے ہیں۔ سو، مسلمانوں کے دل تو گونگے پہاڑوں سے بھی زیادہ سخت ہوگئے ہیں۔

حالانکہ اگر دل، اللہ تعالیٰ سے حقیقی محبّت کرنے لگیں اور اسلام کے ساتھ صحیح معنوں میں راضی ہوں، تو اُن میں کفّار کی آوازیں سننے یا اُنکی طرف دیکھنے کی ہمّت ہی نہ رہے۔ اُن کی تعزیّت کرنا، اُنکے لیئے خون کے عطیات دینا، اُنکی غمگساری ومدد کرنا اور مسلمانوں کے خلاف اُنکی حمایت کرنا اور دہشت گردی (جہاد) کے خلاف اُن کی صفوں میں کھڑے ہونا تو دور کی بات ہے۔ کیونکہ ایسے تمام کام صرف کسی ایسے بیمار دل سے ہی صادر ہوسکتے ہیں کہ جو نہ تو اللہ تعالیٰ سے محبت کرتا ہے اور نہ ہی اُس سے دشمنی کرتا ہے کہ جس سے اُس کے حبیب کی دشمنی ہو۔ اور نہ ہی وہ لا الٰہ الّا اللہ کا معنی جانتا ہے اور نہ اُس پر عمل کرتا ہے۔ لہٰذا، اُنکے نزدیک تو اللہ سبحانہ وتعالیٰ کو گالی دینے والا، اُسکی تعریف کرنے والے کے مانند ہے اور کفر کرنے والا ایمان لانے والے کی مانند ہے۔ ولا حول ولا قوّۃ الّا باللہ

کفّار کی نُصرت کا معنی جس سے مولوی غافل بن گئے

الشیخ محمد بن عبد الوہاب رحمۃ اللہ علیہ نے "عقیدۃ الموٴحدین" کے صفحہ ۴۵۷ پر نواقضِ اسلام (دائرہ اسلام سے خارج کرنے والے اُمور) کو شمار کرتے ہوئے کہا:

آٹھواں: "مسلمانوں کے خلاف مشرکوں کی نصرت واعانت کرنا۔"

اس کی دلیل اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے یہ فرمان ہے کہ:

آیت: ﴿۔۔۔ وَمَن يَتَوَلَّهُم مِّنكُمْ فَإِنَّهُ مِنْهُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ﴾

ترجمہ: "۔۔۔ تم میں سے جو بھی ان میں کسی سے دوستی کرے وہ بے شک انہی میں سے ہے، ظالموں کو اللہ تعالیٰ ہر گز راہ راست نہیں دکھاتا۔" (سورۃ المائدہ۔۵۱)

(مختار الصحاح) میں فرمایا:

(الظھیر ۔۔۔ نصرت کرنے والا) کا مطلب (المعین ۔۔۔ اعانت کرنے والا) اور اسی سے اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا یہ فرمان کہ:

آیت: ﴿۔۔۔ وَالْمَلَائِكَةُ بَعْدَ ذَٰلِكَ ظَهِيرٌ﴾

ترجمہ: "۔۔۔ اور ان کے علاوہ فرشتے بھی مدد کرنے والے ہیں۔" (سورۃ التحریم۔ ۴)

اور ظاہر، باطن کے اُلٹ ہے۔ اور (ظَھَر الشّيء ۔۔۔ یعنی واضح ہوئی)اور (ظَھَر علی فُلان ۔۔۔ یعنی اُس پر غالب آیا) اور (اَظھَرَ الشيء ۔۔۔ یعنی اُسے واضح کیا)اور (اَظھَرَ) کا یہ معنی بھی ہے کہ ظہر کا وقت ہو گیا۔ اور (المظاھرہ ۔۔۔ یعنی معاونت) اور (التظاھر ۔۔۔ یعنی التعاون) اور (استظھر بہ۔۔۔ یعنی اس سے تعاون طلب کرنا) اور (الظِھَارۃ۔۔۔ باطن چیز کے اُلٹ ہے)۔

الشیخ سلیمان بن عبد اللہ بن الشیخ محمد بن عبد الوہاب (اللہ، ان سب پر رحم فرمائے) نے (مجموعۃ التوحید) میں فرمایا(اللہ، آپ پر رحم فرمائے):

"مشرکوں کے خوف سے اور اُنکے شَر سے بچنے کے لیئے اُنکی چاپلوسی کرنا اور اپنے باطن کو چھپا کر اُنکے دین سے موافقت ظاہر کرتا ہے، تو وہ بھی اُنہی کی مانند کافر ہے۔ خواہ وہ اُنکے دین سے نفرت کرے، اُن سے بغض رکھے اور اسلام اور مسلمانوں سے محبت کرے۔ یہ تو صرف اتنی سی بات پر ہے، تو پھر اُس شخص کے بارے میں کیا خیال ہے کہ جو کافر طاقت کے ملک میں ہو اور اُن سے قوّت پکڑے اور اُنکے باطل دین پر موافقت ظاہر کرے اور اُنکی مال ونُصرت سے اعانت کرے اور اُن سے دوستی کرے جبکہ اپنے اور مسلمانوں کے درمیان دوستی کو ختم کر دے اور مزاروں، شرک اور اُسکے ماننے والوں کا سپاہی بن جائے۔ حالانکہ اس سے قبل وہ اخلاص و توحید اور اُسکے ماننے والوں کا سپاہی تھا، تو اس میں کوئی مسلمان شک نہیں کرے گا کہ ایسا شخص کافر ہے اور یہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ اور اُسکے رسول صلّی اللہ علیہ وسلّم کی دشمنی میں تمام لوگوں سے شدید تر ہے۔ اور اس (شرعی) حکم سے صرف ایسا مجبور شخص ہی مستثنیٰ کیا جا سکتا ہے کہ جس پر مشرک غالب آجائیں اور اسے کہیں کہ کُفر کا ارتکاب کر یا یہ کام کر ورنہ ہم تیرے ساتھ یہ سلوک کریں گے یا تجھے قتل کر ڈالیں گے یا اُسے پکڑ کر اُس پر تشدّد کریں حتیٰ کہ وہ اُن کی بات مان لے، تو اس صورت میں دل ایمان پر مطمئن ہونے کے ساتھ صرف زبان سے موافقت کرنا اُس کے لیئے جائز ہے۔

علماء کا اس بات پر اجماع ہے کہ جو شخص ٹھٹھہ، مذاق کی حالت میں کُفر بولے گا، تو وہ کافر ہو جاتا ہے۔ تو، پھر اس شخص کے بارے میں کیا خیال ہے کہ جو خوف اور دنیا کی لالچ میں کُفر کا اظہار کرے؟ اور میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی مدد واعانت سے بعض دلیلیں پیش کرتا ہوں۔) (۱/۳۰۲)

پھر آپ نے اکّیس (۲۱) دلیلیں پیش کیں اور تیرہویں (۱۳) دلیل میں آپ کا یہ فرمان آیا کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا یہ فرمان:

آیت: ﴿وَلَا تَرْكَنُوا إِلَى الَّذِينَ ظَلَمُوا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُم مِّن دُونِ اللَّهِ مِنْ أَوْلِيَاءَ ثُمَّ لَا تُنصَرُونَ﴾

ترجمہ: "دیکھو ظالموں کی طرف ہرگز نہ جھکنا ورنہ تمہیں بھی (دوزخ کی) آگ لگ جائے گی اور اللہ کے سوا اور تمہارا مددگار نہ کھڑا ہو سکے گا اور نہ تم مدد دیئے جاؤ گے۔ "(سورۃ ہود۔ ۱۱۳)

لہٰذا، اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے ذکر کر دیا کہ کفّار اور ظالموں کی طرف جھکاؤ، آگ کے چھونے کا باعث ہے۔ اور اُن سے خوفزدہ اور دوسروں کے درمیان کوئی فرق نہیں کیا ماسوائے مجبور کے۔ تو پھر اُس شخص کے بارے میں کیا خیال ہے جو اُن کے دین کی طرف جھکاؤ کرے اور اچھی رائے دے کر اور اپنی استطاعت کے مطابق رائے دے اور مال کے ساتھ اُنکی اعانت کرے اور توحید اور اُسکے ماننے والوں کے زوال اور اُن پر مشرکوں کے غلبے کو پسند کرے؟ سو، بلاشبہ یہ تو سب سے بڑا کُفر اور جھکاؤ ہے۔

اور چودھویں (۱۴) دلیل میں فرمایا:

اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا فرمان ہے کہ:

آیت:﴿مَن كَفَرَ بِاللَّهِ مِن بَعْدِ إِيمَانِهِ إِلَّا مَنْ أُكْرِهَ وَقَلْبُهُ مُطْمَئِنٌّ بِالْإِيمَانِ وَلَكِن مَّن شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللَّهِ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ، ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيَاةَ الدُّنْيَا عَلَى الْآخِرَةِ وَأَنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكَافِرِينَ﴾

ترجمہ: "جو شخص اپنے ایمان کے بعد اللہ سے کفر کرے بجز اس کے جس پر جبر کیا جائے اور اس کا دل ایمان پر برقرار ہو، مگر جو لوگ کھلے دل سے کفر کریں تو ان پر اللہ کا غضب ہے اور انہی کے لیے بہت بڑا عذاب ہے، یہ اس لیے کہ انہوں نے دنیا کی زندگی کو آخرت سے زیادہ محبوب رکھا۔ یقیناً اللہ تعالیٰ کافر لوگوں کو راہ راست نہیں دکھاتا۔"
(سورۃ النحل۔۱۰۶،۱۰۷)

تو اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے تبدیل نہ ہونے والا فیصلہ صادر فرمایا کہ جس نے اپنے دین سے کُفر کی طرف رجوع کیا وہ کافر ہو گیا خواہ اُسکے پاس جان ومال اور اہل وعیال کے خوف کا عذر ہو یا نہ ہو اور خواہ اُس نے اپنے فعل سے کُفر کیا یا اپنے قول سے یا دونوں کے ساتھ۔ اور خواہ مشرکوں سے ملنے والی طمع (لالچ) میں کیا یا اُسکے بغیر۔ بہر حال، وہ کافر ہے ماسوائے اُس کے کہ وہ مجبور ہو۔ اور وہ ہماری لغت میں (جَبر) کیا گیا ہے۔ لہٰذا، اگر انسان کو کُفر پر مجبور کیا گیا ہو اور اُسے کہا گیا ہو کہ کُفر کرو ورنہ ہم تجھے قتل کر دیں گے یا تشدّد کریں گے یا مُشرک اُسے پکڑ لیں اور اُس پر تشدّد کریں اور اُس کے لیئے اُنکی موافقت کیئے بغیر نجات ممکن نہ ہو، تو ایسی صورت میں اُس کے لیئے ظاہری طور پر اُنکی موافقت کو اختیار کرنا جائز ہے۔ اس شرط کے ساتھ کہ اُس کا دل ایمان سے مطمئن ہو یعنی اُس پر ثابت رہے اور اُسی پر اُس کا اعتقاد ہو۔ لیکن اگر وہ دلی طور پر اُنکی موافقت کرتا ہے، تو وہ کافر ہے خواہ وہ مجبور ہی ہو۔

امام احمد کے کلام سے ظاہر ہے کہ پہلی صورت میں۔ یعنی اُنکے اُسے یہ کہنے کہ کفر کرو ورنہ ہم تجھے قتل کر دیں گے یا تجھ پر تشدّد کریں گے۔ اس وقت تک وہ شخص (مکروہ) مجبور شمار نہیں ہو گا، جب تک کہ مشرک اُس پر تشدّد نہ کریں۔

لٰہذا، اُن (امام احمد) کے پاس یحیٰ بن معین اُنکی بیماری کی حالت میں آئے اور انہیں سلام کیا، تو آپ نے اُنکے سلام کا جواب نہیں دیا، تو وہ (یحیٰ بن معین) عذر کرنے لگے اور حدیثِ عمّار اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے اس فرمان کا ذکر کرنے لگے:

آیت:﴿۔۔۔ إِلَّا مَنْ أُكْرِهَ وَقَلْبُهُ مُطْمَئِنٌّ بِالْإِيمَانِ ۔۔۔﴾

ترجمہ:"۔۔۔ بجز اس کے جس پر جبر کیا جائے اور اس کا دل ایمان پر برقرار ہو، ۔۔۔" (سورۃ النحل۔۱۰۶)

تو، امام احمد نے اپنا چہرہ دوسری جانب پھیر لیا، تو یحیٰ بن معین نے کہا کہ (آپ عذر قبول نہیں کرتے)۔ تو جب یحیٰ بن معین چلے گئے، تو امام احمد نے فرمایا کہ: (حدیثِ عمّار کو حجّت بناتے ہیں جبکہ حدیثِ عمّار تو یہ (کہتی ہے):

"میں (عمّار) اُن کے پاس سے گزرا، تو وہ آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم کو گالیاں دے رہے تھے، تو میں نے اُنہیں (اس سے) منع کیا، تو اُنہوں نے مجھ پر تشدّد کیا۔"

جبکہ تمہیں تو صرف یہ کہا گیا کہ: (ہم تم پر تشدّد کرنا چاہتے ہیں)۔ تو یحیٰ بن معین نے کہا کہ:

"اللہ کی قسم۔۔۔ میں نے آسمان کے نیچے آپ (امام احمد) سے زیادہ فقیہ کسی کو نہیں پایا۔"

پھر اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے خبر دی کہ کھلے دلوں سے کُفر کرنے والے اِن مرتد لوگوں پر اللہ تعالیٰ کا غضب ہے اور اِن کے لیئے عذابِ عظیم ہے خواہ وہ حق پر یقین ہی رکھتے ہوں اور کہتے ہوں کہ ہم نے تو صرف خوف کی وجہ سے ایسا کیا ہے۔

پھر اللہ تعالیٰ نے یہ خبر دی کہ اس پر کفر اور عذاب کا سبب شرکیہ اعتقاد یا توحید سے جہالت یا دین سے بغض یا کُفر سے محبت نہیں بلکہ اس کا سبب تو اس شخص کا دنیا کا نصب (حصّہ) تھا کہ جسے اس نے دین اور ربّ العالمین کی رضا پر ترجیح دی۔ لہذا، فرمایا:

آیت:﴿ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيَاةَ الدُّنْيَا عَلَى الْآخِرَةِ وَأَنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكَافِرِينَ﴾

ترجمہ: "یہ اس لیے کہ انہوں نے دنیا کی زندگی کو آخرت سے زیادہ محبوب رکھا۔ یقیناً اللہ تعالیٰ کافر لوگوں کو راہ راست نہیں دکھاتا۔" (سورۃ النحل۔۱۰۷)

تو، اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اُنہیں کافر قرار دیا اور یہ خبر دی کہ وہ اُنہیں دنیا کی محبّت کا بہانہ کرنے کی وجہ سے ہدایت نہیں دے گا۔ پھر اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے یہ خبر بھی دی کہ یہ وہ مرتد ہیں کہ جن کے دنیا کو آخرت کے مقابلے میں زیادہ محبوب بنانے کے سبب اُنکے دلوں، اُنکے کانوں اور اُنکی آنکھوں پر مُہریں لگ گئیں ہیں اور بلاشبہ وہی غافل لوگ ہیں۔ اور پھر یہ یقینی خبر تاکیداً دی کہ بلاشبہ وہی لوگ آخرت میں گھاٹا پانے والے ہیں۔

الشیخ حمد بن عتیق نے (مجموعۃ الوحید ۱/۳۲۴) میں اپنے زمانے کی اُمّت کی حالت اور فتنوں اور مشرکوں کے مسلمانوں کی سرزمین میں داخل ہونے کا ذکر کرنے کے بعد فرمایا:

لوگوں کی کئی قسمیں ہیں۔

پہلی قسم: دینِ اسلام کے مددگار اور اِس کے لیئے پوری محنت کے ساتھ کوشش کرنے والے۔ لیکن یہ ہیں تو تعداد میں کم لیکن اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے ہاں اِنکا بڑا اجر ہے۔

دوسری قسم: اسلام والوں کو بے یار ومددگار چھوڑنے والے اور اُنکی اعانت ترک کرنے والے۔

تیسری قسم: مشرکوں کے گروہ کی مدد اور اُنکو مشورے دے کر، شریعتِ اسلام سے خارج لوگ۔

الطبرانی نے ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا:

”جس نے باطل والے کی اعانت کی تاکہ اُس کے باطل کے ساتھ حق کا خاتمہ کیا جاسکے، تو اُس سے اللہ تعالیٰ اور اُس کے نبی کا ذمہ بری ہو گیا۔“

لہٰذا، اے اللہ کے بندے۔۔۔ غور کرو کہ اِن میں سے تو کس قسم میں ہے؟

آپ رحمۃ اللہ علیہ نے (مجموعۃ التوحید ۱/۳۶۴) میں فرمایا:

رہا مسئلہ کسی آدمی کے مشرکوں کی موافقت اور اُنکی اطاعت کا اظہار کرنے میں عُذر کا، تو جان لیجئے کہ مشرکوں سے موافقت کے اظہار کی تین حالتیں ہیں۔

پہلی حالت: یہ کہ ظاہر و باطن میں اُن (مشرکین) کی موافقت کرے اور اپنے ظاہر میں اُنکی پیروی کرنے لگے اور اُنکی طرف مائل ہو جائے اور اپنے باطن میں اُن (مشرکین) سے محبّت کرے، تو یہ شخص دائرہ اسلام سے خارج، کافر ہے خواہ اس پر مجبور کیا گیا ہو یا نہ کیا گیا ہو۔ اور یہی وہ شخص ہے کہ جس کے بارے میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا:

آیت: ﴿۔۔۔ وَلَٰكِن مَّن شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللَّهِ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ﴾

ترجمہ: ”مگر جو لوگ کھلے دل سے کفر کریں تو ان پر اللہ کا غضب ہے اور انہی کے لیے بہت بڑا عذاب ہے۔“ (سورۃ النحل۔۱۰۶)

دوسری حالت: یہ کہ باطن میں وہ اُنکی موافقت کرے اور اُنکی طرف مائل ہو مگر ظاہر میں اُنکا مخالف ہو، تو ایسا شخص بھی کافر ہے۔ لیکن اگر وہ ظاہری طور پر اسلام پر عمل کرے، تو اسکا مال وخون محفوظ ہو جائے گا۔ جبکہ وہ منافق ہو گا۔

تیسری حالت: یہ کہ وہ ظاہر میں تو اُنکی موافقت کرے مگر باطن میں اُنکا مخالف ہو۔ اس کی دو شکلیں ہیں۔

پہلی شکل: یہ کہ ایساوہ اس لیئے کرتا ہے کہ وہ اُن (مشرکین) کی گرفت میں ہے جس کے ساتھ وہ تشدّد کرنے اور قید کرنے اور قتل کی دھمکی دیتے ہوئے کہتے ہیں کہ: تو، ہماری موافقت کر اور ہماری اطاعت کر ورنہ ہم تجھے قتل کر دیں گے۔ تو، اس صورتحال میں اُس کے لیئے ظاہری طور پر اُن (مشرکین) کی موافقت کرنا جائز ہے مگر اس کا دل ایمان پر مطمئن ہو۔ جیسا کہ عمّار رضی اللہ عنہ کے ساتھ ہوا، تو اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا:

آیت: ﴿۔۔۔ إِلَّا مَنْ أُكْرِهَ وَقَلْبُهُ مُطْمَئِنٌّ بِالْإِيمَانِ ۔۔۔﴾

ترجمہ: ”۔۔۔ بجز اس کے جس پر جبر کیا جائے اور اس کا دل ایمان پر برقرار ہو، ۔۔۔“ (سورۃ النحل۔۱۰۶)

اور جیسا کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا:

آیت: ﴿۔۔۔ إِلَّا أَن تَتَّقُوا مِنْهُمْ تُقَاةً ۗ ۔۔۔﴾

ترجمہ: ”۔۔۔ مگر یہ کہ ان کے شر سے کسی طرح بچاؤ مقصود ہو، ۔۔۔“ (سورۃ آلِ عمران۔۲۸)

لہٰذا، یہ دونوں آیتیں، اس شرعی حکم پر دلالت کرتی ہیں جیسا کہ ابنِ کثیر نے آلِ عمران کی آیت کی تفسیر میں اس طرف اشارہ کیا ہے۔

دوسری شکل: یہ کہ وہ ظاہر میں اُن (مشرکین) کی موافقت کرے گا مگر باطن میں اُن کے مخالف ہو جبکہ وہ اُن کی گرفت میں نہ ہو بلکہ ایسا کرنے پر اُسے کسی عہدے یامال کی لالچ یا وطن یا اہل وعیال کی چاہت نے اُکسایا ہو یا مستقبل میں ہونے والے واقعات کے خوف نے۔

تو، اس صورت میں وہ مرتد ہو گا اور اُسے باطنی طور پر اُنکی مخالفت کرنا کوئی فائدہ نہ دے گا اور ایسا شخص اُن لوگوں میں سے ہے کہ جن کے بارے میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا:

آیت: ﴿ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيَاةَ الدُّنْيَا عَلَى الْآخِرَةِ وَأَنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكَافِرِينَ﴾

ترجمہ: "یہ اس لیے کہ انہوں نے دنیا کی زندگی کو آخرت سے زیادہ محبوب رکھا۔ یقیناً اللہ تعالیٰ کافر لوگوں کو راہ راست نہیں دکھاتا۔" (سورۃ النحل۔۱۰۷)

سو، اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اُنہیں خبر دے دی کہ اُنہیں کفر پر جہالت یا (ایمان) سے بغض نے نہیں اُبھارا اور نہ باطل سے محبّت نے بلکہ یہ تو اُن کا دنیا کا ایک نصیب تھا کہ جسے اُنہوں نے آخرت پر ترجیح دی۔

یہ شیخ الاسلام محمد بن عبد الوہاب (رحمہ اللہ تعالیٰ وعفاعنہ) کے کلام کا معنی ہے۔

اور رہا بہت سے لوگوں کا بہانے بنانے کا، تو یہ بلاشبہ شیطان کی طرف سے مزیّن اور گمراہ کن ہے۔ اور اس طرح تو بعض لوگوں کو اگر شیطان کے چیلوں نے ایسا خوف دلایا کہ جس کی کوئی حقیقت ہی نہ ہو، تو وہ گمان کریں گے کہ اس وجہ سے تو ان کے لیئے مشرکوں کی موافقت کا اظہار اور اُنکی اطاعت جائز

ہو گئی اور کچھ دوسرے لوگوں کے لیئے شیطان نے کسی دنیاوی طمع کو مزیّن کر دیا، تو وہ بھی خیال کرنے لگیں کہ اُن کے لیئے اس وجہ سے مشرکوں کی موافقت جائز ہو گئی۔ اور جاہل ترین لوگوں کو یہ شبہ ہو گیا کہ وہ مجبور ہیں حالانکہ علماء نے مجبوری کی صفت بیان کر دی ہے۔

شیخ الاسلام ابنِ تیمیۃ رحمہ اللہ نے فرمایا:

"میں نے مذاہب میں غور کیا، تو مجھے پتہ چلا کہ مجبوری، مجبور کیئے گئے شخص کی حالت کے مطابق ہوتی ہے۔"

لہٰذا، کُفریہ کلمات کہنے کی وہ مجبوری معتبر نہ ہو گی جو کہ ہَبہ وغیرہ کرنے کی مجبوری معتبر ہوتی ہے۔ لہٰذا، امام احمد نے ایک سے زیادہ موقع پر دلیل دی کہ کُفر کی مجبوری تو تشدّد یا قید کرنے کے علاوہ اور کچھ نہیں اور صرف کلام مجبوری نہیں۔ اور آپ (امام احمد) نے یہ بھی لکھا کہ اگر کوئی عورت اپنے شوہر کو اپنی کمزوری کے سبب اپنے مہر کا حق ہَبہ کر دے، تو اُسے حق حاصل ہے کہ وہ اسے واپس لے لے کیونکہ وہ تو اُسے یہ (حق) صرف اُسی صورت میں ہَبہ کرتی ہے کہ جب اُسے ڈر ہو کہ وہ اُسے طلاق دے دے گا یا اُس سے برا سلوک کرے گا۔ سو، آپ (امام احمد) نے طلاق یا برا سلوک کے خوف کو مجبوری قرار دیا۔ اور ایک جگہ پر آپ (امام احمد) ہی کے الفاظ ہیں: "کیونکہ اُس نے اِس عورت کو مجبور کیا۔ لیکن اِس طرح کی مجبوری کُفر کرنے میں نہیں چلے گی۔ لہٰذا، اگر کوئی قیدی کفّار سے اس بات سے ڈرے کہ وہ اس کی شادی نہیں کریں گے یا یہ کہ وہ اس کے اور اِس کی بیوی کے درمیان حائل ہوں گے، تو اِس وجہ سے اِس کے لیئے کُفریہ بات کہنا جائز نہیں۔" اَ۔ھ

اور اس کا مقصد یہ ہے کہ کُفریہ بات کی مجبوری تشدّد یا قتل کے علاوہ اور کوئی نہیں۔ اور یہ کہ صرف کلام مجبوری نہیں۔ اور اسی طرح یہ خوف کہ کفّار اُسکے اور اُسکی بیوی کے درمیان رکاوٹ بنیں گے، مجبوری نہیں۔ تو جب آپ کو اس کا علم ہو جائے، تو آپ کو پتہ چل جائے گا کہ بہت سے لوگوں سے کیا کچھ سرزد ہو رہا ہے۔ آُپ کے لیئے اِس کی وضاحت نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم کا یہ فرمان کر رہا ہے:

الحدیث:"بدأ الإسلام غریباً، وسیعود غریباً کما بدأ۔ "

ترجمہ:"اسلام اجنبی حالت میں شروع ہوا اور دوبارہ اجنبی ہو جائے گا جیسا کہ شروع میں تھا۔ "

سو، وہ اجنبی ہو چکا اور اس سے بھی زیادہ اجنبی وہ ہے جو اسلام کی حقیقت کو جان لے اور سب کام اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی توفیق سے ہی ہوتے ہیں۔ اَ۔ھ۔ آپ رحمۃ اللہ کی بات ختم ہوئی۔

شیخ الاسلام ابنِ تیمیۃ رحمہ اللہ تعالیٰ نے (مجموع الفتاویٰ ۵۳۹/۲۸) میں کہا کہ:

"اگر سلف صالحین نے مانعین زکوٰۃ کو مرتد کا نام دیا، اسکے باوجود کہ وہ نماز پڑھتے، روزے رکھتے اور مسلمانوں کی جماعت کے خلاف لڑتے بھی نہیں تھے، تو پھر اُس شخص کے بارے میں کیا خیال ہے کہ جو اللہ اور اُسکے رسول کے دشمنوں کے ساتھ مل کر مسلمانوں کے خلاف لڑنے والا ہو؟"

الشیخ محمد بن عبد الوہاب نے (الرسائل الشخصیۃ) کے صفحہ نمبر ۲۷۲ پر فرمایا کہ:

"کسی مسلمان کے اللہ کے ساتھ شرک کرنے یا مسلمانوں کے خلاف مشرکوں کے ساتھ شامل ہونے (خواہ اس نے شرک نہ ہی کیا ہو) کی وجہ سے اُس کے کافر ہونے پر اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے کلام اور اُسکے رسول کے فرمان اور معتبر علماء کے اقوال میں سے بے شمار دلیلیں ہیں۔"

الشیخ سلیمان بن عبد اللہ محمد بن عبد الوہاب نے (مجموعۃ التوحید) کے صفحہ ۲۳۶ پر مشرکوں کو دوست بنانے والے کے خلاف دلیلوں کا ذکر کرتے کہا:

چھٹی دلیل: اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا فرمان ہے کہ:

آیت:﴿۔۔۔ أَلَمْ تَكُنْ أَرْضُ اللَّهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوا فِيهَا ۚ فَأُولَٰئِكَ مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ ۖ وَسَاءَتْ مَصِيرًا﴾

ترجمہ:"۔۔۔ ہم اپنی جگہ کمزور اور مغلوب تھے۔ فرشتے کہتے ہیں کیا اللہ تعالیٰ کی زمین کشادہ نہ تھی کہ تم ہجرت کر جاتے؟ یہی لوگ ہیں جن کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ پہنچنے کی بری جگہ ہے۔"(سورۃ النساء۔۹۷)

یعنی تم کس فریق میں تھے یعنی مسلمانوں کے فریق میں یا مشرکوں کے فریق میں؟ تو انہوں نے کمزور ہونے کا بہانہ کرتے ہوئے اعتراف کیا کہ وہ مسلمانوں کے فریق میں نہیں تھے، تو فرشتوں نے اُن کا یہ عُذر قبول نہ کیا اور کہا کہ:

آیت:﴿۔۔۔ أَلَمْ تَكُنْ أَرْضُ اللَّهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوا فِيهَا ۚ فَأُولَٰئِكَ مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ ۖ وَسَاءَتْ مَصِيرًا﴾

ترجمہ:"۔۔۔ ہم اپنی جگہ کمزور اور مغلوب تھے۔ فرشتے کہتے ہیں کیا اللہ تعالیٰ کی زمین کشادہ نہ تھی کہ تم ہجرت کر جاتے؟ یہی لوگ ہیں جن کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ پہنچنے کی بری جگہ ہے۔" (سورۃ النساء۔۹۷)

اور کوئی عاقل آدمی اس بات میں شک نہیں کرتا کہ جو ملک مسلمانوں سے نکل کر مشرکوں کے ساتھ مل گئے اور اُنکے فریق اور اُنکی جماعت میں شامل ہوگئے، اس کے باوجود کے یہ آیت تو مکّہ کہ اُن لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی کہ جو اسلام لائے مگر ہجرت کرنے سے رک گئے، تو جب مشرکینِ مکّہ، بدر کے لیئے نکلے، تو اُنہوں نے ان کو اپنے ساتھ نکلنے پر مجبور کیا، تو وہ ڈرتے ہوئے نکلے، تو مسلمانوں نے بدر کے روز اِن (مکّہ والے مسلمانوں) کو قتل کر دیا، تو جب اُنہیں (مسلمانوں کو)، اِن (مکّہ والے

مسلمانوں) کے قتل کا علم ہوا، تو وہ افسوس کرنے لگے کہ ہم نے تو اپنے بھائیوں کو قتل کر ڈالا۔ تو، اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اس وقت یہ آیت نازل فرمائی۔

تو، پھر اُن ملکوں کے لوگوں کے بارے میں کیا خیال ہے کہ جو اسلام پر تو تھے مگر انہوں نے اِس (اسلام) کا پٹّہ اپنی گردنوں سے اتار دیا اور مشرکوں کے دین پر اُن سے موافقت کا اظہار، اُنکی اطاعت کر کے کیا اور اُنہیں پناہ دی اور اُن کی مدد کی جبکہ توحید والوں کو بے یار و مددگار چھوڑ دیا اور انہوں نے ان (توحید والوں) کی راہ کو چھوڑ کر دوسری راہ کی اتباع کی اور انہیں خطاکار کہا اور اُن میں اِن (توحید والوں) کو گالی دینا، اِنکو برا بھلا کہنا، عیب نکالنا اور انکا ٹھٹھہ کرنا اور اِنکی توحید اور صبر پر ثابت قدم رہنے اور اسی راہ میں جہاد کرنے کی رائے کو بیوقوفانہ رائے قرار دینا، عام ہو گیا۔ اور اُن (مشرکوں) کی توحید والوں کے خلاف مجبوری کی بجائے خوش دلی اور اضطراری کے بجائے اختیاری طور پر مدد کی۔ تو، ایسے لوگ تو اُن لوگوں سے زیادہ کُفر اور آگ کے مستحق ہیں کہ جنہوں نے وطن کی چاہت اور کفّار کے خوف سے ہجرت نہیں کی اور اُنکے لشکر میں مجبوراً خوفزدہ ہو کر نکلے۔

اور الدرر السنیۃ ۹/۲۱۹ میں میں نجدی دعوت کے آئمہ نے تین ایسے اُمور کا ذکر کیا ہے کہ جس شخص میں یہ پائے جائیں گے، اُس کے خلاف جہاد واجب ہو جاتا ہے۔ ان میں سے ایک یہ بھی ہے کہ:

تیسرا معاملہ: "جو شخص مسلمانوں کے خلاف مشرکوں کی ہاتھ یا زبان یا دل یا مال سے اعانت کرے، تو اس کے خلاف جہاد واجب ہو جاتا ہے۔ کیونکہ یہ ایسا کُفر ہے کہ جو اسلام سے خارج کر دیتا ہے۔ تو، جس نے مسلمانوں کے خلاف مشرکوں کی مدد کی اور خود اختیاری سے اپنے مال کے ساتھ مشرکوں کی مدد کی کہ جس سے وہ مسلمانوں کے خلاف جنگ میں مستفید ہوتے ہیں، تو ایسے شخص نے کُفر کیا۔

الشیخ عبد اللطیف بن عبد الرّحمٰن نے (الدرر السنیۃ ۵/۴۵۵) میں کہا کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا:

”جس نے مشرک کے ساتھ میل جول کیا، اُسکے ساتھ رہائش اختیار کی، تو وہ بلاشبہ اُسی کی مانند ہے۔“

لہٰذا، یہ نہیں کہا جائے گا کہ صرف میل جول اور رہائش اختیار کرنے سے وہ کافر ہو گیا بلکہ مراد یہ ہے کہ جو شخص مشرکوں کے درمیان سے نکلنے سے عاجز ہوا اور انہوں نے اُسے اپنے ساتھ نکلنے پر مجبور کیا، تو قتل کرنے اور مال لینے میں تو اُس کا (شرعی) حکم بھی اُن (مشرکوں) کے (شرعی) حکم جیسا ہو گا، مگر کفر میں نہیں۔ لیکن اگر وہ مسلمانوں کے خلاف اُنکے ساتھ خود اختیاری اور رضامندی وخوشی سے نکلے یا اپنے مال اور جسم کے ساتھ اُنکی اعانت کرے، تو اس میں کوئی شک نہیں کہ اس صورت میں کفر میں اُس کا (شرعی) حکم بھی اُن (مشرکوں) کے (شرعی) حکم جیسا ہی ہو گا۔

الشیخ عبد العزیز بن باز رحمۃ اللہ علیہ نے (فتاویٰ اسلامیہ ۴/۴۸٦) میں فرمایا:

”غیر حربی (جنگجو) کفّار پر اُن سے محبّت کیئے بغیر احسان جائز ہے۔“

پھر فرمایا: رہے حربی (جنگجو) کفّار، تو اُن کی کسی بھی چیز کے ساتھ مدد کرنا جائز نہیں بلکہ مسلمانوں کے خلاف اُنکی مدد کرنا تو نواقضِ اسلام (دائرہ اسلام سے نکالنے والے کاموں) میں سے ایک ہے۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے اس فرمان کی وجہ سے:

آیت: ﴿۔۔۔ وَمَن يَتَوَلَّهُم مِّنكُمْ فَإِنَّهُ مِنْهُمْ ۗ ﴾

ترجمہ: ”۔۔ تم میں سے جو بھی ان میں کسی سے دوستی کرے وہ بے شک انہی میں سے ہے،۔۔۔۔“ (سورۃ المائدۃ۔ ۵۱)

اور الشیخ عبد العزیز بن باز رحمۃ اللہ علیہ نے (فتاویٰ ابنِ باز) میں یہ بھی فرمایا کہ:

علماءِ اسلام کا اس بات پر اجماع ہے کہ جس نے کفّار کی مسلمانوں کے خلاف کسی بھی قسم کی مدد کی، تو وہ اُنہی کی مانند کافر ہے۔ جیسا کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا:

آیت:﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُودَ وَالنَّصَارَىٰ أَوْلِيَاءَ ۘ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ ۚ وَمَن يَتَوَلَّهُم مِّنكُمْ فَإِنَّهُ مِنْهُمْ۔۔۔﴾

ترجمہ:"اے ایمان والو!تم یہود ونصاریٰ کو دوست نہ بناؤ یہ تو آپس میں ہی ایک دوسرے کے دوست ہیں۔ تم میں سے جو بھی ان میں کسی سے دوستی کرے وہ بے شک انہی میں سے ہے،۔۔۔" (سورۃ المائدہ۔۵۱)

اور کفّار کی مدد کرنے والوں کے پاس جو دلیلیں ہیں اور جن سے وہ یہ استدلال کرتے ہیں کہ کفّار کی مدد کرنا ملّتِ اسلامیہ سے خارج کرنے والا کفر نہیں، اُن میں سے ایک حاطب رضی اللہ عنہ کا صحیحین میں قصّہ بھی موجود ہے کہ جب انہوں نے مکّہ کے مشرکوں کی طرف ایک خط بھیجا کہ جس میں رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے اُنکی طرف (حملے کی نیّت سے) چلنے کی اُنہیں خبر دی۔ تو، جب اُن (حاطب رضی اللہ عنہ) کا یہ خط رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے ہاتھ لگا، تو آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے کہا:

"اے حاطب۔۔۔! یہ کیا ہے؟"

تو، انہوں نے کہا:

"یارسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم میرے بارے میں کوئی حکم لگانے میں جلدی مت کیجیئے۔ میں قریش سے جڑا ہوا ایک آدمی تھا یعنی میں اُن کا حلیف تو تھا مگر اُن (کے قبیلے) سے نہ تھا جبکہ آپ کے ساتھی مہاجرین کی اُن سے رشتہ داریاں ہیں جو اُن کے گھر والوں اور اُن کے اموال کی حفاظت کرتے ہیں۔ سو، میں نے یہ پسند کیا کہ اب جبکہ میں اس نَسب سے تو محروم ہوں، تو میرا بھی وہاں کوئی ہاتھ ہونا

چاہیئے کہ جو میرے خاندان کی حفاظت کرے۔ اور میں نے یہ کام اپنے دین سے ارتداد کرتے ہوئے نہیں کیا اور نہ اسلام کے بعد کفر سے راضی ہونے کی نیّت سے۔"

تو، رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا:

"سنو۔۔۔اس نے آپ سے سچ بولا ہے۔"

تو، عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ یا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم:

"مجھے اجازت دیجیئے، میں اس منافق کا سر قلم کر دوں۔"

تو، آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا:

"بلاشبہ یہ شخص (معرکہ) بدر میں شریک ہوا تھا۔ اور تجھے کیا علم کہ شاید اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اہلِ بدر کو دیکھا ہو اور فرمایا ہو کہ تم جو چاہو کرو، میں نے تمہیں بخش دیا ہے۔"

تب اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے یہ سورت نازل فرمائی:

آیت:﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَآءَ تُلْقُوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَ قَدْ كَفَرُوْا بِمَا جَآءَكُمْ مِّنَ الْحَقِّ يُخْرِجُوْنَ الرَّسُوْلَ وَاِيَّاكُمْ اَنْ تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ رَبِّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَادًا فِيْ سَبِيْلِيْ وَابْتِغَآءَ مَرْضَاتِيْ تُسِرُّوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَ اَنَا اَعْلَمُ بِمَآ اَخْفَيْتُمْ وَ مَآ اَعْلَنْتُمْ وَ مَنْ يَّفْعَلْهُ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ﴾

ترجمہ:"اے ایمان والو! میرے اور اپنے دشمن کو دوست نہ بناؤ تم ان کی طرف دوستی کا پیغام بھیجتے ہو حالانکہ تمہارے پاس جو حق آچکا ہے وہ اس کا انکار کر چکے ہیں وہ

رسول کو اور تمہیں اس لئے نکالنا چاہتے ہیں کہ تم اپنے رب اللہ پر ایمان لا چکے ہو اگر تم میری راہ میں جہاد کے لئے اور میری خوشنودی حاصل کرنے کے لئے نکلتے ہو) تو ان سے دوستیاں مت لگاؤ (تم ان سے خفیہ دوستیاں لگاتے ہو حالانکہ میں جو تم چھپاتے ہو اور جو تم ظاہر کرتے ہو میں جانتا ہوں اور تم میں سے جس نے ایسا کیا تو وہ سیدھی راہ سے گمراہ ہو گیا۔" (ممتحنۃ)۔

تو، یہ قصّہ اُنکی دلیلوں میں سے قوّی ترین دلیل ہے کہ جس میں بھی (کفّار کی) مدد کرنے والے کے عدم کفر پر دلیل نہیں بنتی۔ اور نجدی دعوت کے علماء نے اس کے رد میں لمبی چوڑی بات کی ہے۔ لیکن میں ان کے اقوال پیش کرنے کے مقام پر نہیں ہوں، مگر میں کہتا ہوں کہ:

اوّل: یہ قصّہ تو تاَویل کرنے والے کے عدم کفر پر دلالت کرتا ہے کیونکہ حاطب رضی اللہ عنہ نے اپنے اس فعل کے جواز کے لیئے تاَویل کی تھی۔ جبکہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے اُس کے اور اہلِ بدر کے حق میں جو فرمایا، وہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس (معرکہ) بدر نے اُس سے اُس کفر کو مٹا دیا کہ جس کا اس نے تاَویل کے ساتھ ارتکاب کیا تھا۔ اس علم کے ساتھ کے اہلِ سنّت والجماعت کے نزدیک تاَویل تکفیر کے موانع (رکاوٹوں) میں سے ایک ہے۔ اور اس شخص نے غلطی کی کہ جس نے کہا کہ معرکہ بدر نے اُس میں شامل ہونے والوں کے کفر کو ختم کر دیا بلکہ اُس نے تو اس فاسد تاَویل کو مٹایا کہ جس کا ارتکاب حاطب رضی اللہ عنہ نے کیا۔

دوئم: اگر ہم اُن کے لیئے اپنے اس مؤقف سے دستبردار ہو بھی جائیں، تو بھی اہلِ علم کا اس جیسے قصّے کے بارے میں مشہور ترین قول یہ ہے کہ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کا فرمان:

"بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے اہلِ بدر کو دیکھا۔۔۔۔"

اس بات کی دلیل ہے کہ یہ اہلِ بدر کی خصوصیت ہے جو کہ اُن کے بعد کسی کو حاصل نہیں۔

الشوکانی نے (نیل الاوطار ۸/۱۵۴) میں کہا کہ آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم کا یہ فرمان کہ:

"تجھے کیا معلوم کہ شاید اللہ تعالیٰ نے۔۔۔۔۔الخ"

یہ اہلِ بدر کے لیئے عظیم ترین خوشخبری ہے اللہ تعالیٰ کی رضا کی کہ جو اہلِ بدر کے علاوہ کسی کے لیئے نہیں۔

اور کہا گیا کہ اللہ کے (انہیں) اعملو (کرو) میں امر کا جو صیغہ ہے، یہ عزّت وشرف کے لیئے ہے اور جس سے مراد اس کے بعد اُن سے کچھ بھی سرزد ہو جائے، اُس پر گرفت نہیں ہو گی۔ اور اُنہیں یہ خصوصیت اُس عظیم حالت کے سبب ہوئی کہ جس کا تقاضا یہ تھا کہ اُن کے سابقہ گناہ معاف کر دیئے جائیں اور وہ اس چیز کے اہل قرار پائے کہ اللہ تعالیٰ اُن کے آئندہ گناہوں کو بخش دیں، اگر اُن سے یہ سرزد ہو جائیں یعنی اس واقعے (بدر) کے بعد جس طرح کا بھی آپ کام کروگے، وہ مغفور ہو گا۔

سوئم: علماء نے کہا کہ (مظاہرہ) مدد کے باوجود حاطب کے عدم کفر کا فتویٰ، اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی طرف سے وحی کے ذریعے آیا کیونکہ نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم کے پاس جب حاطب رضی اللہ عنہ نے عذر پیش کیا، تو رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا: (سنو، اس نے تم سے سچ بولا ہے)، تو رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے وحی کے ذریعے اُس عذر کو جانا۔ اور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے بعد کسی کے لیئے یہ (سچ یا جھوٹ کا) جاننا ممکن نہیں۔

چہارم: علماء کا کہنا ہے کہ حاطب رضی اللہ عنہ کے عدم کفر کا عذر اُن کے اُس خط سے بھی ظاہر ہوتا ہے کہ جو انہوں نے مشرکوں کو بھیجا تھا، وہ دعوت (اسلام) سے مشابہ تھا اور اُنہیں رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم سے خوفزدہ کرنا اور اُنکی طاقت کو کمزور کرنے کے مترادف تھا۔

یحییٰ بن سلام نے اپنی تفسیر میں ذکر کیا کہ حاطب کے مشرکوں کو بھیجے گئے خط کے الفاظ تھے کہ:

"اے قریشیو۔۔۔! بلاشبہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم تم پر رات کی مانند لشکر لے کر آ رہے ہیں جو سیلِ رواں کی طرح ہے۔ اللہ کی قسم۔۔۔ اگر آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم تمہارے خلاف اکیلے بھی نکلیں، تو یقیناً اللہ سبحانہ وتعالیٰ، آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی مدد کرے گا اور آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم سے اپنے وعدے کو پورا کرے گا۔ لہٰذا، اپنے معاملے پر غور کر لو۔ والسّلام"

لہٰذا،(المظاهرة۔۔۔ کفّار کی مسلمانوں کی خلاف مدد) کے لیئے حاطب رضی اللہ عنہ کے قصّے سے حجّت پکڑنا باطل اور گناہِ عظیم ہے۔ کیونکہ المظاهرة(مسلمانوں کے خلاف کفّار کی مدد کرنا) ایسا کھلا کفر ہے کہ جس پر کوئی اختلاف نہیں۔ اور آپ قرآن وسنّت کی واضح نصوص اور قطعی دلیلوں کا اس جیسے قصّے سے کیونکر ردّ کر سکتے ہیں کہ جس کی دلالت پر علماء کا اجماع ہی نہیں بلکہ وہ تو اس کی دلالت پر متفق بھی نہیں؟! لہٰذا، اللہ اور اُسکے رسول کے واضح بیان کو لینا سب سے بڑا واجب ہے۔

میرے بھائی۔۔۔ اللہ آپکی حفاظت کرے، اب جب (المظاهرة) اور (الولاء والبراء) کا معنی جان چکے ہیں، تو کیا آُپ میرے ساتھ شیخ الازہر محمد سیّد طنطاوی کے بتاریخ ۱ رجب ۱۴۲۲ھ کو صادر ہونے والے فتوے پر غور اور اُسکا مذکورہ کلام سے موازنہ کریں گے۔

حملہ کیئے گئے لوگوں اور فقراء اور مظلوموں کی نصرت کرنے میں الأزہر کے کردار کے بارے میں اُس سے سوال کیا گیا، تو اُس نے کہا کہ:

"پر امن لوگوں پر حملہ جیسا کہ نیو یارک میں عالمی تجارتی مرکز میں ہوا، بلاشبہ وہ دہشت گردی، ظلم اور بعینہ دھوکہ دہی ہے۔"

اور اُس سے افغانستان پر متوقع حملے کے بارے میں پوچھا گیا، تو اس نے کہا کہ:

"ہر ملک کو حق حاصل ہے کہ وہ اُس پر حملہ کرنے والے سے اپنا دفاع کرے۔ اور بلاشبہ اسلام تو ظلم کے ساتھ سرکش حملہ آور، ظلم اور دہشت گردی کے خلاف کھڑا ہوتا ہے۔ لہٰذا، جس ملک پر بھی حملہ ہوا، تو ہم مسلمان ہونے کے ناطے اُس کے ساتھ کھڑے ہوں گے کہ جس پر حملہ ہوا۔ اِس سے قطع نظر کہ وہ امریکہ یا اُس کے علاوہ کوئی ملک ہو۔"

اور اس نے سختی سے کہا کہ:

"قطعی دلیل کے ساتھ ثابت ہونے والے دہشت گردانہ کاموں اور قتل کے مرتکب افراد کا محاسبہ کرنا ضروری ہے۔"

اور اس طرح کا رسواکن مؤقف ظاہر کرنے والا یہ اکیلا نہیں، اس جیسے بہت سے ایسے ہیں کہ جنہوں نے علم کے جھوٹے لبادے اوڑھ رکھے ہیں۔ اور ایک اور ایسے فتوے کو سنیے کہ جس میں خود ساختہ نرمی اپنے عروج پر پہنچی ہوئی ہے۔ اور یہ سعودیہ کی اعلی فیصلہ ساز کمیٹی کے سربراہ الشیخ صالح اللحیدان کا بتاریخ ۱۔۷۔۱۴۲۲ھ کا فتویٰ ہے، جس میں اُس نے کہا کہ:

"دوسروں یعنی امریکیوں کے ساتھ احسان (نیکی) کرنا اور مظلوم یعنی امریکا کی مدد کرنا اور ظالم یعنی افغانوں کو حق کے ساتھ نہ ظلم کے ساتھ، مغلوب کرنا جرائم کے قلع قمع کرنے کا سب سے بڑا سبب ہے۔"

اور اس نے کہا کہ:

"بلاشبہ ان دھماکوں سے متأثرہ لوگوں کے لیئے مدد کا ہاتھ بڑھانا، اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر، یہ بنی نوع انسان کے ساتھ احسان ہے اور یہ بھی اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دینے اور بلند اسلامی اخلاق کے اجاگر کرنے کے وسائل میں سے ایک وسیلہ ہے۔"

جب اُس سے اس جیسے حادثات میں خون کے عطیات دینے اور مالی امداد دینے جیسی کوششوں کے بارے میں پوچھا گیا، تو اُس نے یہ حدیث "ہر جاندار کی مدد کرنے میں اجر ہے" اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا یہ فرمان کہ:

آیت:﴿وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلَىٰ حُبِّهِ مِسْكِينًا وَيَتِيمًا وَأَسِيرًا﴾

ترجمہ:"اور اللہ تعالیٰ کی محبت میں کھانا کھلاتے ہیں مسکین، یتیم اور قیدیوں کو۔" (سورۃ الدہر۔۸)

کا ذکر کرتے اور یہ کہ (آیت میں مذکورہ) قیدی کافر تھا، اُس نے کہا:

"اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر، کافر کی زندگی بچانا، بنی نوع انسان کے ساتھ نیکی کرنا ہے اور یہ بھی اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دینے اور بلند اسلامی اخلاق کو اجاگر کرنے کے وسائل میں سے ایک وسیلہ ہے۔ اور کسی ایسے مسلمان کے اعلیٰ اخلاق کا مظہر ہے کہ اللہ تعالیٰ کے دین (حق) پر ایمان رکھتا ہے، تو اس میں کوئی حرج نہیں اور نہ گناہ ہے بلکہ اللہ کے حکم سے اس شخص کے لیئے اجر وافر ہوگا کہ جو مظلوم کی مدد کرے گا خواہ وہ (مظلوم) کافر ہی ہو۔"

اے فضیلۃ الشیخ۔۔۔! یہ احسان صرف امریکیوں کے لیئے ہی ممدوح کیوں ہے؟!

اُن عراقیوں کے ساتھ یہ احسان کہاں گیا کہ جنہیں تم نے ایک عشرے سے محاصرے (پابندیوں) میں رکھا ہوا ہے۔ اور عراق میں بے گناہ لوگوں پر بمباری صرف تمہاری حکومت ہی کی طرف سے ہوتی ہے۔ اے مولوی صاحب!

اور اُس شخص کے بارے میں تمہاری کیا رائے ہے کہ جو اُن بے گناہ یہودیوں کے ساتھ احسان کرنا چاہتا ہے کہ جو فدائی حملوں کے نتیجے میں قتل ہوئے ہیں؟

اور امریکی معصوموں اور یہودی معصوموں میں کیا فرق ہے ؟

اگر کسی امریکی کی مدد کرنا احسان ہے، تو کیا کسی یہودی کی مدد کرنا بھی احسان ہے ؟

کیونکہ اگر امریکی دہشت گردی میں مارا گیا، تو یہودی بھی دہشت گردی میں ہی مارا گیا؟ جیسا کہ ہم ذکر کر چکے ہیں کہ امریکا حربی (جنگجو) ملک ہے، تو یہودی کے حربی (جنگجو) ہونے پر اجماع ہے۔ تو، پھر ان دونوں کے درمیان یہ فرق کیوں کیا جارہا ہے۔ یا تو تم یہود کے بے گناہ ہونے کا کہو، تو یہ گمراہی ہے۔ یا تم امریکہ کو مجرم کہو، یہ کہنے والے نہیں۔

میرے قاری بھائی۔۔۔! اب آپ کی خدمت میں ایک شیخ کا ایک اور فتویٰ پیش ہے۔ اور یہ ہے (القرضاوی) کہ جس نے ان کاروائیوں کو شریعت میں حرام قرار دیتے ہوئے کہا کہ:

"ہم تمام مسلمانوں کو ترغیب دلاتے ہیں کہ وہ امریکا میں ہونے والے ان حملوں کا شکار ہونے والے بے گناہوں کے لیئے خون کے عطیات دیں۔"

ایک اور فتویٰ (رابطہ عالم اسلامی) کا کہ جس کے بارے میں ہمارا گمان تھا کہ وہ سب سے پہلے کفّار سے برأت اور مسلمانوں کے دفاع کا اعلان کرے گا۔ مگر، اس نے اچانک اپنے فتوے سے ظاہر کر دیا کہ وہ تو (رابطہ الجیش الصلیبیین۔۔۔۔ صلیبیوں کی رابطہ کمیٹی) ہے۔

ڈاکٹر عبد المحسن الترکی نے ۲۹۔۰۶۔۱۴۲۲ھ کو ان کاروائیوں کی مذمّت اور ان پر اعتراض کرنے اور اسلام کے ان (کاموں) اور ان کے ذمہ داروں سے بری ہونے کا فیصلہ صادر کرنے اور (کفّار) کا تقرّب حاصل کرتے ہوئے کہا:

"بلاشبہ اسلامی ملکوں کے عوام، دہشت گردی کے اس جرم جو ریاستہائے متحدہ (امریکا) اور دوسرے ملکوں میں ہوا کی اسلامی نظریّات کے مطابق مذمّت کرتے ہیں۔ جس کے شرعی قواعد کے تحت کسی مسلمان کے لیئے یہ حرام قرار دیتے ہیں کہ وہ خود قاتل بنے یا

قتل یا لوگوں کو دہشت زدہ کرنے یا خوفزدہ کرنے یا اُنہیں ایذاء پہنچانے کے وسائل میں سے کوئی ایک وسیلہ بنے کیونکہ یہ سب کچھ حرام سرکشی کے زمرے میں آتا ہے۔"

میں نے کہا کہ: مولوی صاحب۔۔۔ پھر ہم جہاد کا کیا کریں اور تم اُسے کیا نام دو گے؟

اور اس نے مزید کہا کہ:

"بلاشبہ عالمی امن و سلامتی کا تقاضا ہے کہ ہر قسم کے حملے پر پابندی کے عالمی قانون کا جلد از جلد نفاذ کیا جائے۔"

اور مذمّت اور اعتراضات کے فتوؤں کے اس بہت بڑے انبار سے آخری فتویٰ جو کہ (هيئة الكبار العلماء وادارة البحوث العلمية والافتاء۔۔۔ ادارہ علمی تحقیق وافتاء اور بڑے علماء کی کمیٹی) کے سربراہ سعودی مفتی سماحۃ الشیخ عبد العزیز آل شیخ کا فتویٰ ہے۔ جس میں اُس نے کہا:

"بلاشبہ ریاستہائے متحدہ (امریکا) میں ہونے والے دھماکے اور اُس سے تعلق رکھنے والے دوسرے کام جیسے طیّاروں کا اغواء یا پر امن لوگوں کو خوفزدہ کرنا یا لوگوں کا ناحق قتل کرنا، یہ سب صرف اور صرف ظلم و جبر اور سرکشی کی مثالیں ہی ہیں۔ اور اس طرح کے تصرفات تو حرام اور کبیرہ گناہ ہیں۔"

اور اس نے تاکیداً کہا کہ:

"بلاشبہ جو خطرناک حادثے نیویارک اور واشنگٹن میں ہوئے کہ جن کے نتیجے میں ہزاروں جانیں ضائع ہوئیں۔ یہ ایسے کام ہیں کہ جنہیں شریعتِ اسلامی تسلیم نہیں کرتی اور نہ یہ اس دین کا حصّہ ہیں اور نہ ہی یہ اُس کے شرعی اُصولوں سے موافقت رکھتے ہیں۔"

یہ تو ایک چھوٹی سی مثال ہے ان اوندھے لیٹ جانے والے فتوؤں کی کہ جنہوں نے امریکا کی خاطر (الولاء والبراء) کے معنی و مفہوم کو خاک آلود کر دیا۔ لہٰذا، یہ لوگ چیچنیا میں روسی جرائم اور کشمیر میں ہندوستانی جرائم، عراق، انڈونیشیاء، کوسوو اور بوسنیا میں امریکی جرائم، مشرقی ترکستان میں چینی جرائم، ایران میں ہمارے سنّی بھائیوں کے خلاف ایرانی جرائم، فلسطین میں ہمارے بھائیوں کے خلاف صہیونی جرائم اور ایریٹیریا میں مسلمانوں کے خلاف ایریٹیری جرائم اور۔۔۔۔ اور۔۔۔۔ اور۔۔۔۔ کی مذمّت کرنے کے بجائے خاموش رہے۔۔۔ اور جب بولے، تو صرف امریکا کے خلاف دہشت گردی کی مذمّت میں بولے۔ اور جب بولے، تو صرف امریکی معصوموں کی مدد کے لیئے بولے گویا کہ اس جہاں میں صرف (اُشقر یعنی امریکی) معصوم ہیں۔

تعجب ہے اِن کے علماء پر۔۔۔!

لیکن ہم انہیں کہتے ہیں کہ یاد رکھو۔۔۔! آج کے بعد تمھیں عقیدہ توحید پر بولنے کا حق حاصل نہیں رہے گا۔ اور بلاشبہ الشیخ محمد بن عبد الوہاب کی دعوت تم سے ٹھیک اُسی طرح بریٔ الذمہ ہے کہ جس طرح یوسف علیہ السلام کے خون سے بھیڑیا بریٔ الذمہ تھا۔

تم نے تو ثابت کر دیا کہ تم عقیدے کے معنی اور نہ ہی الولاء والبراء کے معنی سے آشناء ہو۔ تم تو صرف اس میں مہارت رکھتے ہو کہ جس کا تمھیں حکم دیا جاتا ہے۔ اور ہو سکتا ہے کہ تم تو صرف اُسی میں مہارت رکھتے ہو کہ جس سے تمہاری دنیا کی حفاظت ہو۔

اے فقہاء۔۔۔! تمھیں اللہ کی قسم۔۔۔ کیا تمھیں حربیوں کی اعانت کے (شرعی) حکم کا علم نہیں؟

اور خاص طور پر امریکیوں کے بارے میں۔۔۔! یہ فقہاء، صلیبیوں کو راضی کرنے کے لیئے عمومی دلیلوں سے خواہ جتنا بھی باطل استدلال کرتے رہیں اور اُسے بے پناہ لبادہ بناتے رہیں، تو بھی یہ (شرعی) حکم میں تبدیلی کیلیئے کچھ فائدہ مند نہ ہو گا۔۔۔!

اللہ تعالیٰ رحم فرمائے الشیخ عبد اللہ الاَہدل پر کہ اُنکی کتاب (السیف البتار علی من یوالی الکفار) کے صفحہ نمبر ۲۸ پر جب اُن سے سامان یا غذائی مواد کو نصاریٰ کے ملکوں کہ طرف لے جانے کے بارے میں سوال کیا گیا؟ تو، انہوں نے فرمایا:

"اگر یہ ملک ایسا دارُ الاسلام ہے کہ جس پر کفّار نے قبضہ کیا ہو اور ہم پر اُنکی مزاحمت کرنا اور اُسے اُن سے آزاد کروانا واجب ہے۔ تو سازو سامان اور غذائی اشیاء کو اُنکی طرف لے جانے والا اللہ اور اُسکے رسول کا نافرمان اور گناہِ کبیرہ کا مرتکب ہے۔ لہٰذا، اُسے اس کام سے سختی کے ساتھ روکا جائے گا، تو اگر وہ باز نہ آئے، تو ایسا حکمران کہ جو مسلمانوں کے اُمور کے ذمہ دار ہو، وہ اُسے سخت سزا دے خواہ قید کر کے بھی اور اُسکے وہاں جانے پر پابندی لگا کر۔ اور اگر وہ نہ رُکے، تو اس کے قافلے کو راستے سے واپس کرنا جائز ہے تا کہ کفّار کا محاصرہ ہو۔ اور اس قافلے کے سامان پر اُس کے ملکوں کے حقوق ہی رہیں گے اور اُس (قافلہ لے جانے والے) کو قتل کرنا جائز نہیں بلکہ اُسے اس کام سے ایسے اچھے طریقے سے روکا جائے کہ جو تکلیف دہ نہ ہو۔ اور جو اُس کا اِس کام میں مددگار ہو گا، وہ بھی گناہ میں شریک ہو گا خواہ اُسکی یہ اعانت قولی ہو یا فعلی۔ اس حدیث کے مطابق:

"جس نے ظالم کی اعانت کی، تو اللہ تعالیٰ، اُس کو اُسی پر مسلّط کر دے گا۔" اسے ابنِ عساکر نے ابنِ مسعود سے روایت کیا ہے۔ اور اس حدیث کے مطابق:

"جس نے اپنے باطل کے ساتھ حق کو دبانے کے لیئے ظالم کی اعانت کی، تو اُس سے اللہ اور اُس کے رسول کی ذمہ داری بری ہے۔" اسے حاکم نے ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔"

میں نے کہا کہ اگر یہ (شرعی) حکم اُس شخص کے بارے میں ہے کہ جو سامانِ تجارت اُن ملکوں میں تجارت کی غرض سے لے جاتا ہے کہ جہاں پر کفّار کا قبضہ ہوا جبکہ وہاں کے رہنے والے مسلمان ہوں۔

تو، پھر اُس شخص کے بارے میں کیا (شرعی) حکم ہو گا کہ جس کا ارادہ خون ومال دینے اور دار الحرب (جنگجو ملک) کی مطلق طور پر اعانت کرنے کا ہے؟

کیونکہ جس علّت (سبب) کی بناء پر سامانِ تجارت اُن ملکوں کی طرف لے جانا حرام قرار پایا کہ جن پر کفّار کا قبضہ ہے، وہ علّت اُنکی تقویّت ہے۔ لہٰذا، اُنکا محاصرہ کرنا اور اُن سے اسلامی ملکوں کو چھڑانا واجب ہوا۔ اور یہی علّت یعنی کفّار کی تقویت امریکا کے بارے میں بھی موجود ہے۔ تو، ان فقہاء کا امریکا کو جو کہ حربی ملک ہے کی خون ومال کے عطیات کے ساتھ اعانت کرنا اور اُسکی تقویّت کا باعث بننا یا اُس کے ساتھ ہمدردی کرنا، اسلام اور مسلمانوں کے خلاف جنگ میں اضافہ کرنا ہے۔ اور خاص طور پر اس حالت میں کہ جب کہ ان (امریکیوں) نے اسلام اور اسکے ماننے والوں کے خلاف صلیبی جنگ شروع کرنے کا اعلان کر رکھا ہے۔

تو، یہ امداد تو اُن (امریکیوں) کے لیئے مسلمانوں کے خلاف جنگ میں تقویت کا زیادہ باعث بنیں گیں۔ جبکہ الشیخ صاحب نے ظالم کی اعانت کی حرمت والی احادیثوں سے استدلال کر کے اُنکی اعانت کو حرام قرار دیا ہے۔ تو، پھر اللہ اور اُسکے دین کے ماننے والوں کے خلاف لڑنے والے کی اعانت کا (شرعی) حکم کیا ہو گا؟

اور حربی (جنگجو کافر) سے تعاون کرنا اور اُسکی تقویت کا باعث بننے کے حرام ہونے پر اجماع ہے۔

النووی نے (المجموع ۹/۳۳۵) فرمایا:

"رہا مسئلہ حربیوں کو اسلحہ فروخت کرنے کا، تو اس کے حرام ہونے پر اجماع ہے۔ اور اگر اس نے اُنہیں فروخت کر بھی دیا، تو صحیح مذہب کے مطابق یہ بیع منعقد نہ ہو گی اور اسی کا فیصلہ دیا ہے جماہیر شافعیوں نے۔"

شیخ الاسلام نے اسلحے کے فروخت کی حرمت کی علّت، اعانت و تقویت بیان کی ہے۔ اور یہی علّت (سبب) اُن امداد میں موجود ہے کہ جو امریکی حربیوں کی خدمت میں پیش کرنے کی فقہاء نے دعوت دی ہے۔

شیخ الاسلام سے (الفتاویٰ ۱۴۱/۲۲) میں جب اُس درزی کے بارے میں پوچھا گیا کہ جس نے نصاریٰ کے لیئے ایسا کپڑا سلائی کیا کہ جس میں سونے کی صلیب ہے، تو کیا اُس کے سلائی کرنے پر اُس پر کوئی گناہ ہے؟ اور کیا اُسکی حرمت حلال ہوگی یا حلال؟

تو، آپ نے جواب دیا:

”جی ہاں! اگر کوئی آدمی، اللہ کی معصیت کے کام میں اعانت کرتا ہے، تو وہ گناہ گار ہے کیونکہ اُس نے گناہ وزیادتی کے کام میں اعانت کی۔ اسی لیئے نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم نے شراب اور اُس کے نچوڑنے والے، جس کے لیئے تیّار کی گئی، اُسکے اٹھانے والے اور جس کی طرف لائی گئی، اُسے بیچنے والے، اُسے خریدنے والے، اُسے پلانے والے، پینے والے اور اُسکی قیمت کھانے والے سب پر لعنت فرمائی۔ اور ان میں اکثر جیسے نچوڑنے والا، اٹھانے والا اور پلانے والا تو صرف اُسکے پینے میں مددگار ہیں۔ اسی لیئے ایسے شخص کو اسلحہ فروخت کرنا منع ہے کہ جو اس کے ساتھ حرام لڑائی لڑے جیسے مسلمانوں کے خلاف لڑائی اور فتنے کی لڑائی۔ لہٰذا، اگر یہ چیز معاصی پر اعانت کا حال ہے تو، پھر کفر اور کفر کے شعارات کی اعانت کا کیا حال ہوگا؟“

میں نے کہا کہ:

”ہم اللہ تعالیٰ کی مدد کے طلبگار ہیں ۔۔۔! کیا نرمی اور ترس کھانے والے یہ فقہاء خبردار ہوئے کہ انہوں نے امریکا کی جنگ میں اس کی مدد کی۔ اگرچہ مادّی مدد تو نہیں مگر معنوی مدد تو ہے۔

سو، انہوں نے اُن سے تعزیت کی، اُنکی ہمّت بڑھائی اور اُنکے دشمن (مجاہدین) کی مذمّت کی۔ میں نے ایک ایسے جاہل کو جو اپنے آپ کو فقیہ سمجھتا ہے، کسی آدمی کے کیئے گئے اس سوال کا جواب پڑھا کہ کیا کفّار کو پہنچنے والے مصائب پر اُن سے تعزیّت کرنا جائز ہے؟ سائل کا مقصد امریکا تھا۔ اور یہ سوال اِن کاروائیوں کے ایک دن بعد تھا۔

تو، اس نے جواب دیا کہ جی ہاں! اُنکی تعزیت کرنا اور اگر وہ بیمار ہوں تو، بیمار پُرسی کرنا جائز ہے کیونکہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے اُس یہودی لڑکے کی عیادت کی تھی کہ جب وہ بیمار پڑ گیا تھا جبکہ وہ کافر تھا۔۔۔ الخ۔۔ فتویٰ۔

میں نے کہا کہ: خود ساختہ یہ جاہل فقیہ، رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے حکم کے تحت کسی معاہدہ ساز یہودی اور حربی یہودی یا حربی صلیبی کے درمیان فرق بھی نہیں جانتا، سو، اُس نے دلیل کو اُس کے غیر مقام پر نافذ کیا اور فتوے کے لیئے اُس کے حقیقی سبب کو فتویٰ صادر کرنے سے قبل پہچانا نہیں۔"

لیکن یہ اور اس قسم کے دوسرے ایسے لوگ ہیں کہ جن کے بارے میں جب علماء اُٹھا لیئے جائیں گے اور علم چھین لیا جائے گا، رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا:

"لوگ جاہلوں کو سردار بنالیں گے کہ جو بغیر علم کے فتوے دیں گے اور گمراہ ہوں گے اور گمراہ کریں گے۔"

اور ان حادثات کے بارے میں جتنے بھی فتوے ہمارے سامنے آئے ہیں، وہ سب اسی نوعیت کے ہیں اور ان میں سے بدترین وہ ہے کہ جس کا مفتی، معاہدہ کرنے والے اور ذمّی اور پناہ لینے والے اور محارب (جنگجو) کے درمیان فرق بھی نہیں جانتا۔ لہٰذا، وہ اس مسئلے کی دلیلیں، اُس مسئلے پر لاگو کر رہا ہے اور اُس مسئلے کی اِس مسئلے پر۔ اور وہ اچھائی اور برائی کو خلط ملط کرتا ہے اور یہ گمان کرتا ہے کہ ہر چمکنے والی چیز سفید اور ہر کوئلہ نما چیز سیاہ ہوتی ہے۔ اور اگر اُسے ان قسموں میں فرق کرنا میسّر بھی ہو جائے، تو

اُس حقیقی واقعے کو نہیں جانتا کہ جس کے مطابق دلیلوں کو لاگو کیا جائے۔ ہم اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے عافیت وہدایت چاہتے ہیں۔

کفّار کے ملکوں میں رہائش پذیر مسلمانوں کے لیئے نصیحت

اس مقام پر میں اپنے اُن مسلمان بھائیوں کو نہیں بھولوں گا کہ جو مشرکوں کے درمیان رہائش پذیر ہیں خواہ وہ معذور ہوں یا غیر معذور، وہ مت بھولیں کہ الولاء والبراء اور المظاھرۃ للاعداد (دشمنوں کی مدد کرنے) کے معنوں میں سب سے پہلے مخاطب وہی ہیں۔ لہٰذا، دنیا کی زندگی اُنہیں دھوکے میں نہ رکھے اور شیطان، اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے بارے میں اُنہیں کسی دھوکے میں نہ رکھے۔ کیونکہ بندے کی اہم ترین چیز جو حفاظت کے قابل ہے وہ اُسکا دین اور اُسکا عقیدہ ہے خواہ وہ فقیر ہو کر ہی زندگی گزارے اور وہ اور اُسکی اولاد بھوک سے مر جائیں۔ یہ اُس سے بہتر ہے کہ وہ غنی ہو کر زندگی گزارے اور وہ اور اسکی اولاد ملّتِ اسلام کے علاوہ (کسی دین) پر مریں۔ کیونکہ یہ دنیا فانی ہے اور آخرت ہی حقیقی زندگی ہے اگر وہ جانتے ہوں تو۔

میں اپنے بھائیوں کے لیئے الشیخ عبد اللہ بن عبد الباری الاَہدال کی کتاب (السیف البتار علی من یوالی الکفار) کے صفحہ نمبر ۲۱ سے یہ فتویٰ نقل کرتاہوں کہ سائل نے کہا کہ:

سوال: اسی طرح مسلمان ملکوں میں، مسلمانوں میں سے کچھ لوگ یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ نصاریٰ کہ رعایا میں سے ہیں۔ اور وہ اسی پر راضی ہوتے ہیں اور اس میں خوشی محسوس کرتے ہیں۔ تو، آپ اُن کے ایمان کے بارے میں کیا کہتے ہیں۔ اور وہ اپنی کشتیوں پر ایسے جھنڈے لہراتے ہیں کہ جو نصاریٰ کے جھنڈوں کی مانند ہوتے ہیں۔ اور وہ یہ ظاہر کرنے کے لیئے ایسا کرتے ہیں کہ وہ اُن (نصاریٰ) کی رعایا میں سے ہیں۔

جواب: اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے ہمارے لیئے دینِ اسلام کی ذمہ داری لی ہے۔ بلاشبہ اُن لوگوں کے دلوں میں نصاریٰ کی محبت رچ بس گئی ہے اور اُنکے ذہنوں میں اُنکی بادشاہت کی عظمت، اُن کا ہدیہ ہے۔ اور اُنہوں نے اُن (نصاریٰ) کے ہاتھوں میں دنیا کی فراوانی دیکھی جو کہ دنیاوآخرت کا اُن کا نصیب ہے۔ اور اُنکی نظر میں اُنکی دنیاوی ترقی اور اُسکے اکھٹا کرنے پر جمی ہوئی ہیں اور یہ کہ نصاریٰ اس دنیا کی حفاظت اور اس کی نگرانی پر قادر ہیں۔ لہٰذا، اگر تو یہ مذکورہ لوگ جاہل ہیں اور ان کا دین، اسلام کی رِفعت اور تمام اَدیان پر اُسکی بلندی کا اعتقاد ہے اور یہ کہ اس (اسلام کے شرعی) احکام سب سے زیادہ درست ہیں، اور اسکے ساتھ اُنکے دلوں میں کفر اور اُسکے اربابِ اختیار کی (دینی لحاظ سے) عظمت نہ ہو، تو وہ اسلامی احکام پر باقی ہیں لیکن وہ فاسق ہیں اور بڑے گناہ کے مرتکب ہیں۔ جنہیں اس پر سخت سزا دینا اور سبق سکھانا اور سزا دیناواجب ہے۔

اگر وہ مذکورہ احکامِ اسلام کا علم رکھتے ہیں اور اس کے باوجود اُنکے مذکورہ بالا کام صادر ہوئے ہیں، تو اُن سے توبہ کا مطالبہ کیا جائے گا، اگر تو وہ اس سے تائب ہو گئے اور اللہ تعالی سے توبہ کی، تو ٹھیک ورنہ دین سے خارج ہیں۔ لہٰذا، اگر وہ کفر کی عظمت کا اعتقاد رکھتے ہیں، تو وہ مرتد ہو گئے اور اُن پر مرتدّوں کے (شرعی) احکام لاگو ہوں گے۔ اور آیات واحادیث، اِن مذکورہ لوگوں کے عدم ایمان کو ظاہر کرتیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ:

آیت: ﴿اللَّهُ وَلِيُّ الَّذِينَ آمَنُوا يُخْرِجُهُم مِّنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ ۖ وَالَّذِينَ كَفَرُوا أَوْلِيَاؤُهُمُ الطَّاغُوتُ يُخْرِجُونَهُم مِّنَ النُّورِ إِلَى الظُّلُمَاتِ ۗ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ﴾

ترجمہ: ”ایمان لانے والوں کا کارساز اللہ تعالیٰ خود ہے، وہ انہیں اندھیروں سے روشنی کی طرف نکال لے جاتا ہے اور کافروں کے اولیاء شیاطین ہیں۔ وہ انہیں روشنی سے نکال کر اندھیروں کی طرف لے جاتے ہیں، یہ لوگ جہنمی ہیں جو ہمیشہ اسی میں پڑے رہیں گے۔“ (سورۃ البقرۃ۔۲۵۷)

اس آیت کا مطلب ہے کہ لوگوں کی دو(۲) قسمیں ہیں۔

پہلی: وہ لوگ جو ایمان لائے، اُنکا ولی اللہ تعالیٰ ہے یعنی اُس کے علاوہ اور کوئی نہیں۔ سو، اُنکا اللہ تعالیٰ اور اُسکے رسول کے علاوہ کوئی مولیٰ نہیں۔ اللہ تعالیٰ، ہمارا مولیٰ ہے جبکہ تمہارا کوئی مولیٰ نہیں۔

دوسری: اور جو لوگ کافر ہوئے اُنکے اولیاء(دوست) طاغوت ہیں۔

لہٰذا، ادر میانی کوئی قسم نہیں۔ لہٰذا، جس نے طاغوت کو اللہ تعالیٰ کے علاوہ ولی بنایا، تو اُس نے کھلا گھاٹا اُٹھایا۔ اور اُس نے بہت بڑے جرم کا ارتکاب کیا۔ لہٰذا، یا تو اللہ تعالیٰ کا ولی ہو گا یا پھر طاغوت کا ولی۔ لہٰذا، ان دونوں میں کسی بھی صورت میں اشتراک ممکن نہیں۔ جیسا کہ آیت کا تقاضا ہے۔ اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا فرمان ہے:

آیت:﴿فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتَّىٰ يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوا فِي أَنفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوا تَسْلِيمًا﴾

ترجمہ:"سو قسم ہے تیرے پروردگار کی! یہ مومن نہیں ہو سکتے، جب تک کہ تمام آپس کے اختلاف میں آپ کو حاکم نہ مان لیں، پھر جو فیصلے آپ ان میں کر دیں ان سے اپنے دل میں اور کسی طرح کی تنگی اور ناخوشی نہ پائیں اور فرمانبرداری کے ساتھ قبول کر لیں۔" (سورۃ النساء۔۶۵)

اللہ تعالیٰ نے فیصلہ صادر فرمایا کہ ہم کفّار کو کسی صورت میں بھی دوست نہ بنائیں۔ تو، جو کوئی اُسکے فیصلے کی مخالفت کرے گا تو، اُس کے پاس کہاں سے ایمان آئے گا جبکہ اللہ تعالیٰ نے اُس کے ایمان کی نفی کر دی۔ اور اس نفی کی واضح ترین صورت اور قسم کے ساتھ تاکید بھی کر دی اور اس سے مستفید ہو جائیں۔ اور ابو داؤد نے ابنِ عمر رضی اللہ عنہ اور الطبرانی نے (الاوسط) میں حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ:

”جس نے کسی قوم کی مشابہت اختیار کی، تو وہ اُنہی میں سے ہے۔“

لہٰذا، حدیث تو کفّار کے ساتھ مشابہت اختیار کرنے سے جھڑکتی ہے۔ تو، جس نے پرچم بلند کیئے تو، یہ مشابہت کی شکلوں میں سے ایک ہے جیسے لباس اور چلنے کی چال و چلن و ہیئت اور حرکات و سکنات کی۔ جبکہ نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم نے یہود کی مخالفت کی اور اُنکی مخالفت کا حکم دیا ہر اُس چیز میں جو وہ کرتے ہیں۔ اور اسی طرح مجوس اور نصاریٰ کے شعار اور اُنکے لباس، اُنکی اعیاد اور اُنکے روزوں میں اور تمام حالات میں اُنکی مخالفت کرنے اور اُنہیں غیض دلانے کا حکم دیا۔ آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم کا یہ فرمان ہے کہ:

”مشرکوں کی آگ سے روشنی حاصل نہ کرو۔“

سیّدنا عمر بن خطّاب رضی اللہ عنہ سے کفّار کے ساتھ رہائش اختیار کرنے، اُنکی کتابت سیکھنے اور اُنکی اعیاد میں شامل ہونے، اُن سے اختلاط (میل جول) کرنے، اُن کا لہجہ سیکھنے سے منع کرنا وارد ہوا ہے۔ لہٰذا، جو کوئی اُن (کفّار) کی محبت میں اُنکی مشابہت اختیار کرتا ہے اور اُن کے کفر سے راضی ہوتا ہے، تو ایسا شخص کافر ہے۔ اور جو کوئی اس مقصد سے غافل ہو کر یہ کام کرے اور اُنکے جاہلیّت کے کاموں میں اُنکی مشابہت اختیار کرے، تو اُس میں اُنکے خصائل میں سے ایک خصلت ہے، جس سے توبہ کرنا اُس پر لازم ہے اُسی شرط کے مطابق جو اُس توبہ کے لیئے مقرر ہے۔

ابنِ تیمیۃ رحمہ اللہ نے کہا کہ حدیث:

”جس نے کسی قوم کی مشابہت اختیار کی، تو وہ اُنہی میں سے ہے۔“

کی کم ترین حالت بھی کفّار سے تشبیہ کی حرمت کا تقاضا کرتی ہے۔ اگرچہ اس کا ظاہر تو مشابہت اختیار کرنے والے کے کفر کا تقاضا کرتی ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کے فرمان میں ہے کہ:

آیت: ﴿۔۔۔ وَمَن يَتَوَلَّهُم مِّنكُمْ فَإِنَّهُ مِنْهُمْ ۗ ۔۔۔﴾

ترجمہ: ''۔۔تم میں سے جو بھی ان میں کسی سے دوستی کرے وہ بے شک انہی میں سے ہے،۔۔۔۔''(سورۃ المائدۃ۔۵۱)

اور یہ ابنِ عمر رضی اللہ عنہ کے قول کی مثال ہے کہ:

''جس نے کسی مشرکوں کی سرزمین پر گھر بنایا اور (اُنکی عیدوں نیروزاور مہرجان کو اختیار کیا یا اُن سے مشابہت اختیار کی حتیٰ کہ مر گیا، تو ایسا شخص قیامت کے روز اُنہی کے ساتھ اُٹھایا جائے گا۔''

تو یہاں **مطلق** مشابہت مراد ہے جو کہ کفر کی متقاضی ہے۔ اور اُن میں سے تمام افعال حرام ہیں خواہ اِن میں سے **بعض** کیئے جائیں۔ اور ہو سکتا ہے کہ اُس شخص کے بارے میں کہ جس نے اُنکی مشابہت اختیار کی ہو، اُس کام کی نوعیت کے حساب سے شرعی حکم لگے۔ یعنی اگر تو اُس نے اُن کی مشابہت کفریہ کام یا شعار میں کی، تو اُس پر کفر کا حکم لگے گا اور معصیت کے کام میں کی، تو اُس کے مطابق حکم لگے گا۔

الشیخ عبد اللہ بن عبد الباری الاہدال سے اُن کی کتاب (السیف البتار علی من یوالی الکفار) کے صفحہ نمبر ۲۴ پر سوال کیا گیا کہ:

سوال: آپ کی اُس شخص کے بارے میں کیا رائے ہے کہ جو نصاریٰ کی تعریف کرتا ہے اور کہتا ہے کہ وہ عدل کرنے والے ہیں اور عدل وانصاف سے محبّت کرنے والے ہیں اور مجالس میں اُنکی کثرت سے تعریف وتوصیف کرتا ہے اور مسلمانوں کے بادشاہ کا ذکر اہانت کے ساتھ کرتا ہے جبکہ عدل اور عدم ظلم کو کفّار کی طرف منسوب کرتا ہے؟

جواب: جو شخص اُنکی تعریف توصیف کرتا ہے، تو ایسا شخص فاسق ہے اور کبیرہ گناہ کا مرتکب ہے۔ اس پر اپنے اس فعل سے توبہ کرنا اور نادم ہونا واجب ہے۔ یہ تو اُس صورت میں ہے کہ جب اُس کی کفّار کے لیئے یہ تعریف اُن میں موجود کفر کے ملاحظے کے بغیر ہو۔ لیکن اگر اُنکی تعریف اُس نے کفر کی وجہ

سے کی ہے، تو ایسا شخص کافر ہے گویا کہ اُس ایسے کفر کی تعریف کی ہے کہ جس کی مذمّت تمام شریعتوں نے کی ہے۔ جبکہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے کسی مسلمان کی ایسے کام سے تعریف کرنے سے خبردار کیا کہ جس کا آدمی کو علم ہی نہ ہو۔ سو، آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے کچھ لوگوں کو ایک شخص کی تعریف کرتے ہوئے سنا، تو فرمایا کہ:

"تم لوگوں نے اُس آدمی کی گردن کاٹ ڈالی۔"

یعنی تم نے اُسے ہلاک کر ڈالا۔ رہا مسئلہ حکمران کے پاس نیک آدمی کا تزکیہ کرنے کے لیئے اُسکی تعریف و مدح کرنا اُس کے لیئے جائز ہے بلکہ ہو سکتا ہے کہ واجب بھی ہو جبکہ فاسق مسلمان کی تعریف کرنا معصیت ہے۔ اس حدیث کی وجہ سے کہ:

"جب ظالم کی تعریف کی جائے، تو اللہ تعالیٰ غضبناک ہو جاتے ہیں۔"

جب چھوٹے ظلم میں ایسا ہے، تو بڑے ظلم کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟ اور ایک حدیث کہ جسے ابو یعلیٰ اور البیہقی نے اَنس اور ابنِ عدی سے اور انہوں نے بریدہ سے روایت کیا ہے کہ:

"جب فاسق کی تعریف کی جائے، تو اللہ تعالیٰ غضبناک ہو جاتے ہیں اور اسکی وجہ سے عرش کانپ اُٹھتا ہے۔"

اس کا حاصل یہ ہے کہ کفّار کی اُنکے کفر کی بناء پر تعریف کرنا، اسلام سے ارتداد ہے۔ جبکہ اس مقصد کے بغیر اُنکی تعریف کرنا گناہِ کبیرہ ہے کہ جس کے مرتکب کو ایسی سخت سزا دینی چاہیئے کہ جو اس کے لیئے تنبیہ ہو۔ اور جو شخص یہ کہتا ہے کہ وہ عدل و انصاف والے ہیں۔ تو، اگر تو اُس سے اُس کا مقصد کفریہ قوانین ہیں کہ جن میں اُن کے قانونی احکامات ہیں کہ یہ عدل و انصاف پر مبنی ہیں، تو اُس نے کفر کیا جبکہ اللہ تعالیٰ نے اُن کے اِن قوانین کی مذمّت کی ہے اور انہیں برا کہا ہے اور انہیں عتوّ (ظلم و سرکش)، عناداً (ضد و ہٹ دھرمی)، طغیاناً (سرکشی)، افکاً (گھڑا ہوا جھوٹ)، اثماً مبیناً (کھلا گناہ)،

خسراناً مبیناً(کھلا گھاٹا)اور بھتاناً(بہتان)جیسے نام دیئے ہیں۔ جبکہ عدل تو صرف اللہ تعالیٰ کی وہ شریعت ہے کہ جو اُسکی کتاب میں ہے اور اُسکے نبی کی سنّت میں ہے۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ عدل وانصاف کا حکم دیتاہے۔ اگر نصاریٰ کے احکامات عدل وانصاف پر مبنی ہوتے، تو ضرور اُن کا حکم دیا جاتا۔ جس کے نتیجے میں نصاریٰ کارد کرنے میں تناقض وتضاد ہوتا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

آیت:﴿أَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُونَ ۚ وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ اللَّهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ يُوقِنُونَ﴾

ترجمہ:"کیا یہ لوگ پھر سے جاہلیت کا فیصلہ چاہتے ہیں یقین رکھنے والے لوگوں کے لئے اللہ تعالیٰ سے بہتر فیصلے اور حکم کرنے والا کون ہو سکتا ہے؟۔" (سورۃ المائدہ۔۵۰)

لہٰذا، اللہ تعالیٰ کا حکم ہی اچھے عدل وانصاف پر مبنی ہے اُسکے علاوہ اور کوئی نہیں۔ سو، نصاریٰ کے لیئے یہ کیونکر ممکن ہو سکتا ہے کیونکہ ہر عدل وانصاف اچھا ہی ہوتا ہے۔ اس طرح ان مذکورہ لوگوں کا دعویٰ باطل ہوا جبکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

آیت:﴿أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ يَزْعُمُونَ أَنَّهُمْ آمَنُوا بِمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ وَمَا أُنزِلَ مِن قَبْلِكَ يُرِيدُونَ أَن يَتَحَاكَمُوا إِلَى الطَّاغُوتِ وَقَدْ أُمِرُوا أَن يَكْفُرُوا بِهِ وَيُرِيدُ الشَّيْطَانُ أَن يُضِلَّهُمْ ضَلَالًا بَعِيدًا﴾

ترجمہ:"کیا آپ نے انہیں نہیں دیکھا؟ جن کا دعویٰ تو یہ ہے کہ جو کچھ آپ پر اور جو کچھ آپ سے پہلے اتارا گیا ہے اس پر ان کا ایمان ہے، لیکن وہ اپنے فیصلے غیر اللہ کی طرف لے جانا چاہتے ہیں حالانکہ انہیں حکم دیا گیا ہے کہ شیطان کا انکار کریں، شیطان تو یہ چاہتا ہے کہ انہیں بہکا کر دور ڈال دے۔" (سورۃ النساء۔۶۰)

سو، ان لوگوں نے اُسے عدل کا نام دے دیا کہ جس سے اللہ تعالیٰ نے اُنہیں کفر کرنے کا حکم دیا۔ اسی طرح انہوں نے اپنی گمراہی میں غلو کیا اور شیطان تو چاہتا ہے کہ وہ اُنہیں دور کی گمراہی میں ڈال دے۔

اگر اُس کا مقصد مجازی عدل کا ہے جو کہ دنیاوی ترقی ہے اور اُس ظلم کو چھوڑنا کہ جس سے دنیا خراب ہو، تو اُس پر کفر لازم نہیں آتا۔ لیکن اُسے اِس پر بھی سخت سرزنش کی جانی چاہیئے۔ اور جو روایت آپ علیہ السلام سے مروی ہے کہ: "تو اَنو شروان کی عادل مملکت میں پیدا ہوا"، تو اس سے آپ علیہ السلام کی مراد مجازی عدل تھا۔ خاص طور یہ بھی کہ مذکورہ بادشاہ بعثتِ نبوی سے قبل تھا اور جیسا کہ معلوم ہے کہ اس کے علاوہ مذکورہ حدیث کی کوئی اصل نہیں جیسا کہ ابنِ حجر نے (النعمۃ الکبریٰ) میں اسے ذکر کیا اور کہا:

> "اس پر عادل کے لفظ کا اطلاق اُسکے اس مشہور نام کی بنیاد پر ہوا کہ جس سے وہ پکارا جاتا تھا، نہ کہ اُس کے لیئے اِس (عدل) کی گواہی دینے کے لیئے کیونکہ وہ تو غیر اللہ کا حکم چلاتا تھا۔"

السخاوی نے کہا کہ:

> "مذکورہ حدیث موضوع ہے۔ اگر صحیح بھی ہو، تو اُسے عدل کی صفت دینے میں کوئی حرج نہیں کیونکہ وہ اپنی رعایا پر اُنکے دنیاوی حقوق میں ظلم و جبر نہیں کرتا تھا۔ لہٰذا، اُس کا اس معاملے میں عدل کرنا اُسکے کفر اور جہالت کے سبب اپنی جان پر ظلم کرنے کے منافی نہیں۔ واللہ عالم۔"

لہٰذا، مغرب میں موجود مسلمانوں کو اپنے دین کے ضائع ہونے سے بچانا چاہیئے اور یہ اُن کفّار کے عدل کی تعریف کرکے جنہوں نے کہا کہ اسلام کے خلاف اُنکا صلیبی حملہ بھی (العدل المطلق) کہلاتا ہے:

آیت:﴿۔۔۔ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ أَفْوَاهِهِمْ ۚ إِن يَقُولُونَ إِلَّا كَذِبًا﴾

ترجمہ:"۔۔۔ یہ تہمت بڑی بری ہے جو ان کے مونہوں سے نکل رہی ہے وہ نرا جھوٹ بک رہے ہیں" (سورۃ الکہف۔۵)

کیونکہ عدلِ مطلق تو صرف اکیلے اللہ ہی کے لائق ہے۔ رہے صلیبی انسانی شیاطین اور اُنکے چیلوں کے پاس تو صرف ظلمِ عظیم اور جبر واستداد اور بڑے مکر ہیں۔ اللہ انہیں تباہ کرے۔

عجیب وغریب بات یہ ہے کہ ان حادثات کے مفتیوں نے اِن کاروائیوں کی مذمّت کی اور ان پر اعتراض کیا اور یہ اس لیئے کہ مغرب میں ہمارے بھائیوں کے لیئے کچھ نرمی ہو تاکہ اُنکی دنیا کو کوئی نقصان نہ پہنچے۔

جب انہوں نے کفّار کو دوست بنایا اور ہمارے بھائیوں کے دین کو اس موالاۃ (دوستی) کے ذریعے جو نقصان پہنچایا، تو انہوں نے انکے دین کو اِس عظیم شر سے بچانے کے لیئے کوئی فتویٰ نہیں دیا۔ اور ہم نے دیکھا کہ مسلمانوں کی ایک بڑی تعداد اور اُنکے داعی حضرات کس طرح مغرب کی تعزیت کے لیئے وہاں گئے اور وہاں امریکی وبرطانوی (الکندرائی) گرجاگھر میں مقدّس عبادات کی ادائیگی کی۔ اور کیسے وہاں افسوس وتعزیت کے کلمات ادا کیئے اور کس طرح انہوں نے کھل کر کہا کہ وہ اور نصاریٰ ایک ہی چیز ہیں اور یہ کہ وہ امریکی شہری ہونے کی حیثیت سے ان حادثات میں امریکیوں کے ساتھ ہیں اور اُنکے غم میں برابر کے شریک ہیں اور وہ ان حادثات میں اُنکے ساتھ مطلق طور پر ہیں۔

یہ فقہاء اس قول وفعل کو کیا شمار کرتے ہیں؟ کیا وہ اس پر مجبور کیئے گئے ہیں؟

جبکہ ہم ذکر کرچکے ہیں کہ کفر کے لیئے کیا مجبوری معتبر ہے۔ کیا یہ دین وعقیدے کے لیئے خطرناک نہیں؟ تو تم کیونکر اُنکی دنیا کے خطرے سے خبردار تو ہوگئے؟ جبکہ اُن کے عقیدے کے لیئے خبردار نہ ہوئے؟

سبحان اللہ، یہ چیز تو بہت عجیب ہے!

قاضی عیاض (الشفا) میں ۱۰۷۲/۲۔۱۰۷۳ پر فرماتے ہیں:

"اسی طرح ہم ہر اُس فعل پر کافر قرار دیتے ہیں کہ جس پر مسلمانوں کا اجماع ہو کہ یہ صرف کسی کافر سے صادر ہو سکتا ہے اگر چہ اس کا فاعل اسلام کی صراحت کرنے والا ہو اپنے اس کام کے ساتھ، جیسے گرجا گھروں اور چرچوں کی طرف اُنکے لباس میں جانا اور اُنکی گھنٹیاں بجانا کہ جسے ایک ذمّی اپنی کمر پر باندھتا ہے۔ اور سروں کے بال درمیان سے کٹوانا اور اردگرد سے چھوڑنا۔ تمام مسلمانوں کا اس بات پر اجماع ہے کہ یہ کام صرف کافر ہی سے ہوتا ہے۔"

ابنِ تیمیۃ (مختصر الفتاویٰ المصریہ، ص۔۵۱۴) پر فرماتے ہیں:

سوال: اور جب ذمّی لوگ بیت المقدّس کے گرجا گھر کی زیارت کرنے جائیں، تو کیا اُسے یہ کہا جا سکتا ہے کہ مثلاً اسے حاجی؟

جواب: ایسا بیت الحرام کے حاجی کی تشبیہ میں کہنا جائز نہیں۔ اور جس نے یہ گمان کیا کہ اُس (گرجا گھر) کی زیارت تقرّب الٰہی ہے، تو اُس نے کفر کیا۔ اور اگر وہ مسلمان تھا، تو وہ مرتد ہے اور اُس سے توبہ کرائی جائے گی۔ اگر توبہ کرلے تو ٹھیک ورنہ اُسے قتل کر دیا جائے گا۔ اور اگر وہ اس حرام کام سے جاہل تھا، تو اُسے بتایا جائے گا، اگر اس پر اصرار کیا، تو اُس نے کفر کیا اور مرتد ہو گیا۔

آپ نے (مجموع الفتاویٰ ۲۷/۱۴) میں بھی فرمایا کہ:

"رہی کفّار کی عبادت گاہوں کی زیارت جیسے (قمامہ) نامی جگہ یا (بیت اللحم) یا (صہیون) وغیرہ اور جیسے نصاریٰ کے گرجا گھر، تو ان سے منع کیا گیا ہے، تو جو کوئی ان جگہوں کی اس اعتقاد کے ساتھ زیارت کرتا ہے کہ یہ مستحب زیارت ہے اور اس میں عبادت کرنا

اپنے گھر میں عبادت سے افضل ہے، تو ایسا شخص گمراہ ہے، شریعتِ اسلام سے خارج ہے۔ اُس سے توبہ کرائی جائے گی، اگر توبہ کرلے تو ٹھیک ورنہ قتل کر دیا جائے گا۔"

الخرشی (مختصر الخلیل:۷/۶۳) پر کہتے ہیں کہ:

"اسی طرح اگر کوئی اپنی کمر پر (عیسائیوں) کی گھنٹی باندھے گا، تو وہ مرتد ہوجائے گا کیونکہ کام کرنے میں کفر ہے۔ اور اسی کی مانند کوئی ایسی چیز کرنا کہ جو کفّار کے لباس سے تعلق رکھتی ہو مگر اُس کے ساتھ کفّار کی عبادت گاہوں وغیرہ کی طرف جانا ضروری ہے۔ اور اس بات کی قید بھی لگائی ہے کہ جب وہ ایسا کام اسلامی ملکوں میں کرے۔"

اور ابنِ نجیم نے (البحر الرایق) پر ۵/۱۳۳ میں کہا:

"اور مجوسی کی ٹوپی اپنے سر پر رکھنے سے صحیح قول کے مطابق کافر ہوجائے گا مگر یہ کہ وہ گرمی یا سردی سے بچنے کی ضرورت کے تحت ایسا کرے۔ اور اپنی کمر پر (کفّار کی) گھنٹی باندھنے سے بھی کافر ہوجائے گا ماسوائے اسکے کہ اگر اُس نے یہ فعل جنگ میں دھوکہ دہی کے لیئے کیا ہو۔"

اور افتاء کی مستقل کمیٹی (اللجنة الدائمه للافتاء) کے (فتاویٰ اللجنۃ الدائمہ، ۲/۷۸) میں صلیب (گلے میں لٹکانے) کے (شرعی) حکم کے بارے میں آیا ہے کہ:

"اگر اُس کے لیئے صلیب کے پہننے کا (شرعی) حکم واضح ہوگیا کہ وہ نصاریٰ کا شعار ہے۔ اور یہ دلیل بھی (واضح ہوگئی) اور وہ راضی خوشی، اُسے اُنکی طرف منسوب کرتے ہوئے اسے پہنے اور پھر اُن کے (اعتقادات) پر راضی ہو اور اسی پر اصرار کرے، تو اُس پر کفر کا (شرعی) حکم لگے گا۔ اللہ عزوجل کے اس فرمان کی وجہ سے:

آیت:﴿۔۔۔ وَمَن يَتَوَلَّهُم مِّنكُمْ فَإِنَّهُ مِنْهُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ﴾

ترجمہ:"۔۔۔ تم میں سے جو بھی ان میں کسی سے دوستی کرے وہ بے شک انہی میں سے ہے، ظالموں کو اللہ تعالیٰ ہر گز راہ راست نہیں دکھاتا۔" (سورۃ المائدہ۔۵۱)

اور جب ظلم کا لفظ مطلق ہو، تو اس سے مراد شرکِ اکبر ہوتا ہے۔ اور اس کام سے نصاریٰ کے عیسیٰ علیہ السلام کے قتل کے بارے میں اعتقاد کی موافقت ہوتی ہے۔ جبکہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اپنی کتاب میں اس چیز کی نفی کی ہے:

آیت:﴿۔۔۔ وَمَا قَتَلُوهُ وَمَا صَلَبُوهُ وَلَٰكِن شُبِّهَ لَهُمْ ۚ ۔۔۔﴾

ترجمہ:"۔۔۔حالانکہ نہ تو انہوں نے اسے قتل کیا نہ سولی پر چڑھایا بلکہ ان کے لئے ان (عیسیٰ) کا شبیہ بنا دیا گیا تھا،۔۔۔"(سورۃ النساء۔۱۵۷)

شمس الحق عظیم آبادی (عون المعبود،۷/۳۳۷) میں فرماتے ہیں کہ:

"سُمرۃ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا:

"جو کوئی مشرک کے ساتھ اختلاط کرے اور اُس کے ساتھ رہائش اختیار کرے، تو وہ اُسی کی مانند ہے۔"

(اللغۃ الجامعۃ) کے مؤلفوں نے کہا کہ:

"اس طرح وہ اُس کے ساتھ اکٹھا ہو گیا اور اُس نے اُس سے موافقت اختیار کی۔"

المشرک باللہ سے مراد کفار ہیں اور مشرک کا لفظ اس لیئے استعمال ہوا کہ اُس وقت غالب اکثریت اُن کی تھی۔ اور مشرک کے ساتھ اختلاط کرنے، اُن سے موافقت کرنے، اسکی رفاقت اختیار کرنے، اُسکے ساتھ چلنے اور اُسکے ساتھ رہائش اختیار کرنے کا معنی یہ ہے کہ کفر کے ملکوں میں تو وہ اُسی کی مانند ہے یعنی بعض وجوہ سے۔ کیونکہ اللہ کے دشمن کی طرف راغب ہونا اور اُسکی دوستی اختیار کرنے کا مطلب، اللہ تعالیٰ سے منہ موڑنا ہے اور جس نے اُس (اللہ تعالیٰ) سے منہ موڑ لیا، تو شیطان اُس کا دوست بن جاتا ہے اور اُسے کفر کی طرف منتقل کر دیتا ہے۔

الزمخشری نے کہا کہ:

”یہ امر معقول ہے کیونکہ ولی کی دوستی اور دشمن کی دوستی دو منافی چیزیں ہیں۔ اور اس میں دل کے ساتھ اللہ کے دشمنوں کو ایک طرف اور اُنہیں دور رکھنے اور اُن سے اختلاط و معاشرت سے بچنا لازم اور اسکا عہد ہے۔“

آیت: ﴿لَّا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُونَ الْكَافِرِينَ أَوْلِيَاءَ مِن دُونِ الْمُؤْمِنِينَ ۖ---﴾

ترجمہ: ”مومنوں کو چاہیئے کہ ایمان والوں کو چھوڑ کر کافروں کو اپنا دوست نہ بنائیں، ----“ (سورۃ آلِ عمران۔۲۸)

جبکہ مؤمن کے لیئے یہ زیادہ لائق ہے کہ وہ مؤمن کی دوستی اختیار کرے اور اگر اُس نے کافر کو دوست بنایا، تو یہ کام اُسے ایمان کی کمزوری کی طرف لے جائے گا۔ اسی لیئے شارع (اللہ تعالیٰ) نے اُس کے اختلاط سے اس عظیم سختی کے ساتھ منع کیا، فساد کی جسامت کے لحاظ سے۔

آیت: ﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِن تُطِيعُوا الَّذِينَ كَفَرُوا يَرُدُّوكُمْ عَلَىٰ أَعْقَابِكُمْ فَتَنقَلِبُوا خَاسِرِينَ﴾

ترجمہ: "اے ایمان والو! اگر تم کافروں کی باتیں مانو گے تو وہ تمہیں تمہاری ایڑیوں کے بل پلٹا دیں گے، (یعنی تمہیں مرتد بنا دیں گے) پھر تم نامراد ہو جاؤ گے۔" (سورۃ آل عمران۔۱۴۹)

اور امام احمد کی کتاب (الزہد) میں ابنِ دینار سے روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبیوں میں سے ایک نبی کی طرف وحی کی کہ:

"اپنی قوم سے کہہ دیجئے کہ میرے دشمنوں کے داخل ہونے کی جگہ میں داخل نہ ہوں اور نہ میرے دشمن والا لباس پہنو، اور نہ میرے دشمن کی سواریوں پر سوار ہو، ورنہ تم میرے اُسی دشمن کی طرح ہو جاؤ گے کہ جیسے وہ میرے دشمن ہیں۔"

اس طرح مناوی کی (فتح القدیر) میں ہے اور العلقمی نے (الکوکب المنیر الشرح الجامع الصغیر) میں کہا کہ سمرۃ کی حدیث کی سند حسن ہے۔ اور اس سے ہجرت کی قدرت رکھنے اور دین کے اظہار کی قدرت نہ رکھنے والے پر جواز مقہور ہوتا ہے۔ اگرچہ وہ اُس سے رُک بھی جائیں، تو بھی اُس کے بعد اُن سے کوئی توقع نہیں کہ وہ اُس کے بعد اُسے (مسلمان) کو ایذا دیں یا اُسے اپنے دین کے سلسلے میں فتنے میں مبتلا کریں اور مسلمانوں کا یہ حق ہے کہ وہ اپنے دین کے ساتھ غالب رہے۔ جبکہ الطبرانی کی حدیث میں ہے کہ:

"میں مشرک کے ساتھ (رہنے والے) سے بری ہوں۔"

اور اسی معنی میں کئی احادیث ہیں۔

ابن القیم نے کتاب (الہدی النبوی) میں فرمایا کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے مسلمانوں کی مشرکوں کے درمیان اقامت سے منع کیا اگر وہ اُن کے درمیان سے ہجرت کرنے کی قدرت رکھتا ہے۔ اور آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا:

”میں مشرکوں کے درمیان اِقامت کرنے والے ہر مسلمان سے بری ہوں۔“

اور آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا:

”اُن دونوں (مسلمان اور مشرک)کی آگ،(ایک دوسرے کو) نظر نہیں آنی چاہئیں۔“

اور آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا:

”جس نے مشرک کے ساتھ اختلاط کیا اور اُسکے ساتھ رہائش پذیر ہوا، تو وہ اُسی کی مانند ہے۔“

اور آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا:

”ہجرت کا(حکم) ختم نہیں ہو گا حتیٰ کہ توبہ (کا دروازہ) ختم (بند) ہو جائے اور توبہ اُس وقت ختم نہیں ہو گی حتیٰ کہ سورج مغرب سے نکلے۔“

اور آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا:

”ہجرت کے بعد بھی ہجرت ہو گی۔ لہٰذا، زمین کے بہترین لوگ وہ ہوں گے کہ جو ابراہیم کی ہجرت کی جگہ کو لازم پکڑیں۔ جبکہ زمین کے بدترین لوگ باقی رہیں گے، اُنکی زمینیں، اُنہیں باہر نکال پھینکیں گی۔ اللہ تعالیٰ کی ذات اُن سے نفرت کرے گی اور اللہ تعالیٰ اُنہیں بندروں اور خنزیروں کے ساتھ اُٹھائے گا۔“

ہم اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ وہ ہمارا اور ہمارے بھائیوں کا خاتمہ اسلام پر کرے۔ آمین یاربّ العالمین۔

اے فقہاء۔۔۔! تم اُن مسلمانوں کے لیئے کیا کہو گے کہ جن سے ایسے کفریہ اقوال وافعال صادر ہوتے ہیں؟

مغرب میں تو ہزاروں کی تعداد میں مسلمان کبیرہ گناہوں بلکہ نواقض الاسلام (دائرہ اسلام سے خارج کر دینے والے اُمور) کے مرتکب ہو رہے ہیں۔ مگر ہم نے تمہاری طرف سے مذمّت وانکار کا کوئی ایسا فتویٰ نہیں سنا جیسا کہ تم نے (اشقر امریکیوں) کو خوفزدہ کرنے یا اُن پر حملے کی مذمّت کی۔

تم کفر وردّت کے کاموں کی مذمّت اور اُن پر اعتراض کیوں نہیں کرتے؟

یا پھر یہ کہ کفر وردّت کے ان کاموں سے امریکا راضی ہے اور ان پر اعتراض کرنے سے وہ غضبناک ہو جاتا ہے؟

ہر چیز کو اُس کا مقام دو۔ جو چیز اُصول ہے، تو اُس پر توجّہ مرکوز کرو اور اُسے اُس کا حق دو۔ اور جو چیز فروع ہے، تو مغرب کو راضی کرنے کے لیئے اُصول پر مقدّم نہ کرو اور نہ اُسے حد سے بڑھاؤ۔

یا پھر (تمہارے نزدیک) اُصول وہی ہیں کہ جن سے امریکا اور اُنکے چیلے راضی ہوں اور فروع وہ ہیں کہ جن کا امریکا اور اُنکے چیلے انکار کریں؟

لاحول ولا قوّۃ الا باللہ۔

اے شہ سوارو۔۔۔ سوار ہو جاؤ کہ صلیبی جنگ شروع ہو چکی!

بلاشبہ کفّار، مسلمانوں کے لیئے خواہ کتنے ہی اشکالات پیدا کریں اور اپنے افعال کو اپنے عقائد کے خلاف خواہ کتنے ہی نام دیں، مگر ناموں کی تبدیلی سے حقائق تبدیل نہیں ہوتے کیونکہ یہی وہ لوگ ہیں کہ جنکے بارے میں اللہ تعالیٰ نے اپنے اس فرمان میں خبر دی ہے کہ:

آیت:﴿۔۔۔ وَلَا يَزَالُونَ يُقَاتِلُونَكُمْ حَتَّىٰ يَرُدُّوكُمْ عَن دِينِكُمْ إِنِ اسْتَطَاعُوا ۚ وَمَن يَرْتَدِدْ مِنكُمْ عَن دِينِهِ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ فَأُولَٰئِكَ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۖ وَأُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ﴾

ترجمہ:"۔۔۔ لوگ آپ سے حرمت والے مہینوں میں لڑائی کی بابت سوال کرتے ہیں، آپ کہہ دیجیئے کہ ان میں لڑائی کرنا بڑا گناہ ہے، لیکن اللہ کی راہ سے روکنا، اس کے ساتھ کفر کرنا اور مسجد حرام سے روکنا اور وہاں کے رہنے والوں کو وہاں سے نکالنا، اللہ کے نزدیک اس سے بھی بڑا گناہ ہے یہ فتنہ قتل سے بھی بڑا گناہ ہے، یہ لوگ تم سے لڑائی بھڑائی کرتے ہی رہیں گے یہاں تک کہ اگر ان سے ہو سکے تو تمہیں تمہارے دین سے مرتد کر دیں اور تم میں سے جو لوگ اپنے دین سے پلٹ جائیں اور اسی کفر کی حالت میں مریں، ان کے اعمال دنیوی اور اخروی سب غارت ہو جائیں گے۔ یہ لوگ جہنمی ہوں گے اور ہمیشہ ہمیشہ جہنم میں ہی رہیں گے۔" (سورۃ البقرۃ۔۲۱۷)

سو، اللہ تعالیٰ نے نصاریٰ کے عقائد اور مسلمانوں کے خلاف اُنکے دلوں میں موجود بغض اور اُنکی اسلام کے خلاف جنگ کی حقیقت کو ظاہر کر دیا۔

اور انسدادِ دہشت گردی یا مطلق عدل وانصاف یا آزادی کے دشمنوں یا شر پسندوں یا تہذیب کے دشمنوں سے جنگ جیسے نام تو اُس شدید ترین صلیبی حَقد کا لبادہ ہیں کہ جس سے اُن کے دل بھرے ہوئے ہیں۔

چونکہ اُن کے دل حَقد اور بغض سے بھرے ہوئے ہیں اور اُنکا واحد مقصد اپنے اُن اعتقادات کو پورا کرنا ہے کہ جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے خبر دی ہے۔ سو، امریکی صدر بش کا صبر اپنی انتہاء کو پہنچ گیا اور وہ اپنے عقیدے کو چھپا نہ سکا۔ لہذا، اُس نے (١٦/٢٠٠١/٠٩ بمطابق ٠٦/٢٨/١٤٢٢ھ) کو ایک پریس کانفرنس میں اس بات کا اعلان اِن الفاظ سے کیا:

"This crusade, this war on terrorism is going to take a long time."

اللہ تعالیٰ، اُسے ہلاک وتباہ کرے اُس کے اِن الفاظ کا ترجمہ یہ ہے:

"یہ ایک صلیبی جنگ ہے، یہ جنگ دہشت گردی کے خلاف ہے جو ایک لمبے عرصے تک جاری رہے گی۔"

پھر اُس نے کہا کہ:

"امریکیوں کو اب صبر کو لازم پکڑنا چاہیئے۔"

اب، بش خواہ کتنا ہی اپنے اس خطاب کو بدلنے اور اسکے کتنے ہی عذر پیش کرنے کی کوشش کرے اور اسکے اسلامی مرکز کا دورہ بھی اُس کے صلیبی جنگ کے اعلان کو نہیں مٹا سکتے کیونکہ امریکی میڈیا تو ہر منٹ پر صلیبی جنگ کا اعلان کر رہا ہے۔

اور اسکی بہت سی مثالیں ہیں جن میں سے ایک وہ بھی ہے کہ جسے (نیشنل ریویو) نامی مجلّے نے (بلاشبہ یہ ایک جنگ ہے، ہمیں اُن کے ملکوں پر حملہ کرنا چاہیئے) کے عنوان کے تحت لکھا ہے کہ:

”یہ وقت اُن دہشت گردانہ کاروائیوں میں ملوّث افراد کی جگہوں کو تلاش کرنے میں ضائع کرنے کا نہیں، ان کاروائیوں کے ذمہ دار وہ لوگ ہیں کہ جن کے چہرے پر نیویارک اور واشنگٹن کے حملوں کا سن کر مسکراہٹ آئی۔ ہمیں لمبی چوڑی تحقیقات یا جرم کے اسباب کے لیئے دلیلوں کی کوئی ضرورت نہیں اور نہ عالمی اتحاد کی ضرورت ہے۔ ہماری اُمّت پر ایک بنیاد پرست مجرم گروہ نے حملہ کیا ہے۔ ہم پر واجب ہے کہ اُن پر اُن کے ملکوں میں حملہ کریں، اُنکی قیادت کو قتل کریں اور انہیں مسیحیت کی طرف تبدیل ہونے پر مجبور کردیں۔“

اور تاکہ بعض لوگ اُٹھ کر ہمیں یہ کہنا شروع کردیں کہ تم تو بات کو اُس کے اصل مفہوم سے ہٹ کر پیش کرتے ہو جیسا کہ ایک آلہ کار صحافی نے کہا تھا۔ تو، ہم ایک بڑے امریکی سیاست کار کی اپنے صدر کی اس عبارت کو استعمال کرنے پر تنقید نقل کرتے ہیں۔ اور اس نے ABC ٹی۔ وی چینل پر پیش ہونے والے ایک مشہور پروگرام (Nightline) میں یہ تنقید کی تھی کہ جسے امریکی ٹی۔ وی میزبان (ٹیڈ کوبلز) پیش کرتا ہے۔ جس میں اُس نے کہا کہ:

”صدر نے یہ عبارت استعمال کر کے غلطی کی ہے اور اُس کے کچھ اسباب ہیں:

اوّل: بلاشبہ حقیقت میں صلیبی تو اُن جنگوں میں صلاح الدّین ایوبی کے ہاتھوں شکست کھا چکے تھے۔ لہٰذا، ایک ایسے وقت میں کہ جب ہمیں کامیابی کی شدید ترین ضرورت ہے، اُس شکست کی یاد دہانی کرانا مناسب نہیں تھا۔

دوئم: صلیبی جنگوں کی یہ اصطلاح ہمارے اُن مسلمان اتحادیوں میں بڑی تشویش کا باعث بنے گی کہ ہمیں جنگی دہشت گردی کے خلاف جلد شروع ہونے والے معرکے میں شدید ترین ضرورت ہے۔

الشیخ سفر الحوالی نے اپنی کتاب (کشف الغمہ عن علماء الامّہ) میں خلیج اور تیل کے کنوؤں کے علاقے پر صلیبیوں کے کنٹرول کے منصوبے کو نقل کیا ہے۔ اور انہوں نے جو کچھ نقل کیا، اُس میں

مغرب کی اسلام کے خلاف جنگ کی حرص اور تیسری دنیا کے ممالک میں اسے (اسلام) کو اپنے لیئے سب سے بڑا خطرہ سمجھنا بھی شامل ہے۔ اب میں آپ کے سامنے آپ (سفر الحوالی) کی بات کے بعض اُن جارحانہ جملوں کو نقل کرتا ہوں کہ جو انہوں نے صلیبیوں سے نقل کیئے ہیں۔ لہٰذا، صفحہ نمبر ۳۲ پر آپ لکھتے ہیں کہ:

"حقیقت واقع یہ ہے کہ ان قدیم وجدید تحالف کا اصل مقصد صرف ایک ہی ہے اور وہ یہ ہے کہ مغرب کی مصلحت کا تقاضا ہے کہ وہ اپنے داخلی اختلافات بھلا کر اُس خارجی خطرے سے مقابلے کے لیئے متحد ہو جائیں کہ جس کا سرغنہ اسلام ہے۔ لہٰذا، یورپ نے جنگ میں عثمانی سلطنت کے خلاف اتحاد قائم کیا جسے مقدّس اتحاد کا نام دیا گیا۔ جبکہ ترکی اپنی جگہ کے اعتبار سے یورپی ملک ہونے کے باوجود گزشتہ قریبی دور تک اس اتحاد سے باہر رہا، جس کا واحد سبب یہ تھا کہ یہ اسلامی ملک تھا۔ اور صرف چند ہفتے قبل ہی ترکی صدر اَوزال سے ترکی کے نیٹو اتحاد کا رکن ہونے کے باوجود اُس یورپی اتحاد میں عدم قبولیت کا سبب پوچھا گیا، تو اس نے جواب دیا کہ مغرب ابھی تک ترکی کو ایک اسلامی مملکت کے اعتبار سے دیکھ رہا ہے!!

بلاشبہ جیسا کہ معلوم ہے کہ پہلی جنگِ عظیم امریکی صدر (ولسن) کے چودہ نقاط پر ختم ہوئی تھی جو کہ اقوامِ متحدہ کے بنیادی قوانین بنے اور جن کے تقاضے کے مطابق مغرب نے عالمِ اسلامی کو ہدایت کا پابند یعنی مغربی تسلّط کے نیچے رکھا تھا۔ حالانکہ اس کے اہم اجزاء جیسے (عدن)، (کویت) اور خلیجی ریاستوں کو اس سے قبل ہی (حمایت) کے نام پر مغرب کے تسلّط میں رکھا گیا تھا۔ اور دوسری جنگِ عظیم کے شروع ہوتے ہی یہ (اقوام لیگ) تحلیل ہوگئی اور اسی طرح روایتی استعماری طاقت بھی ختم ہوگئی جس کے نتیجے میں دو بڑی قوّتیں امریکا اور روس اُبھر کر سامنے آئیں۔ اور اس میں فاتح قوتوں کا (یالٹا) میں ہونے والی کانفرنس میں ایک معاہدہ ہوا، جس کے مطابق (اقوام متحدہ کمیٹی) نام سے ایک نئی کمیٹی کے ذریعے پوری دنیا پر حکومت کا منصوبہ بنا۔ جبکہ بڑے طاغوتوں کو (سلامتی کونسل) نامی کمیٹی میں (ویٹو) کے نام سے خلاف ورزی کا حق دیا گیا!!

اور الشیخ سفر الحوالی صفحہ نمبر ۳۵ پر فرماتے ہیں کہ:

"ایک دوسرے عدد میں بتاریخ ۲۱۔ ۱۲۔ ۱۴۱۰ھ کو ایک اور مضمون نگار جو کہ عربی تحقیقاتی مرکز کاڈائریکٹر ہے، یورپ کی دہمکیوں کے قاہرہ مستقبل اور ترقی کے اثرات کے بارے میں لکھتا ہے کہ:

"مغربی اور جنوبی یورپ خاص طور پر فرانس میں اسلامی لہر اور ایک تبدیلی کہ جسے وہ ۔۔۔۔ تبدیلی کا نام دیتے ہیں، سے اُنکی تشویش میں اضافہ ہو رہا ہے اور یہ دونوں تبدیلیاں شمالی افریقا میں رونما ہو رہی ہیں۔

اور صفحہ نمبر ۳۷ پر الشیخ سفر الحوالی کہتے ہیں کہ:

"اور اس موضوع پر (المجلة البلاغ الاسلامية الكويتية) نے ۱۶ ذی الحجۃ ۱۴۱۰ھ یعنی حملے سے تقریباً ۲۵ روز قبل (کیا صلیبی جنگیں ختم ہو گئیں؟) کے عنوان کے تحت ایک مؤثر ترین مضمون لکھا۔ جس میں اُس نے کہا کہ:

> "آج کل ایسی خبریں عام ہیں کہ جنہیں سننے والے کے ذہن میں یہ خیال آتا ہے کہ یہ تو کسی ایسے گھمسان کے معرکے کے عسکری بیانات ہیں کہ جو عجیب ترین خاموشی کے ساتھ جاری ہے۔"

اور اس مجلّے نے اس سوچ کو بھی پیش کیا ہے کہ جو مغرب میں پیدا ہوئی اور اُسے (فنانشل ٹائم) نے شائع کیا اور وہ ہے:

> "عالم اسلام کے خلاف یورپی دفاع کے قیام کا ارادہ ہے۔ بلکہ امریکی صحافت نے تو یہاں تک شائع کر دیا ہے کہ بلقان کے ممالک مثلاً یونان اور بلغاریا وغیرہ کو یورپ میں اسلامی بنیاد پرستی کا سامنا کرنا پڑے گا۔"

اور امریکی صحافت نے ایٹمی دشمن (سوویت یونین) کو ایٹمی اسلحہ کے اسلامی سوویت جمہوریتوں میں مسلمان بنیاد پرستوں کے ہاتھ لگنے کے احتمال سے متنبہ کرتے ہوئے کہا کہ اس سے بشریت اور عالمی تہذیب کو شدید خطرات لاحق ہو جائیں گے۔

اور کہا کہ بلاشبہ بنیاد پرست صحراؤں سے آتا ہے جبکہ موحد، جنگلوں سے آتا ہے شاید یہی بڑا فرق ہے مشرق و مغرب کے درمیان۔

اور ان عبارتوں کو پیش کرنے والے امریکی وکیل نے (امریکی میڈیا اور مسلمانوں کا خطرہ) کے عنوان کے تحت اُنکی تعلیق میں کہا کہ:

> "مسلمانوں کے خطرے نہ صرف مغربی ملکوں بلکہ حتیٰ کہ سوویت یونین تک پھیلنے کے سبب ایک آدمی یہی سوچتا ہے کہ سرد جنگ میں ایک دوسرے سے نبرد آزما پرانے دشمنوں کے مفادات اب ایک جیسے ہو چکے ہیں۔ اور اس بات کا احتمال ہے کہ اسلامی خطرے کے سبب مہذب دنیا کے لیئے مستقبل میں نئے مسائل مزید بڑھیں گے۔"

اور الشیخ سفر الحوالی نے صفحہ نمبر ۳۷ پر یہ نقل کیا ہے کہ:

"اور اسی وقت وفاق کے زیرِ انتظام خفیہ ایجنسیوں کے نئے عہدے کا اعلان ہوا (جو کہ در حقیقت قدیم ہے)۔ لہٰذا، برطانوی ریڈیو نے گزشتہ ذی القعدہ کے آخر میں اپنے پروگرام (عالم الظہیرہ) میں جو اعلان کیا، وہ تقریباً اس طرح تھا:

> "امریکی خفیہ ایجنسیوں کا بنیادی ہدف جو کہ سوویت یونین کے شر کی نگرانی کرنا تھا، اب اُسکا بنیادی ہدف عالم اسلامی کی بنیاد پرست جماعتوں کی نگرانی اور اُنکے سامنے رکاوٹیں اور مشکلات کھڑی کرنا، بن جائے گا۔"

اور اس نے (فنانشل ٹائم) اخبار کے تبصرے کو بھی نشر کیا کہ جس میں اُس نے کہا کہ:

”اب جب امریکا مشرقی یورپ اور تیسری دنیا کے ممالک میں جمہوری قوتوں کی حمایت کر رہا ہے، اُسے چاہیئے کہ وہ عالمِ اسلام میں ان قوتوں کی حمایت نہ کرے کیونکہ اس طرح وہ غیر شعوری طور پر وہاں پر بنیاد پرستوں کو زمامِ اقتدار حاصل کرنے میں ملا دے گا!!! “

اور قریبی عالمی امن، عوام کی آزادی، استقلال، اور جمہوریت کے اعلانات اور واویلے کے دوران ہی فرانسیسی صدر (متران) نے یہ کہہ کر حواس باختہ صلیبی بم کا دھماکہ کر دیا کہ:

”الجزائر میں اگر بنیاد پرستوں کو حکومت حاصل کرنے میں کامیابی ہوئی، تو میں وہاں اُسی طرح فوجی مداخلت کروں گا کہ جس طرح بش نے پانامہ میں کی!!!“

اور حقیقت تو یہ ہے کہ یہ حواس باختگی صرف فوجی مداخلت کی دھمکیوں تک ہی محدود نہ تھی بلکہ فرانس کئی ملکوں میں مداخلت کر چکا ہے جن میں (زائر)، وسطی افریقا اور (ساحل العاج) اور (چاڈ) اور (گیمون) شامل ہیں۔ لیکن اُس نے مغرب کے بعض منصوبوں اور اُس صلیبی جنگ کو مشہور کرنے کے اعلان کی جرأت کی کہ جس نے اسلامی بیداری میں اشتعال انگیز اضافہ کر دیا، جس کی وجہ سے (متران) اپنے سخت مؤقف سے پیچھے ہٹنے پر مجبور ہوا، مگر وہ یہ بیان دینے سے باز نہ آیا کہ:

”فلسطینی انتفاضہ سے پورے خطّے کو بنیاد پرستی کی وباء کا خطرہ لاحق ہے۔“

اور ان آخری مہینوں میں کہ ذرائع ابلاغ عامہ پر ان اعلانات وبیانات کی مہم زور وشور سے جاری تھی، اُردن کے ولی عہد (امیر حسن) کا (نیویارک ٹائمز) میں یہ کھلا بیان آیا کہ جس میں اُس نے کہا کہ:

”اب اعتدال پسند عربوں اور اسرائیلیوں کے درمیان مذاکرات ہونے چاہیئے ہیں کیونکہ امن کا لاحق حقیقی خطرہ، بنیاد پرست عناصر سے درپیش ہے۔“

اور اس نے کہا کہ:

"حقیقی دشمن، بنیاد پرستی اور بنیاد پرستوں کا طاقت پکڑنا ہے جو کہ ایک طرف سے یہودی بنیاد پرست ہیں، تو دوسری طرف افغانستان، لبنان اور شمالی افریقا سے آنے والی لہر ہے کہ جو سیاست پر اثرانداز ہو رہی ہے۔"

اور اُس نے مزید کہا:

"مغربی کنارے اور غزۃ میں فلسطینی انتفاضہ میں شدّت پسندوں کی نقل و حرکت بڑھ رہی ہے۔"

نکسن اپنی کتاب (کامیابی بغیر جنگ کے) میں اسرائیل اور اسلامی بیداری کی لہر کے بارے میں کہتا ہے کہ:

"ہم مشرقِ وسطیٰ میں عربوں کے یہودیوں کے خلاف معرکے کو دیکھ رہے ہیں کہ یہ ایک ایسے جھگڑے میں تبدیل ہو رہا ہے کہ جس میں ایک جانب تو اسلامی بنیاد پرست ہیں، تو دوسری جانب اسرائیل اور اعتدال پسند عرب ملک ہیں۔ اور جب تک یہ امتیں اپنے اختلافات پر قابو نہیں پالیتیں اور یہ اعتراف نہیں کرتیں کہ انہیں شدید ترین خطرے کا سامنا ہے۔۔۔ جیسا کہ اُردن کے ولی عہد نے کہا۔" ص۔ ۲۸۴

اور الشیخ سفر الحوالی نے صفحہ نمبر ۴۲ پر (نکسن) کی کتاب (کامیابی بغیر جنگ کے) سے اُس کا یہ قول نقل کیا ہے کہ:

"اور عالمِ اسلام میں مغربِ اسلامی سے لیکر انڈونیشا تک اسلامی بنیاد پرستی نے تبدیلی کے لیئے کمیونزم کی جگہ تشدّد کو بطورِ آلہ اختیار کیا۔۔۔" ص۔ ۳۰۷

اور نکسن نے کہا کہ:

”بلاشبہ کمیونسٹ باغی اور اسلام پسند دونوں نظریاتی دشمن ہیں جن کا ایک ہی مشترکہ ہدف ہے کہ کسی بھی ایسے ذریعے سے حکومت کا حصول ہے کہ جس کا مقصد اقتدار پر ڈکٹیٹر شپ قائم کرنا ہے جو کہ نہیں ہو سکتا۔ اور نہ تیسری دنیا کے ممالک میں عوام کے لیئے ان دونوں انقلابوں سے کوئی بہتر زندگی آسکتی ہے بلکہ اس سے معاملات مزید بدتر ہو جائیں گے۔ لیکن تیسری دنیا میں جاری اس معرکے کے لیئے اگر مغرب نے اقتصادیت اور روحانیت کے لیئے متفقہ سیاسی پالیسی نہ بنائی، تو ان دونوں میں سے ایک انقلاب ضرور آکر رہے گا۔ تیسری دنیا کے ممالک میں تبدیلی کی یہ ہوائیں ایک طاقتور آندھی کی شکل اختیار کرتی جارہی ہیں جبکہ ہم اُسے روکنے کی استطاعت نہیں رکھتے لیکن ہم اُن کا رخ تبدیل کر سکتے ہیں۔“ص۔۳۰۷

اور الشیخ سفر الحوالی نے صفحہ نمبر۷۷ پر امریکی سیاست کے ایک تجزیہ نگار کا یہ قول نقل کیا کہ جو اُس نے صدام کی جہاد کے لیئے پکار پر CNN نیوز چینل سے انٹرویو میں کہا تھا:

”ہم صدام کی فوجوں سے نہیں ڈرتے بلکہ ہمیں تو جیرہ نمائے عرب، الجزائر اور مصر میں بنیاد پرستوں سے خوف ہے۔“

اور اب میں یہاں مغرب کے بعض سیاست دانوں اور اُنکے دین کے قدیم وجدید لوگوں کے اقوال نقل کرتا ہوں کہ جن سے ثابت ہوتا ہے کہ مغرب کی تمام تر توجہ اسلام کے خلاف ہونے والی اُنکی گمان کردہ (صلیبی جنگ) کی تیّاری پر مرکوز ہے۔ جبکہ صلیبی جنگ کا نظریہ جسے یہ لوگ خیر وشر کی قوّتوں کے درمیان جنگ یا اندھیروں اور روشنی کی قوّتوں کے درمیان جنگ یا عدل وانصاف اور ظلم کے درمیان جنگ، یہ تمام نام جو امریکی اور اتحادی ملکوں کے لیڈر، اسلام کے خلاف استعمال کرتے ہیں، یہ کوئی نئے نام نہیں بلکہ یہ تو اُن کی پرانی بنیادی عبارتیں ہیں، جو اُنکی کتابوں اور اُنکی خرافاتی پیش گوئیوں اور بنیاد پرست مغربی سوچ سے لی گئیں ہیں۔ اور اس معرکے کی قیادت اس وقت انجیلی عسکری یا پروٹسٹنٹ بنیاد پرست کر رہے ہیں۔

شمالی اٹلانٹک اتحاد کا سابق سیکرٹری جنرل (خفیر سولانا)، اتحاد کے ۱۴۲۱ھ کے اجلاس میں جو سوویت یونین کے زوال کے بعد ہوا، میں کہتا ہے کہ:

"سرد جنگ کے خاتمے اور سُرخ دشمن کے گرنے کے بعد شمالی اٹلانٹک کے اتحاد اور یورپی ملکوں سب کو اپنے اختلافات بھلا کر اُنہیں اپنی نظریں اپنے قدموں سے اٹھا کر آگے دیکھنا چاہیئے تاکہ وہ اپنے گھات لگائے دشمن کو پہچانیں اور اُسکے مقابلے کے لیئے متحد ہونا چاہیئے اور وہ دشمن ہے اسلامی بنیاد پرستی۔"

سابق برطانوی وزیر اعظم گلیسٹن، صلیبی جنگ کی تمہید کے طور پر لوگوں کو اُنکے دین سے دور کرنے کی نصیحت کرتے ہوئے کہتا ہے کہ:

"جب تک مسلمانوں کے ہاتھوں میں یہ قرآن موجود ہے، اُس وقت تک یورپ مشرق پر کنٹرول حاصل نہیں کر سکتا۔"

اور البر مشڈور کہتا ہے کہ:

"کون جانتا ہے کہ وہ دن دوبارہ لوٹ آئے کہ جب مغربی ممالک کو مسلمانوں سے خطرہ درپیش ہو کہ جب وہ کسی مناسب وقت پر دنیا کو دوسری مرتبہ فتح کرنے کے لیئے آسمان سے نازل ہوں۔"

عیسائی مذہبی پیشوا لورنس براؤن، اُمّت میں تفریق ڈالتے ہوئے کہتا ہے کہ:

"اگر مسلمان عرب قوّت پر متحد ہو گئے، تو ممکن ہے کہ وہ دنیا کے لیئے ایک لعنت اور خطرہ بن جائیں اور یہ بھی ممکن ہے کہ وہ اس کے لیئے ایک نعمت بن جائیں۔ لیکن اگر وہ اس طرح منتشر رہے، تو وہ بلاشبہ بے وزن، بے وقعت رہیں گے۔"

اور آرنلڈ ٹوینٹی کہتا ہے کہ:

"اس وقت اسلامی وحدت سو رہی ہے لیکن ہمیں یہ بات ذہن میں رکھنی چاہیئے کہ سونے والا کسی بھی وقت بیدار ہو سکتا ہے۔"

اور پاکستانی معاملات کا ماہر امریکی مستشرق وگ اسمتھ کہتا ہے کہ:

"اگر مسلمانوں کو عالمِ اسلام میں آزادی ملے اور وہ جمہوری نظاموں کے سائے تلے زندگی گزارنے لگے، تو ان ملکوں میں اسلام کامیاب ہو جائے گا جبکہ صرف اکیلی ڈکٹیٹر شپ کے ذریعے ہی اسلامی عوام اور انکے دین کے درمیان رکاوٹ ڈالی جاسکتی ہے۔"

۱۹۶۲ء میں فرانسیسی وزیر بہبود آبادی (لاکسٹ) کہتا ہے کہ:

"جب قرآن، فرانس سے زیادہ طاقتور ہے تو میں کیا کہہ سکتا ہوں۔"

اور سابق فرانسیسی وزیر خارجہ (ہونوٹو)، اسلام سے خبردار کرتے اور اسکے خلاف جنگ کرنے کی طرف بلاتے ہوئے کہتا ہے کہ:

"روئے زمین پر ہر جگہ اسلام کی حدود پہنچیں اور ہر جگہ پھیلا کیونکہ یہ واحد ایسا دین ہے کہ لوگ جس کی طرف بڑی شدّت سے مائل ہوتے ہیں اور یہ کسی بھی دوسرے دین سے برتر ہے۔"

اور (سالزار) کہتا ہے کہ:

"ہماری تہذیب کو حقیقی خطرہ مسلمانوں سے ہو سکتا ہے کہ جب وہ عالمی نظام کو تبدیل کریں گے۔"

اور کہتا ہے کہ:

”بلاشبہ جو حقیقی اور سخت ترین خطرہ ہمیں براہِ راست چیلنج کر رہا ہے، وہ ہے اسلامی خطرہ۔ کیونکہ پوری دنیا کے مسلمانوں کی دنیا، ہماری مغربی دنیا سے مکمل طور پر الگ ایک مستقل دنیا ہے۔ اور چونکہ وہی اپنی خاص روحانی وراثت کے مالک ہیں۔ اور انہیں تاریخ کی بہترین تہذیب کا فائدہ حاصل ہے۔ لہٰذا، وہ اس بات کے زیادہ لائق ہیں کہ وہ اپنی تہذیبی اور روحانی پہچان کو مغربی تہذیب میں تبدیل کیئے بغیر نئے عالمی قوانین قائم کریں۔“

اور ۱۴۲۱ھ میں منعقدہ (Commonwealth of nations) کے اجتماع میں روسی صدر (اَرژوکسی پیوٹن) نے اپنی آخری شرکت کے دوران اسلام کے خلاف اس صلیبی سوچ کو ہوا دیتے ہوئے کہا کہ:

”اسلام بنیاد پرستی ہی وہ واحد خطرہ ہے کہ جس کا آج کی ترقی یافتہ دنیا کو سامنا ہے۔ اور دنیا کے امن وسلامتی کے نظام کو یہی واحد خطرہ درپیش ہے۔ اور بنیاد پرستوں کو اثرورسوخ حاصل ہے۔ اور وہ ایک ایسی متحدہ مملکت کے لیئے کوشش کر رہے ہیں کہ جو فلپائن سے لے کر کوسوو تک پھیلی ہوئی ہے۔ اور یہ لوگ افغانستان سے نکلتے ہیں جو کہ اُنکی نقل وحرکت کا بنیادی ٹھکانہ ہے۔ لہٰذا، اگر عالمی برادری اس بنیاد پرستی کے مقابلے کے لیئے نہ اٹھی، تو یہ یقیناً اپنے اہداف حاصل کرلے گی۔ اور شمالی قوقاز میں بنیاد پرستی کے انسداد کے لیئے روس کو عالمی امداد کی ضرورت ہے۔“

بلاشبہ جنگ کے طبل تو بڑے عرصے سے بج رہے تھے بلکہ صلیبی فوجیں تو ایک عرصے سے اس کے لیئے متحرک ہیں اور آپس میں منظّم ہورہے ہیں اور جیسا کہ بش نے کہا کہ:

”دہشت گردی پر ہلاکت خیز حملہ کرنے کا وقت آگیا ہے۔“

اور اب اس صلیبی جنگ کے لیئے مغرب تیّاری کر رہا ہے، اسی لیئے (ویٹیکن) کا بابا (پوپ)، اس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو، افغانستان کے پڑوسی ممالک کے دورے کے لیئے متحرک ہوا ہے تا کہ اس صلیبی جنگ کے لیئے تائید حاصل کرے۔ سو، اس نے (قزاقستان) کا بتاریخ ۰۶-۰۷-۱۴۲۲ھ کو دورہ کیا، جس کا اعلان اُس کے صدر (نزار بیف) نے کیا۔ اور اُس نے پوپ کے ساتھ ملاقات میں اس بات کا عہد کیا کہ ریاستہائے متحدہ امریکا کی خواہش میں مطلق طور پر شریک ہونے کے لیئے تیّار ہے اور اس نے اپنے خطاب میں کہا کہ:

”دہشت گردی کے خلاف جنگ میں صرف زبانی کلمات ہی ریاستہائے متحدہ امریکا کے لیئے کافی نہیں ہوں گے بلکہ ہم انہیں عملی جامہ پہنائیں گے اور ہم ہر اُس کام کے لیئے تیّار ہیں کہ جو ریاستہائے متحدہ امریکا چاہتا ہے۔“

اور یہ سب پوپ کے اُس شرکت پر آمادہ کرنے کے بعد تھا۔ اور یہ پوپ اسکے بعد (آرمینیا) اور ہو سکتا ہے کہ خطّے کے کئی ممالک کے صلیبیوں کو جنگ پر اکھٹا کرنے کے لیئے دورہ کرے گا اور یہ سب کچھ اس جنگ کے لیئے، صلیب کے مددگاروں کو اکھٹا کرنے کے لیئے ہے کہ جسے وہ اسلام کے خلاف سب سے بڑا حملہ شمار کرتے ہیں۔

تو، کہاں ہیں مسلمانوں کے علماء کہ جنھوں نے اُمّت کو جہاد پر اُبھارنے کے لیئے نہ تو افغانستان کا اور نہ ہی پاکستان کا دورہ کیا؟ اور نہ انہوں نے مجاہدین کے ہاتھ مضبوط کیئے؟ نہ مجاہدین کے ساتھ ایک مورچے میں اکھٹے ہوئے؟ بلکہ کم ترین چیز، جس کا اُن سے مطالبہ کیا جاسکتا ہے وہ یہ کہ ایسے فتوے کہاں ہیں جو یہ واضح کریں کہ یہ صلیبی جنگ ہے؟ اور ایسے فتوے کہاں ہیں جو یہ پکاریں کہ شرکت کی استطاعت رکھنے والے ہر مسلمان پر شیطان اور اس کے حزب کے خلاف جہاد فرضِ عین ہو چکا ہے؟ کہاں ہیں علم کے وہ دعویدار کہ جو اس دن تو اجتماعی اور انفرادی طور پر (بوذا) کے بتوں کے دفاع کے لیئے اُٹھ کھڑے ہوئے تھے۔ اور انہوں نے امارتِ اسلامی کو ان بتوں کو گرانے سے روکنے کے لیئے افغانستان کے دورے کیئے تھے؟

اے بتوں کا دفاع کرنے والو۔۔۔! کیا ابھی تمہارے لیئے وہ وقت نہیں آیا کہ تم توحید والوں کا دفاع کرو؟

کیا ابھی وقت نہیں آیا کہ تمہارے عقیدے میں الولاءوالبراء کا معنی متحرک ہو؟

یا پھر تمہارے نزدیک بت، توحید کے ماننے والوں سے زیادہ اہم ہیں؟

اُن لوگوں پر حسرت ہی حسرت ہے کہ جن کے سرکردہ لوگ بتوں کا تو دفاع کرتے ہیں جبکہ دین اور اسکے ماننے والوں کے دفاع سے پیچھے ہٹے ہوئے ہیں؟

ہمارا، تم سے یہ مطالبہ تو نہیں کہ تم اسلحہ اٹھاؤ اور مجاہد بن جاؤ۔ لیکن ہم تو صرف اتنا مطالبہ کرتے ہیں کہ تم بھی عیسائیوں کے پوپ کی مانند مسلمانوں کو اس فیصلہ کن جنگ کے لیئے تیّار کرو؟

آیت:﴿۔۔۔ وَاللَّهُ غَالِبٌ عَلَىٰ أَمْرِهِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ﴾

ترجمہ:"۔۔۔ اللہ اپنے ارادے پر غالب ہے لیکن اکثر لوگ بے علم ہوتے ہیں۔" (سورۃ یوسف۔۲۱)

تو، اگر کفر کے لشکر اکھٹے ہوگئے اور انہوں نے صلیبی جنگ کے کھلے اور واضح پلیٹ فارم کے تحت اسلام اور مسلمانوں کے خلاف مکمل تیّاری اور گروہ بندی بھی کرلی ہے۔ لہٰذا، لوگ دو خیموں میں تقسیم ہوچکے ہیں۔

اوّل: ایمان کا خیمہ کہ جس میں نفاق نہیں۔

دوئم: نفاق کا خیمہ کہ جس میں ایمان نہیں۔

اور اب یہاں کسی مسلمان کے لیئے تیسرا کوئی اختیار (راستہ) نہیں۔ یا تو وہ کفریہ لشکروں اور اُنکے گروہ کے ساتھ ہو گا یا پھر وہ اُن مؤمنین کے گروہ کے ساتھ ہو گا کہ جو عقیدے اور دین کا دفاع کرتے ہیں۔

لہٰذا، صلیبی حملے نہ تو رکے تھے اور نہ رکیں گے ماسوائے اس کے کہ کوئی اسلامی حملہ آور ہاتھ ہی اس سرکشی کو روکے اور اللہ کا کلمہ بلند ہو۔

صلیبی جنگ کی قیادت کی سوچ پر ممکنہ حد تک تیز ترین بھرپور فوجی حملہ غالب ہے۔ اور فضائی اور میزائیلوں کے حملے کے لیئے افغانستان ایک آسان اور تیّار ہدف ہے۔ اسی لیئے امریکا نے اُسامہ بن لادن، افغانستان اور امارتِ اسلامی کا رخ کیا ہے۔ اس حادثے کے دوسرے روز ایک پریس کانفرنس کہ جب بش سے اس کام کے ذمہ داروں کے خلاف ردِّ عمل کی کیفیت کے بارے میں پوچھا گیا، تو اس نے کہا کہ:

"میں تو صرف یہی کہہ سکتا ہوں کہ جس ملک نے دہشت گردوں کو پناہ دی ہوئی ہے ہم اُسے دنیا کے نقشے سے مٹا دیں گے۔"

اس کا اشارہ افغانستان میں امارتِ اسلامی کی طرف تھا اس سے پہلے کہ انہیں اُن کے خلاف کوئی دلیل ملتی۔

صلیبی جنگ کے قائد بش نے اپنے دوسرے بیان میں کہ جسے ذرائع ابلاغ نے جان بوجھ کر شائع نہیں کیا، اُس نے اسلام اور مسلمانوں کے خلاف تمام تر بغض کے ساتھ افغانیوں کو دھمکی دیتے ہوئے کہا کہ:

We will smoke them!

"ہم انہیں (زہریلے) دھوئیں سے ماریں گے۔"

یعنی اُس کا مقصد انہیں اس بدترین مجرمانہ امریکی طریقے سے زہریلے دھوئیں سے مارنا ہے کہ جس کے ذریعے وہ ویتنام میں ہزاروں شہریوں کو شہروں اور بستیوں میں زہریلے دھوئیں سے قتل کرتے تھے۔

جبکہ مسلمانوں نے تو اس جملے کے معنی پر غور نہیں کیا۔ اور کسی نے اس سے زیادہ نہیں کہا کہ جو الجزیرہ ٹی۔وی چینل نے کہا کہ:

"شاید اُسکا مقصد زہریلی گیسوں کا استعمال ہے۔"

حالانکہ اس جملے کا بڑا وسیع مفہوم ہے کہ جو اُن کے اس عزم کی دلیل ہے کہ اس کلمے کے تمام تر معانی کے مطابق اجتماعی قتل وغارت گری کی جنگ شروع کرتا ہے۔

اور اس سے قبل فرانسیسیوں نے یہی طریقہ الجزائر میں مسلمانوں کے ساتھ اپنایا تھا۔ فرانسیسی، نہتّے الجزائریوں پر پہاڑوں کی وادیوں میں گولیوں کے ساتھ پیچھا کرتے تھے جبکہ وہ (الجزائری) اُنکے سامنے بھاگتے پھرتے اور پہاڑی سرنگوں میں پناہ حاصل کرتے، تو سفید فام صلیبی (جو کہ مسلمانوں کی طرح دہشت گرد نہیں، ان سرنگوں کے دھانوں پر آگ بھڑکا دیتا، جس کے نتیجے میں ان سرنگوں میں پناہ لینے والے دھوئیں سے مر جاتے۔ اور بش کے بیان کا یہ جملہ کہ (ہم اُنہیں دھوئیں سے ماریں گے)، صرف اور صرف اسی چیز پر دلالت کرتا ہے۔

ہم کہتے ہیں کہ اُسامہ بن لادن یا افغانستان کو ہدف بنانا تو صرف قربانی کا حاضر بکرا بنانے کی مانند ہے جیسا کہ ہم اس سے قبل پاکستانی وزیرِ خارجہ کے بیان کی طرف اشارہ کر چکے ہیں کہ امریکا تو منگل کے مبارک دن کی کاروائیوں سے پہلے ہی افغانستان پر حملے کی تیّاری کر رہا تھا۔ اور یہ کہ امریکی انتظامیہ نے امارتِ اسلامی پر حملے کے لیئے اُسکی سرزمین پر اُسامہ بن لادن کو تو صرف ایک ذریعہ بنایا ہے۔ حالانکہ در حقیقت اُسکا بنیادی ہدف اُسامہ بن لادن نہیں بلکہ اُس کا اصل ہدف امارتِ اسلامی اور اُسکے بنیاد پرستانہ (اُنکے گمان کے مطابق) نظام کو گرانا ہے۔

لہٰذا، امریکی وزیرِ خارجہ (کولن پاؤل) نے بیان دیا کہ:

”طالبان کا اُسامہ بن لادن کو ہمارے حوالے کرنا، اُنکے خلاف فوجی کاروائی روکنے کے لیئے کافی نہیں۔“

اور اُس نے بتاریخ ۰۶-۰۷-۱۴۲۲ھ بروز پیر، اُس سوال کہ کیا کوئی ایسا قانون بھی ہے کہ جو امریکا کو بن لادن کے خاتمے سے روکتا ہے، پاؤل نے اس کے جواب میں کہا کہ:

”امریکی انتظامیہ موجودہ قانون کا جائزہ لے رہی ہے تاکہ جس چیز کی اُسے ضرورت ہو، وہ اُس میں مطلق طور پر آزاد ہو۔ اور اُس نے دعویٰ کیا کہ بن لادن نیٹ ورک کہ جسے ریاستہائے متحدہ امریکا توڑنا چاہتا ہے، اُس میں پوری دنیا سے ہزاروں اشخاص شامل ہیں۔“

اور پاؤل نے مزید کہا کہ:

”ریاستہائے متحدہ امریکا کی فوری طور پر پہلی ترجیح اُسامہ بن لادن خود، القاعدہ تنظیم جس کا وہ سربراہ ہے اور تحریکِ طالبان ہے کہ جس نے اُسے افغانستان میں پناہ دے رکھی ہے۔“

اور پاؤل نے وضاحت کی کہ:

”اگرچہ بن لادن کو ریاستہائے متحدہ امریکا کے حوالے ہی کر دیا جائے، تب بھی یہ اس معرکے کا اختتام نہ ہو گا۔“

اور اُس نے کہا کہ:

”یہ بہت ضروری ہے کہ پورے نیٹ ورک کو جڑ سے اُکھاڑ پھینکا جائے۔“

اور امریکی وزیر نے اس بات کی تاکید کی کہ ریاستہائے متحدہ امریکہ نے کسی بھی ایسی معلومات پر کہ جس سے اُسامہ بن لادن کو گرفتار کرنے میں مدد ملے، ۲۵ ملین (اڑھائی کرڑوڑ)ڈالر کی انعامی رقم دینے کا فیصلہ کیا ہے۔

اور انہوں نے ہی سوڈان پر اُسامہ بن لادن کے بہانے سے پابندیاں لگائیں تھیں۔ اور اُسامہ بن لادن تو سوڈان سے نکل گیا مگر اُس پر پابندیاں ابھی تک برقرار ہیں اور امریکا ابھی تک بشیر کی حکومت گرانے کے لیئے جنوبی سوڈان کے عیسائیوں کی پشت پناہی کر رہا ہے بلکہ افغانستان پر جب فضائی حملہ ہوا، تو اس سے قبل سوڈان پر حملے ہوئے تھے۔ لہٰذا، صلیبی جنگ کا نشانہ مخصوص شخصیتیں یا افراد نہیں بلکہ یہ تو پورے اسلام کو نشانہ بناتی ہے۔

اس لیئے اُن کے اُسامہ بن لادن کو نکالنے کے مطالبے کو تسلیم کرنا کوئی معنی نہیں رکھتا، جیسا کہ امیر المؤمنین ملّا محمد عمر مجاہد نے ایک سال قبل اپنے ایک خطبے میں کہا تھا کہ:

”سلامتی کونسل، جس نے ہم پر پابندیاں لگا رکھی ہیں، اُسکے عرب مجاہدین کو افغانستان سے نکالنے کے مطالبے کو تسلیم کرنے سے ہمارا اُنکے ساتھ معرکہ ختم نہیں ہو گا کیونکہ اُنکا ہدف اشخاص نہیں جیسا کہ وہ دعویٰ کرتے ہیں بلکہ اُنکا ہدف تو امارتِ اسلامی کا اسلامی نظام ہے۔ لہٰذا، اگر ہم اُنکے مطالبات کو تسلیم کرتے ہوئے اُن کے مطلوبہ لوگوں کو نکال بھی دیں، تو بھی اُنکے یہ مطالبے یہاں ختم نہیں ہوں گے بلکہ پھر وہ ہم سے عورت اور مخالفین کے بارے میں ہمارے شرعی قوانین کی تبدیلی کا مطالبہ کریں گے اور یہ کہ ہم وسیع تر قومی حکومت تشکیل دیں اور شریعت کا نفاذ نہ کریں۔ لہٰذا، دیکھ لیجئے کہ سوڈان نے جب اُنکے مطالبات کو تسلیم کیا اور مجاہدین کو نکال دیا، تو بھی اُس کی مشکلات ابھی تک ختم نہیں ہوئیں۔“

اور امریکی انتظامیہ نے ہر جگہ اسلام کے خلاف جنگ کا اعلان کیا اسی نے اس پہلے اپنے صلیبی حملے میں ساٹھ (۶۰) ہدف متعیّن کیئے تھے جن میں سے ستّائیس (۲۷) اہداف کی صراحت کی اور یہ اعلان (۷۔۷۔ ۱۴۲۲ھ) کو ہوا۔ اور یہ اہداف کہ جن کا تعیّن امریکی صدر بش نے (انسدادِ دہشت گردی (انسدادِ اسلام) کی جنگ میں کیا۔ اور اس جنگ کا یہ نام ریاستہائے متحدہ امریکا نے رکھا ہے۔

جن میں ۱۱ جماعتیں، ۱۲ اشخاص اور ۴ امدادی تنظیمیں ہیں۔ اور یہ جماعتیں افغانستان میں (القاعدہ) اور فلپائن میں (ابو سیاف کی جماعت)، الجزائر میں (الجماعۃ الاسلامیہ)، کشمیر میں (حرکۃ المجاہدین)، مصر میں (جماعۃ الجہاد)، ازبکستان میں (الحرکۃ الاسلامیہ)، لبنان میں (عصبۃ الانصار)، الجزائر میں (الجماعۃ السلفیۃ للدعوۃ والقتال)، لیبیا میں (الجماعۃ الاسلامیۃ)، صومالیہ میں (الاتحاد الاسلامی) اور یمن میں (جیش عدن أبین الاسلامی) ہیں۔

جبکہ اشخاص میں اُسامہ بن لادن، محمد عاطف، سیف العادل، الشیخ سعید، ابو حفص الموریطانی، ابن الشیخ اللیبی، ابو زبیدہ، عبد الہادی عراقی، ایمن الظواہری، ثروت صلاح شحاتہ، طارق انور، السیّد احمد اور محمد صلاح شامل ہیں۔

اور امدادی تنظیموں میں مکتب الخدمات / الکفاح، منظمہ وفاء الانسانیہ، الرشید ٹرسٹ اور مامون درکنزانالی شامل ہیں۔

یوں پہلے مرحلے ہی میں امریکا کی جانب سے ساٹھ (۶۰) اہداف متعیّن کرنا، اس بات کا واضح اعلان ہے کہ یہ صلیبی جنگ اسلام کے خلاف ہے۔ لہٰذا، انہوں نے کسی بھی غیر اسلامی سنّی جماعت یا تنظیم کا نام نہیں لیا بلکہ کسی غیر جہادی تنظیم کا بھی نہیں۔ جس سے پتہ چلتا ہے کہ اُنکی اس جنگ کے پہلے مرحلے میں جہادی تحریکوں، تنظیموں پر وار کرنا اور اُن شخصیتوں کا خاتمہ کرنا ہے کہ جو مجاہدین کے قائدین شمار ہوتے ہیں۔ اور ہو سکتا ہے اس کے بعد وہ اپنے ساٹھ (۶۰) اہداف کا اعلان کریں۔ جن میں علماء، مخصوص کمپنیوں اور دوسری امدادی تنظیموں کو شامل کیا جائے جبکہ یہ ایک لمبی فہرست ہے اور اُس

وقت تک ختم نہیں ہو گی حتیٰ کہ اسلام کو اُسکی جڑوں سے اُکھاڑ دیا جائے اور وہ ناکام ونامراد ہوں گے جبکہ اللہ تعالیٰ اپنے معاملے پر قادر ہے۔

لہٰذا، جو کوئی یہ کہتا ہے اُسامہ بن لادن کو امریکا کے حوالے کرنے سے اُمّت، اس جنگ سے بچ سکتی ہے، وہ ایسا غافل ہے کہ جو جنگ کی طبیعت کو نہیں سمجھتا۔ کیونکہ ہدف اکیلا اُسامہ بن لادن تو نہیں بلکہ ہدف اس سے زیادہ بڑا اور وسیع ہے۔ اصل ہدف اسلام اور خاص طور پر جہاد ہے۔ ساٹھ (٦٠) اہداف تو سالہا سال سے تیار کیئے گئے تھے اور وہ صلیبی (کفّار)، اُنکے خاتمے کے لیئے دن رات کام کر رہے تھے لیکن یہ کام خفیہ طور پر ہو رہا تھا، مگر اللہ تعالیٰ نے اُن کے نصیب میں یہ حملے کر دیئے کہ جن سے اُنکی عقلیں ختم ہو گئیں، جس کے سبب انہوں نے اپنی کچلیوں کو برہنہ کر دیا اور اپنے اہداف کا اعلان کر دیا۔

اور ایسا شخص بھی ناسمجھ ہے کہ جو یہ گمان کرتا ہے کہ اہداف کا تعیّن امریکا کی طرف سے ان حملوں کے فوراً بعد کیا گیا۔ ان ساٹھ (٦٠) اہداف کا اعلان امریکی وزیرِ دفاع کی جانب سے حملوں کے دوسرے روز ہوا تھا۔ اور یہ تو ممکن ہی نہیں کہ وہ ان اہداف کا تعیّن ایک یا آدھے دن میں کر سکیں۔

لہٰذا، اہداف کو نشانہ بنانے کی تو پہلے سے تیّاری تھی لیکن الحمد للہ کہ اللہ تعالیٰ نے اُنکی سازش کا پول کھول دیا، تو کیا یہ سادہ لوح لوگ اس جنگ کے حجم کو سمجھیں گے اور اپنی غفلت سے بیدار ہو کر اس دن کے لیئے اپنے خون پیش کریں گے؟ ہماری تو یہ تمنّا ہے کہ ایسا عنقریب ہو جائے۔

اسلام اور مسلمانوں کے خلاف صلیبی جنگ کا اعلان، یہ بش کے بیٹے جارج بش کی زبان کی کوئی پھسلن نہیں تھی بلکہ یہ تو اُس کی زبان اُس بارے میں پھسل گئی تھی کہ جو اُس کے اور امریکی انتظامیہ کے دل میں تھا۔ اور یہ در حقیقت (پروٹسٹنٹ) کا عقیدہ ہے جو کہ معرکہ ہرمجدون کی تیّاری ہے جو عالمی جنگ ہے جس میں اُنکے گمان کے مطابق بشریت کا تیسرا حصّہ فنا ہو جائے گا۔

اور جیسا کہ ڈاکٹر برہان گیلم نے کہا کہ امریکی وزیر دفاع نے اپنی وزارت پر وزیر متعیّن ہونے سے پہلے وزارتِ دفاع کے سامنے ایک منصوبہ رکھا کہ جس میں اُس نے خیر وشر کے درمیان جنگ کی ریہرسل (تیّاری) کا نقشہ بنایا، جس کے تحت معرکہ ہرمجدون بپا ہوگا۔

لہٰذا، موجودہ صلیبی جنگ حقیقت میں اسرائیل کی مطلق تائید اور اُسکے ساتھ کئی عشروں کے اتحاد سے شروع ہوئی تھی۔ اور پھر خلیج اور عراق پر حملہ ہوا اور لیبیا اور سوڈان پر پابندیاں۔۔۔ اور ۱۱ سال سے خلیج اور عراق پر کویت کی آزادی کے بہانے فوجی حملے ہورہے ہیں۔ درحقیقت یہی وہ بنیادی فوجی لہر تھی کہ جس نے عالمِ اسلام پر اپنا قبضہ مستحکم کیا۔

اس لیئے امریکا کبھی بھی کسی ایسے اسلامی نظام کو ہرگز نہیں چھوڑے گا کہ جو اُس کی اجارہ داری سے مستقل (علیحدہ) ہو۔ یوں (صلیبی حملے) کا نعرہ جو بش نے لگایا، وہ تمام تر باریک بینی سے امریکی اعتقاد اور اُسکی عقل وسوچ کا عکاس ہے۔ اور افغان پہاڑوں پر حملہ بلا شک وشبہ وسعت اختیار کرے گا تاکہ اس میں مزید اہداف شامل ہوں جبکہ انہوں نے ان میں سے ساٹھ (۶۰) اہداف کا اعلان کیا اور ستّائیس (۲۷) کا تعین بھی کردیا اور یہ سب اُمّتِ مسلمہ کو جھکانے کے لیئے ہے۔

بلاشبہ آج صلیبی جنگ کے خلاف ایک مقدّس جنگ چھڑ چکی ہے۔

اب جبکہ آنے والی جنگ کے آثار ظاہر ہوگئے ہیں اور یہ بات واضح ہوچکی ہے کہ یہ صلیبی جنگ (گرجے) سے لڑی جارہی ہے اور صلیبی، اسلام اور مسلمانوں کے خلاف اپنے فوجی حملے کے لیئے تیّار بیٹھے ہیں۔ اس لیئے ہر مسلمان کو جان لینا چاہیئے کہ جو کوئی بھی صلیبی صف میں کھڑا ہوا، وہ دائرہ اسلام سے خارج اور مرتد ہے خواہ وہ کوئی ایک فرد ہو یا جماعت یا فوجی حکمران ہو یا سیاسی حکمران۔ اور مسلمانوں پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ اس کے ساتھ مرتد والا معاملہ کریں کہ اُس سے توبہ کروائی جائے، اگر تو وہ توبہ کرلے تو ٹھیک ورنہ اُسے قتل کیا جائے۔

اور جو حکمران بھی مسلمانوں کے خلاف صلیبیوں کی مدد کرے، تو بلا شبہ وہ مرتد ہے اور مسلمان پر اُسے معزول کرنا واجب ہے۔ یاد رہے کہ (صلیبیوں) کی مدد کرنا ردّت کو لازم کرتا ہے خواہ یہ مدد جنگی ساز وسامان، اسلحے یا اس حملے کے لیئے اسلامی سرزمین یا فضاؤں کا استعمال ہو یا مالی مدد ہو یا تائید اور ابلاغِ عامّہ کی معنوی مدد ہو یا مسلمانوں پر دباؤ ڈالا جائے تاکہ وہ صلیبی مطالبات کو پورا کریں تاکہ وہ اس جنگ میں شکست سے دوچار ہوں۔

اور ہم فوجیوں کو خبردار کرتے ہیں کہ جنہیں امریکی فوجیں اس جنگ میں استعمال کریں گی جیسا کہ انہوں نے انہیں خلیج کی جنگ میں استعمال کیا تھا خواہ یہ جہازوں میں ایندھن بھرنے یا ساز وسامان کی درستگی یا جہازوں کی جاسوسی کرنا۔ بلا شبہ اُن (صلیبیوں) کی کسی قسم کی بھی مدد، چھوٹی ہو یا بڑی جیسے اُن کے ساز وسامان کی صفائی ستھرائی کرنا یا اُنکے لیئے خوراک کا بندوبست کرنا یا اُن کے ساتھ فضائی جاسوسی کے لیئے جانا یا اُنکی سیکورٹی کے لحاظ سے کوئی خدمت کرنا جیسے مجاہدین کا پیچھا کرنا اور اُنکی نقل وحرکت کی جاسوسی کرکے اُنکے بارے میں کسی بھی ملک کو معلومات دینا، یہ سب دائرہ اسلام سے خارج کر دینے والی (ردّت) شمار ہو گی۔

لہٰذا، ہر ایسے مسلمان فوجی کو خبردار ہو جانا چاہیئے ہے کہ جو ایسے اسلامی ملک میں رہتا ہے کہ جس کے حکمران ردّت پر راضی ہوئے اور انہوں نے امریکیوں کے ساتھ کھڑا ہونے کا عزم کر رکھا ہے اور انہوں نے کہا کہ:

آیت: ﴿۔۔۔ سَنُطِيعُكُمْ فِي بَعْضِ الْأَمْرِ ۔۔۔﴾

ترجمہ: "۔۔۔ ہم بھی عنقریب بعض کاموں میں تمہارا کہا مانیں گے، ۔۔۔۔" (سورۃ محمد۔۲۶)

لہٰذا، اُسے ردّت سے بچنا چاہیئے اور کسی مسلمان کو ان (حکمرانوں) سے دھوکا نہیں کھانا چاہیئے کیونکہ یہ تو اپنے لیئے (ردّت) پر راضی ہو چکے ہیں حالانکہ یہ معاملات بہت ہی زیادہ خطرناک ہیں۔

اور (خلیج تعاون کونسل) کے ملکوں نے ۵۔۷۔ ۱۴۲۲ھ بروز اتوار کے اپنے اجلاس میں یہ یقین دلایا ہے کہ وہ نیویارک اور واشنگٹن میں ہونے والے حملوں کے مرتکب افراد کے تعیّن کے سلسلے میں ریاستہائے متحدہ امریکا کی مدد اور اُس سے مکمّل تعاون کریں گے۔ اور کونسل نے اپنے اس بیان میں کہ جو سعودیہ کے شہر جدّہ میں چھ ملکوں کے وزرائے خارجہ کے ہنگامی اجلاس کے اختتام پر جاری ہوا میں کہا کہ:

"کونسل کے ارکان، دہشت گردانہ اعمال کے مرتکب افراد کے تعیّن اور انہیں انصاف کے کٹہرے میں لانے کے لیئے عالمی کوششوں کے ساتھ مل کر تعاون اور مدد کا یقین دلاتے ہیں۔"

اور اسی کی بنیاد پر پانچواں بحری بیڑہ منامہ کے پانیوں اتر گیا جبکہ کویت نے امریکی طیّاروں کے لیئے اپنے فضائی اڈّے کھولنے کی اجازت دے دی۔

اور ہر مسلمان کو جان لینا چاہیئے ہے کہ صلیبیوں کے خلاف اس جنگ میں اسلام اور مسلمانوں کا دفاع کرنا ہر مسلمان پر اُسکی استطاعت کے مطابق فرضِ عین ہو چکا ہے۔

اور جیسا کہ ابو داؤد وغیرہ میں انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا کہ:

"مشرکوں سے اپنے مالوں، اپنی جانوں اور اپنی زبان کے ساتھ جہاد کرو۔"

لہٰذا، ہر مسلمان جو ان اقسام میں سے کسی بھی قسم یا تمام اقسام کی قدرت رکھتا ہے، تو اُن (مشرکین) کے ساتھ جہاد کرے اور اس کا چھوٹی قسم پر عمل کرنا کفایت نہ کرے گا، اگر وہ بڑی قسم پر قدرت رکھتا ہو گو کہ مسلمانوں پر جہاد تو اسلام کی پہلی مملکت (الاندلس) کے کفّار کے ہاتھوں میں سقوط سے ہی متعیّن ہو چکا تھا۔ مگر آج اُس کا تعیّن مزید یقینی ہو گیا ہے کیونکہ یہ جنگ اسلام کے تمام شعبوں

اور ہر جگہ مسلمانوں کے خلاف بپا ہو رہی ہے۔ لہٰذا، اگر آج بھی مسلمان اپنے دین کے لیئے نہ اٹھے اور اللہ تعالیٰ کیلئے ثابت نہ کیا کہ وہ اس دین کے لیئے اپنی جانوں کو نچھاور کریں گے، تو میرا نہیں خیال کہ آج کے بعد اُن پر یہ واجب ہو۔ اور اگر ان حالات میں بھی جہاد فرضِ عین نہیں ہوا، تو میرا نہیں خیال کہ اس سے بھی زیادہ سخت حالات ہوں کہ جن میں جہاد فرضِ عین ہو!!!

لہٰذا، اے اللہ کے شہسوارو۔۔۔! سوار ہو جاؤ۔۔۔ اور اے مسلمانوں، اپنے دین کے دفاع اور اسے بچانے کے لیئے سب کے سب لپکو۔

اور جان لو کہ اسلام کے معاملے کے ظاہر ہونے اور اُس کے غلبے کی اس کے سوا اور کوئی صورت نہیں کہ وہ باطل سے ٹکرائے اور اسے میدانِ معرکہ میں چیلنج کرے۔ لہٰذا، جو کوئی بھی یہ گمان کرتا ہے کہ اسلام کا معاملہ کیسٹ یا کتاب یا دعوت یا پارلیمنٹ یا انتخابی پرچوں سے ظاہر ہو گا، تو بلاشبہ ایسا شخص جاہل، غافل ہے۔ اُسے کچھ پتہ نہیں کہ دین کیسے قائم ہوا تھا۔ بلاشبہ یہ دین تو صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اور اُنکی اولادوں کی کھوپڑیوں اور اُنکے جسموں کے چیتھڑوں سے قائم ہوا تھا۔

اور آخر میں ہمارے لیئے یہ بھی لازم ہو چکا ہے کہ جلد یا بدیر ہم میدانِ معرکہ میں کفر کا سامنا کریں تا کہ اللہ تعالیٰ اس دین کو غالب کرے۔

کیونکہ زمین میں قائم اللہ تعالیٰ کی سنّت کا تقاضا ہے کہ حق و باطل کے درمیان تہذیب وتمدّن، اصول واخلاق کے میدان میں معرکہ بپا رہے اور ان سب سے اہم معرکہ، میدان میں جسموں کا معرکہ ہے۔ اور اگر میدان کا معرکہ جو (جہاد) ہے اگر یہ اہم اور حق و باطل کے درمیان مرکزی معرکہ نہ ہوتا، تو اللہ تعالیٰ اس کے یہ تمام مخصوص فضائل واحکام کا ذکر نہ کرتے۔

لہٰذا، مطلق طور پر کوئی بھی کفایتی عبادت ایسی نہیں کہ جس کی فضیلت جہاد کی فضیلت سے بڑی ہو۔ بلکہ اس عبادت کی فضیلت اور اس کا اجر وثواب اکثر اوقات ایسے عینی فرائض سے بڑھ جاتا ہے کہ جو اس کے بغیر درست نہیں ہوتے۔ اور اس میں اس بات کی واضح دلالت ہے کہ اُمّت کی اس میدان

کے بغیر کوئی عزّت نہیں اور نہ اس عبادت کے بغیر اس کی کوئی عزّت ہے۔ اور کفر اور اسکے ماننے والوں سے لڑے بغیر اس کے معاملے کا غالب آنا ہی ممکن نہیں۔

اور حقیقت یہ ہے کہ اگر ہم نصوص (قرآن واحادیث کی دلیلوں) کو دیکھیں، تو ہمیں پتہ چلے کہ اس دین کے پھیلنے اور اسکی عزت وشرف کا اصل سبب جہاد ہی ہے۔ اور جس دن سے ہم نے اسے معطّل کیا، اُسی روز سے ہم پر دوسری قومیں ٹوٹ پڑیں۔ اور جس دن صلیبیوں نے محسوس کیا کہ مسلمانوں کے دلوں میں یہ عبادت پھر سے زندہ ہونا شروع ہوگئی ہے، تو اُسی روز سے شیطانی لشکر نے پکارا اور اپنے لشکروں کو اکھٹا کیا تاکہ اس عبادت کو اسکے آغاز میں ہی ختم کردے اور انہوں نے اسے (دہشت گردی) کا نام دے دیا۔ مگر اب اُن کے لیئے ایسا کیونکر ممکن ہے۔ اور شاید اللہ تعالیٰ نے ہمارے لیئے بہتری مقدّر کی کہ اس مقابلے کو ہمارے شعور کے بغیر ہی اس وقت مقرر کر دیا اور اسے مزید متأخر نہیں کیا۔ کیونکہ اُمّتِ مسلمہ تو ہر روز پستی اور انتشار کی طرف جارہی ہے۔ اور ہم نہیں جانتے کہ ان دنوں کے بعد اس کا کیا حال ہوگا۔

سنو۔۔۔! یہ جنگ ایسے وقت میں آئی کہ جب ہمارے پاس تھوڑا بہت جذبہ اور دینی التزام ہے۔ لہٰذا، بہتری اُسی میں ہوتی ہے کہ جو اللہ مقرّر کر دیتا ہے۔

اور اگر یہ جنگ اِن دنوں سے متأخر ہو جاتی، تو ہمیں مسلمانوں سے یہ مؤقف بھی نہ ملتا اگرچہ یہ مؤقف بھی غیر مقبول ہے۔

اُمّت اس وقت گہری نیند میں ہے جسے ایک طاقتور صدمے کی ضرورت ہے تاکہ یہ بیدار ہو اور اپنی اس ذلّت سے نکلے کہ جس میں وہ کئی عشروں سے رہ رہی ہے۔ اور شاید اب وہ فرصت آگئی ہے کہ جب اُمّت اپنی اس نیند سے بیدار ہو۔

بہر حال، اس بات کے قطع نظر کہ امریکا کے خلاف یہ کاروائیاں شرعاً جائز ہیں یا ناجائز اور کیا اسکے مفاسد اسکے فوائد سے بڑے ہیں یا نہیں، ہمارے نزدیک اب اہم بات یہ ہے کہ اس وقت صلیبی جنگ

کے طبل بج چکے ہیں اور یہ عنقریب شروع ہونے والی ہے، اگر اللہ تعالیٰ نے اُسے تقدیر میں لکھ رکھا ہے۔ اور اس جنگ کے شکار تو سرزمینِ افغانستان کے صرف معصوم لوگ ہی بنیں گے اور ہو سکتا ہے کہ پورے وسطی ایشیاء میں۔ لہٰذا، ان تمام چیخ وپکار اور دعوؤں میں مسلمانوں کا کیا مؤقف ہونا چاہیئے؟

مسلمانوں پر آج جہاد کا (شرعی) حکم

علماء کا اس بات پر اجماع ہے کہ جب کفّار، اسلامی ملکوں میں داخل ہو جائیں، تو اس صورت میں جہاد فرضِ عین ہو جاتا ہے کہ جس سے پیچھے رہنا جائز نہیں جبکہ اس سے قبل یہ فرضِ کفایہ تھا۔ اور اس اجماع کو تمام مذاہب کے تمام فقہاء نے نقل کیا ہے۔ اور دشمن تو کئی صدیوں سے اسلامی ملکوں میں داخل ہو چکا ہے۔ مگر ہم آج اُس (شرعی) حکم کی تاکید کر رہے ہیں کیونکہ آنی والی صلیبی جنگ ایک وسیع ترین اور سخت ترین جنگ ہو گی، جس کے لیئے پوری اُمّت کی ضرورت ہے۔

لہٰذا، احناف میں سے الکاسانی نے (بدائع الصنائع، ۷/۹۷) میں کہا کہ:

"اگر دشمن نے حملہ کیا اور جہاد میں نکلنے کی عام منادی ہوئی، تو یہ فرضِ عین ہو گا۔ مسلمانوں کے ہر اُس شخص پر فرض ہو گا کہ جو اس کی قدرت رکھتا ہو۔ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی وجہ سے:

آیت: ﴿انفِرُوا خِفَافًا وَثِقَالًا ۔۔۔﴾

ترجمہ: "نکل کھڑے ہو جاؤ ہلکے پھلکے ہو تو بھی۔۔۔۔" (سورۃ التوبہ۔ ۴۱)

کہا گیا کہ یہ عام نکلنے (نفیر) کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان کہ:

آیت: ﴿مَا كَانَ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ وَمَنْ حَوْلَهُم مِّنَ الْأَعْرَابِ أَن يَتَخَلَّفُوا عَن رَّسُولِ اللَّهِ وَلَا يَرْغَبُوا بِأَنفُسِهِمْ عَن نَّفْسِهِ ۚ ۔۔۔﴾

ترجمہ: ”مدینہ کے رہنے والوں کو اور جو دیہاتی ان کے گرد و پیش ہیں ان کو یہ زیبانہ تھا کہ رسول اللہ کو چھوڑ کر پیچھے رہ جائیں اور نہ یہ کہ اپنی جان کو ان کی جان سے عزیز سمجھیں، ۔۔۔۔“ (سورۃ التوبہ۔۱۲۰)

اور چونکہ عام منادی سے قبل ہی ایسا وجوب تو ثابت ہے کہ جس میں بعض کے اس پر عمل کرنے سے باقی لوگوں سے ساقط ہو جاتا ہے۔ لیکن جب نکلنے کی عام منادی ہو، تو پھر اس (فریضے) پر عمل صرف اسی صورت میں ہو گا کہ جب تمام لوگ نکلیں۔ لہٰذا، اس طرح یہ ہر ایک پر نماز اور روزہ کی طرح فرضِ عین ہو جائے گا کہ جس کے لیئے غلام اپنے آقا کی اجازت کے بغیر اور عورت اپنے شوہر کی اجازت کے بغیر نکلے گی۔ کیونکہ فرضِ عین عبادتوں کے لیئے غلام اور عورت کا فائدہ اُسکے آقا اور شوہر کی ملکیت پر مقدّم ہے جیسا کہ نماز، روزے میں ہے۔ اور اسی طرح لڑکے کے لیئے جائز ہے کہ وہ اپنے والدین کی اجازت کے بغیر نکلے کیونکہ والدین کا حق عینی فرائض پر غالب نہیں ہوتا جیسے نماز، روزے میں ہے۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔

مالکیوں میں سے:

ابن عبد البر نے اپنی کتاب (الکافی ۱/۲۰۵۱) میں فرمایا:

”یہ فرضِ عام متعیّن ہے ہر ایسے آزاد، بالغ پر کہ جو دفاع اور لڑائی کر سکے اور ہتھیار اُٹھا سکے۔ اور یہ اُس صورت میں ہو گا کہ جب دشمن کسی اسلامی ملک پر حملہ کرتے ہوئے اس میں داخل ہو جائے۔ اگر ایسا ہو جائے، تو اُس ملک کے رہنے والے تمام لوگوں پر جہاد واجب ہو جاتا ہے کہ وہ اٹھ کھڑے ہوں اور (دشمن کے مقابلے) کے لیئے نکلیں خواہ وہ ہلکے ہوں یا بوجھل، نوجوان ہوں یا بوڑھے اور اُن میں سے ایسا شخص پیچھے نہ رہے کہ جو نکلنے کی طاقت رکھتا ہو خواہ ساز و سامان رکھتا ہو یا خالی ہاتھ ہو اور اگر اس ملک کے لوگ دشمن کا مقابلہ کرنے سے عاجز آ جائیں، تو اُنکے قریب رہنے والوں اور پڑوسیوں پر واجب ہے کہ وہ

